★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایگزیکٹو حاجی ملک محمد وحید

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 16 | بدھ 17 ذوالحجہ 1447ھ، 3 جون 2026ء، 20 جیٹھ 2082ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 166

آئندہ ہفتے ایران سے معاہدہ ہو جائے گا جنگ بندی میں توسیع کی جائے گی ٹرمپ

معاہدے کے تحت آبنائے ہرمز کو دوبارہ آمدورفت کیلئے کھول دیا جائے گا ایران نے امریکا کو جنگ بندی پیغامات کا تبادلہ روکنے سے مطلع نہیں کیا

ایران نے امریکا کو جنگ بندی پیغامات کا تبادلہ روکنے سے مطلع نہیں کیا، پیغامات میں تعطل کا مطلب یہ نہیں کہ امریکا پھر ایران پر بم گرانا شروع کر دے گا

واشنگٹن، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ امریکی ٹی وی کو انٹرویو دے رہے ہیں

واشنگٹن (نیٹ نیوز) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ یقین ہے آئندہ ہفتے کے دوران ایران کے ساتھ معاہدہ ہو جائے گا، معاہدے کے تحت جنگ بندی میں توسیع کی جائے گی۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے امریکی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا معاہدے کے تحت آبنائے ہرمز کو دوبارہ آمدورفت کیلئے کھول دیا جائے گا۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے مزید کہا ایران نے امریکا کو جنگ بندی پیغامات کا تبادلہ روکنے سے (بقیہ نمبر 7)

صدر زرداری کی اٹلی کے صدر ور عوام کو یوم جمہوریہ پر مبارکباد

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے اٹلی کے صدر سرجیو میتاریلا اور اٹلی کے عوام کو یوم جمہوریہ پر مبارکباد دیتے ہوئے اس یقین کا اظہار کیا ہے کہ آنے والے برسوں میں پاکستان اور اٹلی کے (بقیہ نمبر 9)

ٹرمپ نے شدید تنقید کے بعد 1.8 بلین ڈالرز کا متنازع اینٹی ویپنائزیشن فنڈ معطل کر دیا

عرب میڈیا کے مطابق وائٹ ہاؤس نے تاحال باضابطہ اعلان نہیں کیا ہے

ٹرمپ کا یہ فیصلہ کانگریس میں ریپبلکن اور ڈیموکریٹ دونوں جماعتوں کی مخالفت کے بعد سامنے آیا، امریکی میڈیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے 1.8 ارب ڈالرز کے متنازع اینٹی ویپنائزیشن فنڈ کو شدید سیاسی اور قانونی دباؤ کے بعد عارضی طور پر معطل کر دیا۔ امریکی میڈیا کے مطابق صدر ٹرمپ کا یہ فیصلہ کانگریس میں ریپبلکن اور ڈیموکریٹ دونوں جماعتوں (بقیہ نمبر 8)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف پیش رفت کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

معاشی ترقی کیلئے صنعت و حرفت کا فروغ اور بیرونی سرمایہ کاری ناگزیر

وزیر اعظم

صنعتی مصنوعات کی ملکی پیداوار اضافے کے ساتھ ساتھ برآمدات بڑھانے کے لیے مؤثر پالیسی اقدامات حکومتی ترجیحات کا حصہ ہیں، صنعت و تجارت اور معیشت کے مختلف شعبہ جات میں اصلاحات کا مقصد طویل المدتی معاشی افادیت اور عوامی فلاح ہونا چاہئے۔

مستقبل کی توانائی کی ضروریات کو متبادل توانائی کے ذرائع سے پورا کرنے کے لیے جامع حکمت عملی پر بھرپور انداز میں کام ہو رہا ہے، توانائی کی بچت اور سستی ٹرانسپورٹ کی ملکی ضروریات پوری کرنے کے لئے جامع اور موثر الیکٹرک وہیکلز پالیسی وقت کی اہم ضرورت ہے

اسلام آباد: (نیٹ نیوز) وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت سرمایہ کاری میں اضافہ اور معیشت کی مجموعی ترقی کے لیے شعبہ جاتی اصلاحات اور پالیسی اقدامات پر جائزہ اجلاس ہوا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہا کہ (بقیہ نمبر 10)

سابق وزیراعظم اور چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی پہلی خاتون سے مصافحہ کرتے ہوئے

پاکستان کی بڑی نوجوان آبادی ایک اہم قومی اثاثہ ہے، رانا مشہود احمد

رانا مشہود کی کیون فری سی ای او جنریشن ان لمیٹڈ اور پرنیل آئرن سائیڈ کنٹری نمائندہ یونیسیف پاکستان سے ملاقات، مختلف امور پر غور

نوجوان نسل کی صلاحیتوں سے بھرپور استفادہ کرنے کے لیے مسلسل سرمایہ کاری اور مؤثر اقدامات ناگزیر ہیں، رانا مشہود

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام (پی ایم وائی پی) رانا مشہود احمد خاں نے وزیراعظم آفس میں جنریشن ان لمیٹڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر (سی ای او) کیون فری اور پاکستان میں یونیسیف کی کنٹری نمائندہ پرنیل آئرن سائیڈ سے ملاقات کی۔ (بقیہ نمبر 17)

وفاقی وزیر برائے مواصلات عبدالعلیم خان اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

چین میں سمندری ترقی و بلیوا کانومی سیمینار کا انعقاد، پاکستانی وفد کی شرکت

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں اقوام متحدہ کے ادارہ برائے خورا (بقیہ نمبر 18)

امریکا، خاندانی تنازع خونریز سانحے میں تبدیل، 6 افراد قتل، قاتل نے خودکشی کر لی

واشنگٹن (این این آئی) امریکی ریاست آئیووا میں خاندانی تنازع کے نتیجے میں فائرنگ کے واقعات میں 7 افراد (بقیہ نمبر 19)

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سوئی ماسٹر پلان سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان اور اٹلی کے درمیان سفارتی پاسپورٹ پر ویزے کی شرط ختم

پاکستان کے سفیر علی جاوید اور اٹلی کی وزارتِ خارجہ کے سیکرٹری جنرل، سفیر ریکارڈو گوارِیلیا نے حال ہی میں ایک ایسے معاہدے پر دستخط کئے

معاہدے پر دستخط کی پُر وقار تقریب اٹلی کی وزارتِ خارجہ میں روم میں منعقد ہوئی۔ تقریب سے قبل دونوں اعلیٰ حکام کے درمیان ون آن ون ملاقات ہوئی

روم (این این آئی) پاکستان کے سفیر علی جاوید اور اٹلی کی وزارتِ خارجہ کے سیکرٹری جنرل سفیر ریکارڈو گوارِیلیا نے حال ہی میں ایک ایسے معاہدے پر دستخط کیے ہیں جس کے تحت سفارتی پاسپورٹ رکھنے والے افراد کے لیے ویزا کی شرط ختم کر دی گئی ہے۔ اس معاہدے پر دستخط کی پُر وقار تقریب اٹلی کی وزارتِ خارجہ میں روم میں منعقد ہوئی۔ تقریب سے قبل دونوں اعلیٰ حکام کے درمیان ون آن ون ملاقات ہوئی۔ د (بقیہ

پاکستان کی چین کو چلغوزے کی برآمدات دو سال میں تقریباً دوگنا ہو گئیں

بیجنگ (این این آئی) چین میں اعلیٰ معیار اور غذائیت سے بھرپور خوراک کی بڑھتی ہوئی طلب کے پیشِ نظر پاکستانی چلغوز (بقیہ نمبر 13)

پنجاب میں مدارس ایک رجسٹریشن نظام کے تحت لانے کا فیصلہ

مالی و انتظامی ریکارڈ، غیر ملکی طلبہ اور فنڈنگ کی تفصیلات لازمی قرار دیا گیا

15 صفحات پر مشتمل فریم ورک، علماء سے مشاورت اور حلف نامہ بھی لازمی

لاہور (زیڈ این این) پنجاب بھر کے مدارس کو ایک ہی رجسٹریشن نظام کے تحت لانے کا فیصلہ کیا گیا ہے، جس کے تحت مدارس کی مالیات، انتظامی ڈھانچے، غیر ملکی طلبہ و اساتذہ (بقیہ نمبر 12)

گوادر کی عائدہ بلوچ نے چین سے فشریز میں پی ایچ ڈی مکمل کر لی

اسلام آباد (این این آئی) بلوچستان کے ضلع گوادر کے علاقے اورماڑہ سے تعلق رکھنے والی عائدہ بلوچ نے چین کی اوشن یونیورسٹی میں فشریز (ماہی گیری) کے شعبے میں اپنے ڈاکٹریٹ مقالے کا کامیابی سے دفاع کر لیا (بقیہ نمبر 14)

جنگ بندی کے دوران ایرانی فوجی صلاحیتوں میں اضافہ ہوا، پاسدارانِ انقلاب

مخالف فریق دوبارہ عسکری محاذ پر آتا ہے تو ایران کا ردعمل ماضی سے مختلف ہوگا، جنرل سردار مجبی

تہران (این این آئی) ایران کی پاسدارانِ انقلاب (آئی آر جی سی) کے ترجمان جنرل سردار مجبی نے کہا ہے کہ جنگ بندی کے دوران ایران کی عسکری اور آپریشنل صلاحیتوں (بقیہ نمبر 15)

بھارت، عیدالاضحیٰ پر قتل کے الزام میں مسلم نوجوان مقابلے میں ہلاک

قاتل نوجوان مفرور تھا اور اس کی گرفتاری پر 50 ہزار روپے انعام بھی مقرر تھا، پولیس

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی ریاست اتر پردیش میں عیدالاضحیٰ کے روز 17 سالہ لڑکے کے قتل کے الزام میں مسلم نوجوان کو پولیس نے رات گئے مقابلے میں ہلاک کر دیا (بقیہ نمبر 16)

پی آئی اے کا کارنامہ، ملتان کے حجاج کو جدہ چھوڑ کر روانہ، مسافروں کا احتجاج

ملتان (این این آئی) پی آئی اے کا ایک اور کارنامہ، پی آئی اے کی پرواز جدہ سے ملتان کے حجاج کو چھوڑ کر روانہ ہو (بقیہ نمبر 20)

گلگت بلتستان انتخابات، ق لیگ کی 10 امیدواروں کیساتھ انتخابی مہم تیز

گلگت (این این آئی) چودھری شجاعت حسین کی ہدایت پر پاکستان مسلم لیگ ق نے گلگت بلتستان میں 10 امیدواروں (بقیہ نمبر 21)

اسرائیل خود مختاری کا احترام کرتے ہوئے لبنانی حدود سے نکل جائے، پاکستان

اس کی خود مختاری اور علاقائی سالمیت کے احترام، فوری جنگ بندی اور اقوام متحدہ کی قرارداد پر مکمل عمل درآمد کا مطالبہ کیا ہے، جس میں اسرائیل کی بلیو لائن تک مکمل واپسی بھی شامل ہے

اسرائیل اور لبنان کے درمیان جنگ بندی کے انتظامات اور براہ راست بات چیت کے باوجود، لبنان میں سکیورٹی اور انسانی صورت حال انتہائی تیزی سے بگڑ رہی ہے

نیویارک (این این آئی) پاکستان نے لبنان کی صورت حال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اس کی خود مختاری اور علاقائی سالمیت کے احترام، فوری جنگ بندی اور اقوام متحدہ کی قرارداد پر مکمل عمل درآمد کا مطالبہ کیا ہے، جس میں اسرائیل کی بلیو لائن تک مکمل واپسی بھی شامل ہے۔ ان خیالات کا اظہار اقوام متحدہ میں مستقل پاکستانی مندوب عاصم افتخار احمد نے لبنان کی صورت حال پر سلامتی کونسل کے ہنگامی اجلاس کے دوران کیا۔ پاکستانی مندوب عاصم افتخار نے کہا کہ اسرائیل اور لبنان کے درمیان جنگ بندی کے انتظامات اور براہ راست بات (بقیہ نمبر 22)

محکمہ تعلیم سندھ نے بجٹ تجاویز حکومت کو ارسال کر دیں

وزیر اعلیٰ سندھ سے درخواست کی ہے کہ تعلیم کے موجودہ بجٹ میں کٹوتی نہ کی جائے، وزیر تعلیم

کراچی (این این آئی) محکمہ تعلیم سندھ نے اپنی بجٹ تجاویز حکومت کو ارسال کر دیں۔ محکمہ تعلیم سندھ کے حکام کے مطابق عالمی دنیا میں جنگی صورتحال کے باعث ملکی معیشت (بقیہ نمبر 23)

لاہور ایئرپورٹ سے اغوا ہونیوالی سوئس نیشنل خاتون بازیاب، ملزم پکڑے گئے

لاہور (این این آئی) لاہور ایئرپورٹ سے اغوا ہونے والی سوئس نیشنل خاتون بازیاب کرا لیا گیا اور ملزموں کو بھی گرفتار کر لیا گیا۔ صوفیہ ماریہ ملرا امریکا سے ترکش ایئرلائن کے ذریعے لاہور پہنچی تھی، تھانہ سرور روڈ پولیس نے نیپالی نیشنل (بقیہ نمبر 24)

قذافی اسٹیڈیم زیرو ویسٹ زون قرار، صفائی کے خصوصی انتظامات مکمل

پاکستان آسٹریلیا ون ڈے کے لیے 250 سے زائد ورکرز صفائی آپریشن میں مصروف

واٹر باؤزرز اور مکینیکل سویپرز کے ذریعے اسٹیڈیم اور اطراف کی مسلسل صفائی جاری

لاہور (زیڈ این این) پاکستان اور آسٹریلیا کے درمیان ون ڈے سیریز کے دوسرے میچ کے موقع پر قذافی اسٹیڈیم کو (بقیہ نمبر 25)

گلگت، مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف عوامی جلسے سے خطاب کر رہے ہیں

پنجاب حکومت 50 ہزار الیکٹرک بائیکس اور 5 ہزار ای ٹیکسیاں فراہم کرنے کا فیصلہ

الیکٹرک بائیکس اور ای ٹیکسیوں کی بلاسود فراہمی کی تجویز کو آئندہ بجٹ میں شامل کرنے کی منظوری دے دی گئی

ای ٹیکسی اسکیم کے تحت مستحق افراد کو آسان اقساط اور بلاسود فنانسنگ کی سہولت فراہم کی جائے گی، بلال اکبر خان

لاہور (زیڈ این این) پنجاب حکومت نے طلبہ اور بے روزگار نوجوانوں کے لیے اہم اقدام کرتے ہوئے آئندہ مالی سال میں 50 ہزار الیکٹرک بائیکس اور 5 ہزار الیکٹرک ٹیکسیاں بلاسود فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ حکومتی ذرائع کے مطابق الیکٹرک بائیکس اور (بقیہ نمبر 37)

گلگت بلتستان سی پیک کا مرکز ہے ووٹ ملے سہولیات فراہم کروں گا

نواز شریف

کسی پارٹی نے یہاں کسی منصوبے کی اینٹ بھی نہیں لگائی جس جی بی کو میں سینے سے لگا کر رکھتا تھا، ایئرپورٹ کے باہر اس کی سڑکوں کا حلیہ دیکھا تو افسوس ہوا

میں وہ نواز شریف ہوں جو کسی کی برائی یا تنقید کر کے ووٹ نہیں مانگتا، ہم اپنی کارکردگی کی بنیاد پر ووٹ مانگتے ہیں، میرا دل روتا ہے: صدر (ن) لیگ کا خطاب

گلگت (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف نے کہا ہے کہ گلگت بلتستان سی پیک کا مرکز ہے، کسی پارٹی نے یہاں کسی منصوبے کی اینٹ بھی نہیں لگائی، جس جی بی کو میں سینے سے لگا کر رکھتا تھا، گلگت بلتستان میں منصوبے شروع ہوتے ہیں اور ختم ہونے کا نام نہیں لیتے، ہمارے علاوہ کسی جماعت نے ادھر کام نہیں کیا، یہاں کی سڑکوں کا حال دیکھ کر بہت دکھ ہوتا (بقیہ نمبر 28)

شوکت یوسفزئی کی پی ٹی آئی رہنماؤں کے ناراض ہونے کی تصدیق

اسلام آباد (این این آئی) شوکت یوسفزئی نے پی ٹی آئی رہنماؤں کے ناراض ہونے کی تصدیق کر دی۔ رہنما تحر (بقیہ نمبر 26)

پنجاب میں بارشوں، آندھی اور ژالہ باری کا الرٹ جاری

پی ڈی ایم اے نے آج سے 5 جون تک مختلف اضلاع میں پیشگوئی کر دی

لاہور (زیڈ این این) صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) پنجاب نے آج سے 5 جون تک صوبے کے بیشتر اضلاع میں بارشوں، آندھی اور بعض (بقیہ نمبر 27)

پنجاب میں ڈرون پر پابندی میں 30 روز کی توسیع، دفعہ 144 برقرار

سکیورٹی خدشات کے پیش نظر کھلی فضا میں ڈرون استعمال مکمل طور پر ممنوع قرار دیدیا گیا

لاہور (زیڈ این این) حکومت پنجاب نے صوبے بھر میں دفعہ 144 کے نفاذ میں توسیع کرتے ہوئے کھلی فضا میں ڈرون اُڑانے پر عائد پابندی کو مزید 30 روز کے لیے (بقیہ نمبر 29)

شانگلہ، کچے مکان کی چھت گرنے سے 6 بچے جاں بحق، ایک کو زندہ نکال لیا گیا

شانگلہ (این این آئی) شانگلہ کے علاقے رحیم آباد باسی میں کچے مکان کی چھت گر گئی جس کے نتیجے میں چھ بچے جاں بحق (بقیہ نمبر 30)

لہہ ایپکس باڈی کا بھارتی وزارتِ داخلہ کے ساتھ یکطرفہ ترمیم شدہ معاہدے پر دستخط سے انکار

لہہ (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر کے خطے لداخ کے ضلع لہہ کی نمائندہ سول سوسائٹی تنظیم (بقیہ نمبر 31)

راولپنڈی: وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا احمد سہیل خان آفریدی آڈیالہ جیل کے باہر عمران خان کی بہنوں فیملی سمیت پاکستان تحریک انصاف کے اراکین پارلیمنٹ اور کارکنوں کے ہمراہ موجود ہیں

آپریشن بلیو سٹار، چار دہائیوں بعد بھی سکھ برادری کے زخم تازہ، انصاف کے مطالبات برقرار

نئی دلی (این این آئی) دنیا بھر میں سکھ برادری جون 1984 میں (بقیہ نمبر 32) گولڈن

لاہور: صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ مون سون کے حوالے سے محکمہ سی اینڈ ڈبلیو کی پیشگی تیاریوں کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان کیمیکل ایکسپو 2026، 5 سے 6 جون لاہور میں منعقد ہوگی

ایکسپو سینٹر لاہور میں صنعتی ترقی اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع اجاگر ہوں گے، فہیم الرحمٰن سہگل

کیمیکل انڈسٹری کی صلاحیت، برآمدات اور ٹیکنالوجی پر اعلیٰ سطحی سیشنز شامل ہوں گے، خطاب

لاہور (زیڈ این این) پاکستان کیمیکل مینوفیکچررز ایسوسی ایشن نے پاکستان کیمیکل ایکسپو 2026 کے باضابطہ انعقاد کا اعلان کیا ہے، جو 5 اور 6 جون 2026 کو لاہور ایکسپو سینٹر میں منعقد ہوگی۔ یہ اہم صنعتی ایونٹ پاکستان کی کیمیکل انڈسٹری کی صلاحیتوں کو اجاگر کرے گا، جو معاشی ترقی، صنعتی جدت اور عالمی منڈیوں سے روابط کے فروغ میں کلیدی کردار ادا کرنے والا شعبہ سمجھا جاتا ہے۔ اس حوالے سے لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں ایک پریس (بقیہ نمبر 34)

غیر استعمال شدہ بجلی یونٹس کی مد میں کھربوں روپے کی وصولی چیلنج

لاہور (این این آئی) غیر استعمال شدہ بجلی یونٹس کی مد میں کھربوں روپے کی وصولی کو لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا گیا۔ درخواست میں نیپرا، وفاقی حکومت سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا ہے۔ ہائیکورٹ میں دائر (بقیہ نمبر 36)

امریکی حملے کے بعد ایران نے بھی عراقی سمندر کے قریب جہاز پر کروز میزائل داغ دیا

صہیونی حکومت اور امریکی افواج کو خبردار کرتے ہیں، یہ لوگ باخوبی جانتے ہیں کہ یہ کھوکھلی دھمکی نہیں ہے، ایران فوجی جواب دینے کے لیے مکمل طور پر تیار ہے۔ ایران پارلیمنٹ نیشنل سکیورٹی کمیٹی

عراقی سمندری حدود کے قریب امریکا اور اسرائیل سے تعلق رکھنے والے جہاز پر کروز میزائل سے حملہ کیا ہے جس سے جہاز پر دھماکا ہوا ہے۔ پاسدارانِ انقلاب

تہران (نیٹ نیوز) ایرانی کمرشل جہاز پر امریکی حملے کے بعد ایران نے جوابی کارروائی کر دی۔ پاسدارانِ انقلاب کے مطابق عراقی سمندری حدود کے قریب امریکا اور اسرائیل سے تعلق رکھنے والے جہاز پر کروز میزائل سے حملہ کیا ہے جس سے جہاز پر دھماکا ہوا ہے۔ پاسدارانِ انقلاب نے خبردار کیا ہے کہ آئندہ کسی بھی حملے کا فیصلہ کُن جواب دیں گے۔ دوسری جانب ایرانی پارلیمنٹ کی نیشنل سکیورٹی کمیٹی کے سربراہ ابراہیم عزیزی کا کہنا ہے کہ لبنان پر حملے بند نہ ہوئے تو سنگین نتائج ہوں گے۔ انہوں نے کہا ہے کہ صہیونی حکومت اور امریکی افواج کو خبردار کرتے ہیں، یہ لوگ باخوبی جانتے ہیں کہ یہ کھوکھلی دھمکی نہیں ہے، ایران فوجی جواب دینے کے لیے مکمل طور پر تیار ہے۔

اپنی چھت اپنا گھر پروگرام، 1 لاکھ سے زائد گھروں کی تعمیر مکمل

208 ارب روپے کے بلاسود قرضوں سے ہزاروں خاندانوں کو رہائشی سہولتیں فراہم

وزیر ہاؤسنگ کی پروگرام کو مزید وسعت دینے اور نئے اہداف مکمل کرنے کی ہدایت

لاہور (زیڈ این این) وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ بلال یاسین کوڈی جی پھاٹا سکندر ذیشان نے "اپنی چھت، اپنا گھر" پروگرام کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی، جس میں قرضوں کی تقسیم، مکمل شدہ گھروں اور زیر التواء درخواستوں سے متعلق اعداد و شمار کا جائزہ (بقیہ نمبر 35)

لاہور: ٹاؤن ہال میں کھلی کچہری کے دوران پولیس افسران سائلین کے مسائل سن رہے ہیں

پاکستان سے چین تک موٹروے، منصوبہ مراحل میں مکمل ہوگا، وزیر وفاقی مواصلات

مانسہرہ کاغان، ناران، جھالکنڈ اور چلاس موٹروے پہلے بنے گی؛ عبدالعلیم خان کی گفتگو

یہ موٹروے شاہراہ قراقرم کا متبادل، گوادر اور کراچی کی بندرگاہیں مغربی چین سے منسلک ہوں گی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزارت مواصلات مانسہرہ، کاغان، ناران، جھالکنڈ اور چلاس پر مشتمل نئی اور جدید موٹروے کی تعمیر کرے گی جو شاہراہِ قراقرم کے متبادل کے طور پر ایک بہترین اور محفوظ راستہ فراہم ہوگا جبکہ اس اہم متبادل روٹ کی وجہ سے شاہراہِ قراقرم کا موجودہ سفر 120 کلومیٹر تک کم ہو جائے گا۔ اس امر کا اظہار وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے نیشنل ہائی وے اتھارٹی کے اعلیٰ سطح کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے بتایا کہ ایم این جے سی موٹروے کی کل لمبائی 172 کلومیٹر ہوگی۔ وفاقی وزیر مواصلات کے مطابق یہ منصوبہ دو مراحل میں مکمل کیا جائے گا جس کے پہلے فیز میں موٹروے مانسہرہ سے کاغان، ناران اور بابوسر ٹاپ تک بنائی جائے گی جبکہ دوسرے مرحلے میں اس منصوبے کو بابوسر ٹاپ سے چلاس تک مکمل کیا جائے گا۔ اس منصوبے کی سب سے بڑی خاصیت 13.5 کلومیٹر طویل بابوسر ٹنل کی تعمیر (بقیہ نمبر 33)

محکمہ بلدیات پنجاب، دو افسران کے تبادلے و تقرری

سہیل اشرف گوندل اور پارس زبیر کی خدمات ایم سی ایل کے سپرد کر دی گئیں، حکام

دونوں افسران پہلے بھی بلدیہ عظمیٰ لاہور کے مختلف زونز میں فرائض انجام دے چکے

لاہور (زیڈ این این) محکمہ بلدیات پنجاب نے لوکل گورنمنٹ سروس ایڈمنسٹریٹو فنکشنل یونٹ گریڈ 17 کے دو افسران کی خدمات مزید تقرری کے لیے ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن لاہور کے سپرد کر دی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق سہیل اشرف گوندل اور پارس زبیر کی خدمات ایم سی ایل کے حوالے کی گئی ہیں۔ دونوں افسران اس سے قبل بھی بلدیہ عظمیٰ لاہور کے مختلف زونز میں فرائض انجام دے چکے ہیں۔ محکمہ کے مطابق یہ تبادلے انتظامی ضروریات اور بہتر ورکنگ کو یقینی بنانے کے لیے کیے گئے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز

ایران کے ساتھ معاہدہ "آئندہ ایک ہفتے کے دوران" طے پا سکتا ہے، ڈونلڈ ٹرمپ

واشنگٹن (شہوا) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ انہیں یقین ہے کہ امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ بندی میں توسیع اور آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے کے حوالے سے معاہدہ "آئندہ ایک ہفتے کے دوران" طے پا جائے گا۔ جب ان سے پوچھا گیا کہ دونوں فریقوں کے درمیان مفاہمتی یادداشت کب طے پائے گی تو ٹرمپ نے اے بی سی نیوز کو بتایا کہ میرا خیال ہے کہ یہ آئندہ ایک ہفتے کے دوران طے پا جائے گی۔ ٹرمپ نے کہا کہ انہوں نے ابھی تک اس اتفاق کو نہیں کیا کیونکہ انہیں مزید چند امور طے کرنا ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایران کے ساتھ امن معاہدہ فوری طور پر تو نہیں ہو سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ان کے لئے آسان معاملہ نہیں ہے۔ درحقیقت ہماری جانب سے بھی یہ آسان نہیں لیکن ہم دوسب حاصل کر رہے ہیں جو ہمیں درکار ہے۔ اس سے قبل بیر کے روز ٹرمپ نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر کہا تھا کہ امریکہ اور ایران کے درمیان مذاکرات تیزی سے جاری ہیں۔ یہ بیان انہوں نے اس اعلان کے بعد دیا ہے کہ اسرائیل اور حرب اللہ جنگ بندی پر متفق ہو گئے ہیں۔

چین کے سکیانگ اور جرمنی کے درمیان پہلے براہ راست مسافر فضائی روٹ کا آغاز

ارمچی (شہوا) چائنہ سدرن ایئرلائنز کی ایک نئی سروس نے کام شروع کر دیا ہے جو چین کے جنوبی شہر گوانگ ڈونگ، ڈونگ مغربی شہر ارمچی اور جرمنی کے شہر مفرنکفرٹ کو آپس میں ملاتی ہے۔ یہ چین کے شمال مغربی سکیانگ ویغور خودمختار علاقے سے جرمنی کے لئے پہلا براہ راست بین الاقوامی مسافر فضائی روٹ ہے۔ ایئرلائن کے مطابق اس روٹ کے ذریعے علاقائی دارالحکومت ارمچی کو فرنکفرٹ کے لئے ہفتے میں دو بار چلنے والی بین البراعظمی پرواز کا ایک اہم پڑاؤ بنا دیا گیا ہے جبکہ ارمچی سے فرنکفرٹ تک کا سفر تقریباً 8 گھنٹے میں مکمل ہوگا۔ وسطی یورپ کا سفر کرنے والے سکیانگ کے مسافروں کے لئے نئی سروس مجموعی سفر کے وقت میں 10 گھنٹے سے زیادہ کی کمی کا باعث ہے کیونکہ اس سے پہلے انہیں اکثر بیجنگ، شنگھائی یا گوانگ ڈونجیے شہروں سے ہو کر جانا پڑتا تھا۔ چائنہ سدرن ایئرلائنز کے مطابق یہ روٹ بیر اور جمعہ کے روز بوئنگ 787-9 وائیڈ باڈی طیارے کے ذریعے چلایا جاتا ہے جو طرفہ پروازوں میں ہر ہفتے تقریباً 600 نشستیں فراہم کرتا ہے۔ ایئرلائن کی سکیانگ برانچ کے ایک اہلکار کا کہنا ہے کہ یہ روٹ چین اور یورپ کے درمیان تجارت، سیاحت اور عوامی روابط کو بڑھانے میں مدد گار ثابت ہوگا خاص طور پر ایسے وقت میں جب چین نے جرمن شہریوں کے لئے ٹیکس فری ویزا جاری کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ سکیانگ ایئر پورٹ گروپ نے بتایا کہ سکیانگ مغرب کی جانب سے چین کے کھلنے کے لئے ایک گیٹ وے کے طور پر اپنے کردار کو مسلسل بڑھا رہا ہے۔ اس ضلع میں اب 28 ہوائی قاعدہ بین الاقوامی مسافر فلائٹس اور 31 بین الاقوامی کارگو روٹس ہیں جو اسے وسطی ایشیا، مغربی ایشیا اور یورپ سے ملاتے ہیں۔

چینی ماہرین صحت کی تنزانیہ میں طلبہ کو بیماریوں سے بچاؤ کے بارے میں آگاہی کی فراہمی

دارالسلام (شہوا) تنزانیہ کے شہر ڈھیسا میں چینی کے تعاون سے جاری شسلو سوہیا کس کی رو کے تھام کے منصوبے کے ماہرین کی ٹیم اور ڈھیسا میں تعینات 35 ویں چینی طبی ٹیم کی ہیلتھ ایجوکیشن ٹیم مشترکہ طور پر بیماریوں سے کیلئے کمیونٹی سطح میں صحت سے متعلق آگاہی، علمی معائنے اور عملیات کی سرگرمیوں کا انعقاد کیا۔ اس تقریب میں 500 سے زائد اساتذہ اور طلبہ نے شرکت کی۔ شسلو سوہیا کس کی رو کے تھام کے ماہرین نے طلبہ اور اساتذہ کو بیماری کے پھیلاؤ کے طریقوں، اہم علامات اور حفاظتی تدابیر سے آگاہ کیا جبکہ چینی میں عام بیماریوں کی روک تھام اور کنٹرول کے بارے میں بھی معلومات فراہم کیں۔ اس دوران چینی طبی ٹیم نے بنیادی صحت کے معائنے کی خدمات فراہم کیں جن میں قد، وزن اور بلڈ پریشر کی جانچ، منہ اور دانتوں کا معائنہ، بینائی کے ٹیسٹ اور ریپڈ ٹیسٹوں کی جانچ شامل تھی۔ چینی ماہرین صحت نے شرکاء کو بہتر ہیت دی۔

کابینہ پولیس نے خاتون سے زیادتی کے الزام میں جعلی پیر کو گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) کابینہ پولیس نے خاتون سے زیادتی کے الزام میں جعلی پیر کو گرفتار کر لیا ترجمان کے کابینہ پولیس نے بیوہ مسز ایلی جین کی مدد سے کارروائی کرتے ہوئے خاوند کو فرار کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزم ظاہر شاہ چیدہ وڈیل ایک خاتون کو ورغلا کر اس کے ساتھ زیادتی کی تھی۔ ملزم علاقے میں اپنا خاتمہ بطور پیر کروا تا تھا اور مزید خواتین کو اپنا شکار بناتا تھا۔ ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔ ملزم کا ریمانڈ حاصل کر لیا گیا ہے۔ مزید تفتیش جاری ہے۔

اسسٹنٹ کمشنر پرور شاء شرافت نے پرور میں مختلف امتحانی مراکز کا دورہ کیا

پرور شاء شرافت نے پرور کے مختلف امتحانی مراکز کا دورہ کیا اور جاری امتحانات کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران امتحانی عمل، سکیورٹی انتظامات، صفائی ستھرائی اور طلبہ کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا معائنہ کیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ امتحانات کے شفاف، منظم اور پرامن انعقاد کو ہر صورت یقینی بنایا جائے تاکہ امیدواروں کو بہترین اور سازگار ماحول میسر آ سکے۔

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر

اے سی پسرور ثناء شرافت کی زیر نگرانی ڈسکہ روڈ پر عارضی انسداد تجاوزات آپریشن کیا گیا

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید) اے کی پسرور ثناء شرافت کی زیر نگرانی ڈسکہ روڈ پر

عارضی انسداد تجاوزات آپریشن کیا گیا۔ پیرا فورس نے ٹریفک پولیس نفر کے ہمراہ بڑا

اکبر ہوٹلز اینڈ ریزارٹ کے زیر اہتمام قومی بجٹ کے حوالے سے اہم تنظیمی اجلاس منعقد ہوا جس میں مہنگائی، ٹیکسز اور عوامی مسائل پر تفصیلی مشاورت کی گئی۔ اجلاس میں معاشی ماہرین، تاجروں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کے ساتھ پرکی بجٹ سیمینار کے انعقاد پر بھی فوری کیا گیا کہ حکومت کو ہام دوست تجاویز پیش کی جاسکیں۔ اس موقع پر ڈپٹی سیکرٹری جنرل غلام قادر، جنرل سیکرٹری لاہور چوہدری حمید الحسن نے کہا کہ حکومت بجٹ میں مہنگائی میں کمی اور بنیادی اشیائے ضروریہ پر فوری ریلیف دینے کا پابند ہے۔ پرکی بجٹ کو ریلیف بنائے کیونکہ بڑھتی مہنگائی نے عوام کی زندگی مشکل بنا دی ہے۔ پی پی سیکرٹری جنرل نے کہا کہ بجلی، گیس اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی سے عوام اور صنعت دونوں کو ریلیف مل سکتا ہے۔ جنرل سیکرٹری چوہدری حمید الحسن نے کہا کہ ٹیکسوں کے بجائے برآمدات، روزگار اور کاروبار کے فروغ پر توجہ دی جائے اور غریب، مزدور اور تنخواہ دار طبقے کیلئے خصوصی ریلیف پیکج شامل کیا جائے۔ رہنماؤں نے کہا کہ اگر حکومت نے عوامی مسائل کو ترجیح دی تو یہی بجٹ معیشت کی بہتری اور عوامی اعتماد کی بحالی کا سبب بن سکتا ہے۔

مرکزی مسلم لیگ کے رہنماؤں کا قومی بجٹ کو عوام دوست بنانے کا مطالبہ

لاہور میں ایم این اے سیف کھوکھر، صدر لاہور میڈیم زمرد کو بیلنٹ کو آرڈینیٹر کا ٹیلیفیشن دے رہے ہیں (فوٹو نصیر مغل)

تھانہ موچی گیٹ پولیس کا گٹکا مافیا کے خلاف کریک ڈاؤن، 2 ملزمان گرفتار

لاہور (کرائم رپورٹر) تھانہ موچی گیٹ پولیس کا گٹکا مافیا کے خلاف کریک ڈاؤن ASI عنصر چدھڑ نے کریک ڈاؤن کرتے ہوئے انی پان شاپ بیٹل بازہ مارکیٹ پر چھاپہ مار کر ملزمان افتخار مشتاق ولد مختار احمد سکنہ شبلی ٹاؤن بند روڈ اور علی ولد دلشاد حسین سکنہ شبلی ٹاؤن بند روڈ سے ہزاروں روپے مالیت کے مضر صحت مال برامد حوا گرفتار کر لیا

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صبا اصغر علی کا شہر میں جاری بیوٹیفیکیشن اور ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صبا اصغر علی نے شہر میں جاری مختلف بیوٹیفیکیشن اور ترقیاتی منصوبوں کا دورہ کیا اور کاموں کی رفتار، معیار اور پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر متعلقہ محکموں کے افسران بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے پیرن روڈ کا دورہ کرتے ہوئے دیواروں پر بنائے گئے آرٹ ورک اور نقش و نگار، روڈ کے اطراف شجرکاری، لیس اور لائن مارکنگ اور سائن بورڈز کی تنصیب کا معائنہ کیا۔ انہوں نے شہریوں کو خوبصورت، منظم اور محفوظ ماحول کی فراہمی کے لیے درختوں اور کوبلز کی تنصیب کے حوالے سے متعلقہ حکام کو ضروری ہدایات جاری کیں اور جاری کاموں کے معیار اور رفتار کو مزید بہتر بنانے پر زور دیا۔ بعدازاں ڈپٹی کمشنر نے اقبال لائبریری پیرن روڈ کا دورہ کیا اور جاری تزئین و آرائش کے منصوبے کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ترقیاتی کاموں کی رفتار اور معیار کا معائنہ کرتے ہوئے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام منصوبے مقررہ تاریخ الآن کے مطابق عمل کے جائیں اور تعمیراتی معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے تاکہ شہریوں کو بہتر سہولیات اور خوشگوار ماحول فراہم کیا جاسکے۔

ایس پی سٹی عاطف امیر نے تھانہ اسلام پورہ کا سرپرائز وزٹ کیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ایس پی سٹی عاطف امیر نے تھانہ اسلام پورہ کا سرپرائز وزٹ کیا اور تھانے میں سکیورٹی انتظامات، ایس ڈی پی او، ایس ڈی پی او پیرن اور ایس ایچ او تھانہ اسلام پورہ کی موجود سالیس کے مسائل سنے اور ان کے فوری حل کے لیے متعلقہ افسران کو ضروری احکامات جاری کیے۔ انہوں نے خوالاب کا اسلامی محاسبہ کیا اور سکیورٹی پر، ماہر ہلاکاروں کو ہر وقت چوکس اور الرٹ رہنے کی ہدایت کی۔ ترجمان پولیس کے مطابق متعلقہ محکموں کو باہمی رابطے اور مؤثر کوآرڈینیشن کے ذریعے منصوبے کی بروقت تکمیل اور اعلیٰ معیار کو یقینی بنانے کی تلقین کی گئی۔ انہوں نے ترقیاتی کاموں کی رفتار اور معیار کا معائنہ کرتے ہوئے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ منصوبے مقررہ تاریخ الآن کے مطابق مکمل کرنے کی ہدایت کی تاکہ شہریوں کو بہتر تعلیمی اور صحافتی سہولیات میسر آسکیں۔ ڈپٹی کمشنر صبا اصغر علی نے اقبال منزل و الائیڈ بازار بیوٹیفیکیشن پراجیکٹ پر جاری کام کا بھی تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ پراجیکٹ کا بھی جائزہ لیا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام منصوبے مقررہ تاریخ الآن کے مطابق عمل کے جائیں اور تعمیراتی معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے تاکہ شہریوں کو بہتر سہولیات اور خوشگوار ماحول فراہم کیا جاسکے۔

چوکی بیگم کوٹ پولیس نے جنرل ہسپتال سٹاپ سے لاپتہ ہونے والے 6 سالہ علی حسن کو تلاش کر کے والدین کے حوالے کر دیا

لاہور (کرائم رپورٹر) چوکی بیگم کوٹ پولیس نے جنرل ہسپتال سٹاپ سے لاپتہ ہونے والے 6 سالہ علی حسن کو تلاش کر کے والدین کے حوالے کر دیا۔ ترجمان کے مطابق علی حسن گلشن کے مینڈوا ٹیشن سے بیگم کوٹ چوکی پہنچ گیا تھا۔ ایس ایچ او چوکی بیگم کوٹ کے اس کے ورثائی کا سلہ دالیخت جگر کے بحفاظت ملنے پر والدین نے پولیس کا شکریہ ادا کیا اور دعا بھی دی۔

یوایو ٹی لاہور میں طلبہ سوسائٹیز کے صدور کی وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد منیر سے ملاقات

طلبہ سوسائٹیز کے صدور کا وائس چانسلر یوایو ٹی ڈاکٹر شاہد منیر سے ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

ترقیاتی منصوبوں، طلبہ فلاح و بہبود اور تعلیمی بہتری کے متعدد اقدامات کا اعلان

اجلاس میں رجسٹرار محمد آصف، ڈی ایس اے ڈاکٹر آمنہ نیازی، پی آر او ڈاکٹر تنویر قاسم اور میڈیا کنسلٹنٹ مدیحہ اقبال شامل

طلبہ سوسائٹیز یونیورسٹی کے ہم نصابی ماحول کو فعال اور موثر بنانے میں بنیادی کردار ادا کرتی ہیں ۔ پروفیسر ڈاکٹر شاہد منیر

لاہور (خبر نگار) یو ای ٹی لاہور کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد منیر (تمغۂ امتیاز) نے یونیورسٹی کی تمام طلبہ سوسائٹیز کے صدور سے ایک خصوصی اور تعاملی اجلاس میں ملاقات کی۔ اس موقع پر انہوں نے طلبہ کو سرگرمیوں، کیمپس کی ترقی، تعلیمی معیار میں بہتری، تحقیقی فروغ اور طلبہ کی فلاح و بہبود کے حوالے سے یونیورسٹی انتظامیہ کے وژن اور مختلف منصوبوں پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ اجلاس میں رجسٹرار محمد آصف، ڈی ایس اے ڈاکٹر آمنہ نیازی، پی آر او ڈاکٹر تنویر قاسم اور میڈیا کنسلٹنٹ مدیحہ اقبال شامل تھے۔ وائس چانسلر نے کہا کہ طلبہ سوسائٹیز یونیورسٹی کے ہم نصابی ماحول کو فعال اور موثر بنانے میں بنیادی کردار ادا کرتی ہیں۔ انہوں نے تمام سوسائٹیز کو ہدایت کی کہ وہ اپنے سالانہ پروگراموں کو بہتر اور موثر شرح آگہی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے اعلان کیا کہ ہر سال کو اوپنیشن کے موقع پر تمام طلبہ سوسائٹیز کے صدور کو ان کی خدمات اور قیادت کے اعتراف میں خصوصی اسناد سے نوازا جائے گا۔ پروفیسر ڈاکٹر شاہد منیر نے یو ای ٹی لاہور کے ثمرات اور روایتی پروگراموں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ سالانہ مشاعرہ، ڈرامہ فیسٹیول، مباحثے اور دیگر ہم نہ نصابی سرگرمیاں طلبہ کی ہمہ جہت شخصیت سازی میں اہم کردار ادا کرتی ہیں اور یونیورسٹی ان پروگراموں کے مزید فروغ کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے بتایا کہ یو ای ٹی لاہور میں ترقیاتی اور تزئین و آرائش کے وسیع منصوبوں پر کام جاری ہے۔ لاہور کیمپس کے پلیٹز کی عمل تزئین و آرائش کی جاری ہے جبکہ دیگر کیمپسز میں بھی رہائشی سہولیات کو جدید خطوط پر استوار کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ رواں سال طلبہ سوسائٹیز کے بجٹ میں اضافہ کیا گیا ہے اور آئندہ سال اس میں مزید اضافہ متوقع ہے۔ وائس چانسلر نے انفراسٹرکچر کی بہتری کے حوالے سے بتایا کہ عمل مردان ہال کی ازسرنو تعمیر و تزئین کی جاری ہے اور اسے طالبات کے باعثل میں تبدیل کیا جا رہا ہے تاکہ خواتین طلبہ کو بہتر رہائشی سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ انہوں نے اعلان کیا کہ سمیل قریب میں پانچ سے ساٹھ کنٹینر کے جائیں گے جن میں دو لاہور کیمپس اور باقی کالا شاہ کاکو کیمپس میں قائم کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ تمام کیمپسز کے باسٹلز کو مرحلہ وار جدید سہولیات سے آراستہ کیا جائے گا۔ اسی طرح کھیلوں کی سہولیات میں بھی نمایاں تبدیلی لائی جا رہی ہے۔ تزئین و آرائش کے بعد یو ای ٹی کا سوئمنگ پول دوبارہ فعال ہونے جا رہا ہے جبکہ کھیلوں کے میدانوں کی بہتری اور فلڈ لائٹس کی دگر 10 فیصد طلبہ اعلیٰ تعلیم یا بیرون ملک تعلیمی و پیشہ ورانہ مواقع حاصل کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی میں اضافے کے باوجود یونیورسٹی نے طلبہ پر مالی بوجھ کم رکھنے کے لیے ٹیوشن فیس میں اضافہ نہیں کیا جبکہ اس وقت یو ای ٹی میں 20 ہزار 300 سے زائد طلبہ زیر تعلیم ہیں جبکہ تقریباً ہزار 80 کروڑ روپے مالیت کی مختلف اسکالرشپس سے مستفید ہو رہے ہیں۔ پروفیسر ڈاکٹر شاہد منیر نے مزید بتایا کہ ہر سمیسٹر کے پہلے مہینے میں طلبہ کو وظائف دیے جا رہے ہیں جبکہ بین الاقوامی طلبہ کو فیس میں خصوصی رعایت فراہم کی جا رہی ہے تاکہ وہ اپنے ممالک میں یو ای ٹی کے سفیر کے طور پر کردار ادا کر سکیں۔ اجلاس کے اختتام پر سوال و جواب کی تفصیلی نشست منعقد ہوئی جس میں مختلف طلبہ سوسائٹیز کے صدور نے بین الاجتماعی مقابلوں میں شرکت، سفری سہولیات، سوسائٹی بجٹ، یونیورسٹی کے مخصوص کلبوں، ہم سیمسٹر، انعامی تھانہ اور تحقیقی معاملات سے متعلق سوالات اور تجاویز پیش کیں۔ وائس چانسلر نے تمام امور پر تفصیلی جواب دیتے ہوئے یقین دہانی کرائی کہ انتظامیہ طلبہ کے مسائل کے حل اور ان کی مثبت سرگرمیوں کے فروغ کے لیے ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی۔ یہ اجلاس طلبہ شوریٰ، شفاف طرز حکمرانی، تعلیمی معیار میں بہتری اور بہتر سہولیات کی مسلسل ترقی کے لیے یو ای ٹی لاہور کے عزم کا مظہر تھا۔

تھانہ موچی گیٹ پولیس کا گٹکا مافیا کے خلاف کریک ڈاؤن، 2 ملزمان گرفتار

لاہور (کرائم رپورٹر) تھانہ موچی گیٹ پولیس کا گٹکا مافیا کے خلاف کریک ڈاؤن ASI عنصر چدھڑ نے کریک ڈاؤن کرتے ہوئے انی پان شاپ بیٹل بازہ مارکیٹ پر چھاپہ مار کر ملزمان افتخار مشتاق ولد مختار احمد سکنہ شبلی ٹاؤن بند روڈ اور علی ولد دلشاد حسین سکنہ شبلی ٹاؤن بند روڈ سے ہزاروں روپے مالیت کے مضر صحت مال برامد حوا گرفتار کر لیا

مرکزی مسلم لیگ کے رہنماؤں کا قومی بجٹ کو عوام دوست بنانے کا مطالبہ

لاہور (خبر نگار) پاکستان مرکزی مسلم لیگ لاہور کے زیر اہتمام قومی بجٹ کے حوالے سے اہم تنظیمی اجلاس منعقد ہوا جس میں مہنگائی، ٹیکسز اور عوامی مسائل پر تفصیلی مشاورت کی گئی۔ اجلاس میں معاشی ماہرین، تاجروں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کے ساتھ پرکی بجٹ سیمینار کے انعقاد پر بھی فوری کیا گیا تاکہ حکومت کو ہام دوست تجاویز پیش کی جاسکیں۔ اس موقع پر ڈپٹی سیکرٹری جنرل غلام قادر، جنرل سیکرٹری لاہور چوہدری حمید الحسن نے کہا کہ حکومت بجٹ میں مہنگائی میں کمی اور بنیادی اشیائے ضروریہ پر فوری ریلیف دینے کا پابند ہے۔ پرکی بجٹ کو ریلیف بنائے کیونکہ بڑھتی مہنگائی نے عوام کی زندگی مشکل بنا دی ہے۔ پی پی سیکرٹری جنرل نے کہا کہ بجلی، گیس اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی سے عوام اور صنعت دونوں کو ریلیف مل سکتا ہے۔ جنرل سیکرٹری چوہدری حمید الحسن نے کہا کہ ٹیکسوں کے بجائے روزگار، صنعت اور کاروبار کے فروغ پر توجہ دی جائے اور غریب، مزدور اور تنخواہ دار طبقے کیلئے خصوصی ریلیف پیکج شامل کیا جائے۔ رہنماؤں نے کہا کہ اگر حکومت نے عوامی مسائل کو ترجیح دی تو یہی بجٹ معیشت کی بہتری اور عوامی اعتماد کی بحالی کا سبب بن سکتا ہے۔

غیر قانونی تعمیرات کے خلاف بڑا کریک ڈاؤن، متعدد تعمیرات مسمار، دکانیں سربمہر، چیف آفیسر زبیر ڈوگر کا زیرو ٹالرنس پالیسی پر عملدرآمد جاری رکھنے کا اعلان

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صبا اصغر علی اور ایڈمنسٹریٹر میونسپل کارپوریشن ضیم احمد بھٹی کی ہدایت پر چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن سیالکوٹ زبیر ڈوگر نے سرکلر روڈ سمیت مختلف علاقوں میں بلیغ سنگھر شہ قشت میں غیر قانونی تعمیرات کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن کیا۔ کارروائی کے دوران متعدد غیر قانونی تعمیرات کو مسمار کر دیا گیا جبکہ قواعد و ضوابط کی خلاف ورزی کرنے والی کئی دکانوں کو سربمہر بھی کر دیا گیا۔ چیف آفیسر زبیر ڈوگر نے میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ شہریوں کو سہولیات فراہم کرنے کے لیے ٹاؤن پلاننگ کے قواعد پر سختی سے عمل درآمد کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کے چلان مبلغ کے خلاف ہلاتا کارروائی کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کے چلان مبلغ کے تحفظ شہری مصنوبہ بندی کے قانون پر شہری خود عہد کو برقرار رکھنے کے لیے تعمیرات کا سنگھر شہ قشت کے مطابق ہلاتا کارروائی کی جا رہی ہے۔ چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن زبیر ڈوگر نے کہا کہ غیر قانونی تعمیرات کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عملدرآمد جاری رکھنے کا اعلان کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لیے ٹاؤن پلاننگ کے قواعد پر سختی سے عمل کیا جا رہ

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) 3 جون 2026ء

گورنمنٹ ہائی سکول چوبارہ کی 3 سو فٹ دیوار کی تعمیر مکمل

معروف سماجی شخصیت چوہدری منور حسین سیال جنکے کریڈٹ پر پہلے بھی گڈ گورنر تاوا ہگہ روڈ کی تعمیر کی ہے سکول انتظامیہ سے رابطہ کیا اور ضروری لوازمات فراہم کرنے کی یقین دہانی کروائی

کنگرہ موڑ (عاطف علوی سے) ویلڈن چوہدری منور حسین سیال گزشتہ ماہ حکومتی احکامات کے پیش نظر گورنمنٹ ہائی سکول چوبارہ کی تین سو فٹ دیوار گرادی گئی تھی جسکی دوبارہ تعمیر کیلئے کثیر فنڈ درکار تھے جو ضلعی انتظامیہ نے جاری کرنے سے معذرت کرلی تھی لیکن سکول ہیڈ ماسٹر ملک شاہد عمران نے سوشل میڈیا کے توسط سے اہل علاقہ سے دیوار تعمیر کرنے کی اپیل کی، کیونکہ اینٹیں تو پرانی چل سکتی تھیں لیکن سیمنٹ، ریت، مزدوری اور دیگر لوازمات درکار تھے، خبر پڑھ کر سکول کے سابق طالبعلم اور ہمارے علاقہ کی معروف سماجی شخصیت چوہدری منور حسین سیال جنکے کریڈٹ پر پہلے بھی گڈ گورنر تاوا ہگہ روڈ کی تعمیر کی ہے سکول انتظامیہ سے رابطہ کیا اور ضروری لوازمات فراہم کرکے مکمل دیوار تعمیر کروادی، آج ہیڈ ماسٹر ملک شاہد عمران اور دیگر اساتذہ کی دعوت پر چوہدری منور حسین سیال اپنے چھوٹے بھائی چوہدری ولی سیال کے ہمراہ سکول وزٹ کیلئے تشریف لائے اور اساتذہ سے ملاقات بھی کی۔

عبدالغفور ملک چیئرمین سید شاہد رضا وائس چیئرمین ایئر سیال منتخب

سیالکوٹ بزنس کمیونٹی و عمائدین شہر کیجانب سے مبارکبادوں کا سلسلہ جاری

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) قائد نیشنل بزنس کمیونٹی ریاض الدین شیخ گروپ کے نامزد کردہ امیدواروں کیخلاف کسی نے بھی کاغذات نامزدگی جمع نہیں کروائے جس کے بعد سابق صدر ایوان صنعت و تجارت سیالکوٹ عبدالغفور ملک چیئرمین سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئر پورٹ جبکہ سید شاہد رضا وائس چیئرمین سیال منتخب ہوگئے۔ صدر سیالکوٹ چیمبر سید احتشام مظہر گیلانی، سینئر نائب صدر مراد ارشد، نائب صدر سلمان مجید شیخ، سابق صدور ایوان صنعت وتجارت سیالکوٹ طاہر مجید کپور، ستارہ امتیاز خواجہ مسعود اختر، میجر منصور، حاجی فضل جیلانی سابقہ سینئر نائب صدر وقاص اکرم اعوان، زوہیب رفیق سیٹھی، وہب جہانگیر، سابق وائس چیئرمین سیال فراز اکرم اعوان، اظہر حمید بھٹی، بیرسٹر ابوبکر بھٹی، عباد اظہر بھٹی، ڈائریکٹر ایئر سیال/ سیال محمد یوسف آف پاکستان کارگو سروسز، سیکرٹری جنرل سیالکوٹ چیمبر طارق ملک، ڈپٹی سیکرٹری اظہر اقبال ڈار سمیت صنعتکاروں تاجروں کیجانب سے مبارکبادوں کا سلسلہ جاری۔

پیر سید محمد یعقوب شاہ کے سالانہ عرس کی تقریبات کا آغاز

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ننکانہ صاحب کی معروف عظیم روحانی شخصیت پیر سید محمد یعقوب شاہ کے سالانہ عرس مبارک کی تقریبات 5/6 جون بروز جمعہ ہفتہ کو دھولر چوک بچیکی روڈ ننکانہ صاحب پر منعقد ہونگی عرس مبارک کی تقریبات کو حتمی شکل دے دی گئی ملک بھر عقیدت مندوں اور مریدان کی امد کا سلسلہ شروع ہوگیا۔ سالانہ عرس مبارک کی تقریبات 5 جون بروز جمعہ سے 6 جون بروز ہفتہ تک جاری رہیں گی

وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایات کے مطابق سیوریج لائنز مکمل کی جارہی ہیں۔ رانا ثقلین محمود

علامہ اقبال ریزیڈینسی تا چوک اسلام آباد تک سیوریج سسٹم بہتر کررہے ہیں۔ DO واسا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صباء اصغر علی کی زیر نگرانی واسا سیالکوٹ عملہ دن رات علامہ اقبال ریزیڈینسی و ملحقہ بازاروں میں جدید سیوریج سسٹم تیزی کیساتھ مکمل کررہے ہیں اور اس دوران بہتر معیار کو ملحوظ خاطر رکھا جارہا ہے۔ بازار کھٹیکاں دورواز چوک سے لیکر اڈہ پسروریاں تا چوک اسلام آباد تک قدیمی و بوسیدہ سیوریج لائنز کی جگہ جدید سیوریج سسٹم تیزی سے مکمل کیا جارہا ہے۔ ان باتوں کا اظہار ڈسٹرکٹ آفیسر واسا سیالکوٹ رانا ثقلین محمود نے سیوریج لائنز ورکنگ کا مشاہدہ کرتے صحافیوں کیساتھ کیا۔ انہوں نے کہا کہ انشاء اللہ منصوبہ کی تکمیل کے بعد نامل و شدید مون سون کے دوران سیوریج سسٹم مکمل فعال ہوگا اور شہریوں کو دشواری و پریشانی کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا۔

ننکانہ صاحب کے علاقہ ٹھٹھہ بھٹیاں اڈہ میاں علی جج میں سالانہ آل پاکستان شوٹنگ والی بال میچ کا انعقاد کیا گیا

ننکانہ صاحب کے علاقہ ٹھٹھہ بھٹیاں اڈہ میاں علی جج میں سالانہ آل پاکستان شوٹنگ والی بال میچ کا انعقاد کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ننکانہ صاحب کے علاقے ٹھٹھہ بھٹیاں میں والی بال میچ میں عمر والی بال کلب اور بھٹی والی بال کلب کے مابین ہونے والے اس سنسنی خیز مقابلے میں عمر والی بال کلب نے 17 کے مقابلے میں 20 پوائنٹس سے کامیابی حاصل کی، دونوں ٹیموں میں شامل معروف کھلاڑیوں کی شمولیت کی وجہ سے ہزاروں کی تعداد میں شائقین نے یہ میچ دیکھا اور دونوں ٹیموں کے مابین سنسنی خیز مقابلے سے بہت لطف اندوز ہوئے، شائقین نے اچھے کھیل کا مظاہرہ کرنے والے کھلاڑیوں کی خوب حوصلہ افزائی کی، رکن پنجاب اسمبلی آغا علی حیدر خاں، سابق ایم پی اے رائے اسلم خاں کھرل، مسلم لیگی رہنماء چوہدری شہباز شریف، سماجی رہنماء حافظ عبدالراوف بھٹی، آغا وقار حیدر خاں، فاروق معاویہ، حاجی عابد حسین اور ملک بلال جھمیڈ و میچ کے مہمان خصوصی تھے جنہوں نے وزر اور رز اپ ٹیموں میں ٹرافیاں اور نقد انعامات تقسیم کئے، عمر کلب کے صفدر جتوعہ کو مین آف دی میچ کا انعام دیا گیا۔

محمد اسلام میر کی صاحبزادی کی شادی نجی مارکی میں بخیر وعافیت انجام پائی

صنعتی، کاروباری، طبی، صحافت سمیت مختلف مکاتب کے عمائدین کی کثیر تعداد میں شرکت



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سیالکوٹ کی معروف کاروباری شخصیت ڈویژن وارڈن کمانڈر محمد اسلام میر کی بیٹی و محمد اقبال میر آف پاسپورٹ ٹیلرز کی بھتیجی و واجد میر کی ہمشیرہ کی شادی خانہ آبادی سیالکوٹ کی نجی مارکی میں بخیر وعافیت انجام پائی۔ شادی کی پروقار تقریب میں معروف ایکسپورٹرز طاہر مجید کپور سابق صدر ایوان صنعت وتجارت سیالکوٹ، میاں متین سابقہ چیئرمین نیکا پورہ، سرجن ڈاکٹر صابر انچارج فاروق اسپتال لاہور، چوہدری مصطفیٰ ایڈووکیٹ، میاں اسلم سیالکوٹ ماڈل سکول، میاں افضل، سینئر صحافی و اینکر پرسن خواجہ عامر جاوید ممبر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس، صحافی شیخ نوید سمیت سیالکوٹ کے مختلف مکاتب فکر کے عمائدین شہر نے شرکت کی اور دولہا دولہن کو دعائیں دیں اور انکی ازدواجی زندگی کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

شاہراہ قائداعظم سے ملحقہ دیگر بازاروں میں تعمیراتی کام سست روی کا شکار

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) گزشتہ تین ماہ سے زیادہ کا عرصہ گزر جانے کے باوجود شاہراہ قائداعظم سے ملحقہ دیگر بازاروں میں تعمیراتی کام سست روی کا شکار ہے فن پارہ پلازہ پارکنگ کے قریب فرنیچر مارکیٹ کا روڈ عرصہ تین ماہ سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے ہر وقت گرد وغبار اڑنے سے لوگ مختلف بیماریوں کا شکار ہونے لگے جبکہ ٹھیکیدار اور دیگر عملہ سست روی کا شکار ہے مقامی افراد نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ تین ماہ سے زیادہ کا عرصہ گزر چکا ہے ہمارے کاروبار نہ ہونے کے برابر ہے جبکہ فن پارہ پلازہ پارکنگ کے قریب فرنیچر مارکیٹ کی تینوں گلیاں ابھی تک مکمل نہ ہوسکیں ٹھیکیدار کام ادھورہ چھوڑ کر غائب ہیں ہمارا کمشنر فیصل آباد اور ڈپٹی کمشنر چنیوٹ عائشہ رضوان سے مطالبہ ہے کہ تعمیراتی کام جلد سے جلد مکمل کیا جائے

سوشل میڈیا پر کسی قسم کی اشتعال انگیزی برداشت نہیں کی جائیگی

ڈی پی او جھنگ

محرم الحرام میں کسی بھی فرد کو یہ اجازت نہیں دی جاسکتی کہ وہ اپنی ذاتی سوچ کو نفرت کے زہر میں بدل کر معاشرتی امن کی رگوں میں دراڑ ڈالے

جھنگ (بیورو رپورٹ) محرم الحرام کے مقدس اور حساس ایام کے پیش نظر امن وامان کی فضا کو برقرار رکھنے کیلئے ڈی پی او ساجد حسین نے سوشل میڈیا پر نفرت انگیز، اشتعال انگیز اور فرقہ وارانہ مواد کے خلاف سخت اور موثر مانیٹرنگ کا حکم جاری کر دیا ہے۔ ڈی پی او جھنگ نے واضح کیا ہے کہ محرم الحرام میں کسی بھی فرد کو یہ اجازت نہیں دی جاسکتی کہ وہ اپنی ذاتی سوچ کو نفرت کے زہر میں بدل کر معاشرتی امن کی رگوں میں دراڑ ڈالے۔ انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا آج کے دور میں ایک طاقتور ذریعہ ہے، مگر یہی طاقت اگر غلط ہاتھوں میں آجائے تو یہ امن کو بجھا دینے والی آندھی بھی بن سکتی ہے۔ اس لئے پولیس ٹیمیں ہر قسم کے آن لائن مواد کی مکمل نگرانی کریں گی اور نفرت پھیلانے والے عناصر کے خلاف فوری اور بلا امتیاز قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ڈی پی او ساجد حسین نے عوام سے بھی اپیل کی کہ وہ افواہوں، غیر مصدقہ خبروں اور اشتعال انگیز پوسٹس سے دور رہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ سوشل میڈیا کو نفرت کا میدان نہیں بلکہ اخوت کا پل بنائیں۔ قومی یکجہتی اور ملکی سلامتی کو ترجیح دیں، ڈی پی او نے واضح کیا کہ محرم الحرام کے تمام پروگراموں کی سکیورٹی کیلئے جھنگ پولیس مکمل طور پر متحرک ہے۔ ہر جلوس، ہر مجلس اور ہر راستہ ہماری توجہ میں ہے۔ جامع سکیورٹی انتظامات مکمل ہیں، مگر یاد رکھیے، محافظ صرف وہ نہیں جو سڑک پر کھڑا ہے؛ محافظ وہ بھی ہے جو اپنے لفظ، اپنے عمل اور اپنے رویے سے امن کی حفاظت کرتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ محرم الحرام کے تقدس کو قائم رکھنا ہم سب کی اجتماعی ذمہ داری ہے، کسی بھی شر پسند کو معاشرتی ہم آہنگی خراب کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

مرحوم حوالدار فوجی شیخ عمر فاروق بہت مالدار اور شریف النفس انسان تھے

وہ لوگوں کے کام خالصتاً اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے کرواتے، دوسروں کی مشکلات کو اپنی ذمہ داری سمجھتے اور حتیٰ المقدور ہر ضرورت مند کی مدد کے لیے تیار رہتے تھے

چنیاں (تحصیل رپورٹر) خراج عقیدت برائے مرحوم حوالدار فوجی شیخ عمر فاروق صاحب کچھ لوگ اپنی زندگی کے مختصر یا طویل سفر میں ایسے نقوش چھوڑ جاتے ہیں جو وقت کے ساتھ مٹتے نہیں بلکہ اور گہرے ہوتے چلے جاتے ہیں۔ ہمارے پیارے بڑے بھائی، مرحوم حوالدار فوجی شیخ عمر فاروق صاحب بھی انہی خوش نصیب انسانوں میں سے تھے جنہوں نے محبت، اخلاص، خدمتِ خلق اور حسنِ اخلاق سے ہر دل میں اپنی جگہ بنائی۔ مجھے آج بھی ان کی محبت بھری آواز کانوں میں گونجتی محسوس ہوتی ہے جب بھی فون کرتے تو بڑے پیار اور شفقت سے کہتے: "شہزادہ پتر!"۔ یہ دو الفاظ ان کی شخصیت کی ساری محبت، اپنائیت اور خلوص کو بیان کر دیتے تھے۔ مرحوم نہ صرف ایک بہترین فوجی تھے بلکہ ایک بہترین انسان بھی تھے۔ وہ لوگوں کے کام خالصتاً اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے کرواتے، دوسروں کی مشکلات کو اپنی ذمہ داری سمجھتے اور حتیٰ المقدور ہر ضرورت مند کی مدد کے لیے تیار رہتے تھے۔ انہوں نے کبھی شہرت یا صلے کی خواہش نہیں کی بلکہ خاموشی سے نیکیاں کرتے رہے۔ ان کی زندگی کا ایک خوبصورت پہلو یہ بھی تھا کہ وہ اپنے مرحوم عزیزوں اور دوستوں کو ہمیشہ یاد رکھتے تھے۔ ان کے لیے دعائے مغفرت کی پوسٹس لگانا، دوسروں کو دعائیں کرنا اور ایصال ثواب کا اہتمام کرنا ان کی عادت تھی۔ گویا وہ خود بھی آخرت کی تیاری میں رہتے تھے اور دوسروں کو بھی اس کی یاد دلاتے تھے۔ آج ان کے دنیا سے رخصت ہونے پر ہر آنکھ اشکبار ہے اور ہر زبان ان کے لیے دعائے خیر کر رہی ہے۔ جس شخص سے بھی ان کا ذکر کیا جائے، وہ ان کی نیکی، خوش اخلاقی، ملنساری اور خدمتِ خلق کی گواہی دیتا ہے۔ لوگ بے اختیار کہتے ہیں: "ایسے لوگ بار بار پیدا نہیں ہوتے۔ اگر کسی انسان کی اصل دولت لوگوں کے دلوں میں اس کے لیے محبت اور نیک نامی ہے تو شیخ عمر فاروق مرحوم یقیناً بہت مالدار انسان تھے۔ انہوں نے اپنے اخلاق، کردار اور خدمت کے ذریعے وہ مقام حاصل کیا جو دولت اور عہدوں سے نہیں بلکہ اخلاص سے حاصل ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، ان کی قبر کو نور سے بھر دے، ان کے درجات بلند فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے۔ آمین۔ نیک لوگ دنیا سے چلے جاتے ہیں، مگر ان کی دعائیں، محبتیں اور یادیں ہمیشہ زندہ رہتی ہیں۔

نارنگ منڈی: نواحی سرحدی دیہات میں مویشیوں کی مہلک بیماری گلگھٹو تیزی سے پھیلنے لگی

متاثرہ علاقوں کے مکینوں نے محکمہ لائیوسٹاک کی مبینہ غفلت اور واحد ویٹرنری اسپتال میر وواں کی بندش کے خلاف شدید احتجاج کیا

نارنگ منڈی (نامہ نگار) نارنگ منڈی کے نواحی سرحدی دیہات میں مویشیوں کی مہلک بیماری گلگھٹو تیزی سے پھیلنے لگی جس کے نتیجے میں متعدد قیمتی مویشی ہلاک ہوگئے جبکہ سینکڑوں دیگر مویشی بھی بیماری کی زد میں آنے کے خدشے سے دوچار ہیں متاثرہ علاقوں کے مکینوں نے محکمہ لائیوسٹاک کی مبینہ غفلت اور واحد ویٹرنری اسپتال میر وواں کی بندش کے خلاف شدید احتجاج کرتے ہوئے فوری اقدامات کا مطالبہ کیا ہے تفصیلات کے مطابق منگل وارث خاں، میر وواں، جاجوکل، مرداند، بریار اور دیگر سرحدی دیہات میں گلگھٹو کی وبا پھیلنے سے مویشی پال حضرات کو لاکھوں روپے کے نقصان کا سامنا ہے مقامی کسانوں اور زمینداروں کا کہنا ہے کہ بیماری سے بچاؤ کے لیے تاحال و کسی مہم شروع نہیں کی گئی جس کے باعث مویشیوں کی ہلاکتوں میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے متاثرین نے بتایا کہ چند ماہ قبل منہ کھر کی بیماری کے دوران بھی متعدد مویشی ہلاک ہوگئے تھے تاہم محکمہ لائیوسٹاک کی جانب سے حفاظتی ویکسینیشن اور طبی سہولیات فراہم نہیں کی گئیں ان کا کہنا تھا کہ سرکاری عدم توجہی کے باعث انہیں نجی ویٹرنری ڈاکٹروں سے مہنگا علاج کروانے پر مجبور ہونا پڑا گلگھٹو کی حالیہ وبا کے نتیجے میں اب تک متعدد مویشی ہلاک ہوچکے ہیں جبکہ متعدد دیگر بیمار ہیں انہوں نے شکایت کی کہ سرحدی دیہات کے لیے قائم واحد ویٹرنری اسپتال میر وواں عرصہ دراز سے غیر فعال ہے اور عملہ بھی اکثر غیر حاضر رہتا ہے جس سے مویشی پال افراد شدید مشکلات کا شکار ہیں اہل علاقہ نے وزیراعلیٰ پنجاب، سیکریٹری لائیوسٹاک اور ضلعی انتظامیہ سے فوری نوٹس لینے، متاثرہ علاقوں میں ہنگامی بنیادوں پر ویکسینیشن مہم چلانے ادویات کی فراہمی یقینی بنانے اور میر وواں ویٹرنری اسپتال کو فعال کرنے کا مطالبہ کیا ہے تاکہ مزید جانی و مالی نقصان سے بچا جاسکے۔

لالیاں: محلہ نئی عیدگاہ لالیاں میں زمینوں کے سرکاری شیڈول ریٹ پر شہریوں کا تحفظات کا اظہار

لالیاں (ممتاز حسین جرمنی سے) تفصیلات کے مطابق محلہ نئی عیدگاہ لالیاں کے مکینوں نے زمینوں کے سرکاری شیڈول ریٹ اور مارکیٹ میں رائج اصل قیمتوں کے درمیان نمایاں فرق پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ سرکاری ریکارڈ میں زمین کا شیڈول ریٹ موقع پر موجود حقیقی قیمت سے کہیں زیادہ مقرر ہے۔ جس کی وجہ سے خرید و فروخت کے دوران شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اہلیان محلہ کے مطابق زمین کی رجسٹری اور انتقال کے مراحل میں انہیں اضافی فیسیں اور ٹیکس ادا کرنا پڑتے ہیں، جس سے مالی بوجھ بڑھ جاتا ہے۔ شہریوں نے کہا کہ موجودہ صورت حال میں بعض اوقات شہریوں کو مجبوری کے تحت حقائق کے برعکس معلومات فراہم کرنا پڑتی ہیں، جو کہ نا صرف ایک غیر مناسب عمل ہے، بلکہ قانونی پیچیدگیاں بھی پیدا کرسکتی ہیں۔ شہریوں نے ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ محلہ نئی عیدگاہ کے زمینی شیڈول ریٹ کا از سر نو جائزہ لیا جائے اور انہیں زمینی حقائق اور موجودہ مارکیٹ ویلیو کے مطابق قرار کیا جائے، تاکہ شہریوں کو بلا جواز مالی نقصان اور جھوٹ بولنے سے نجات مل سکے۔

ملگد اچوک اور اس کے گرد و نواح کے علاقے بنیادی ترین سہولیات سے محروم

ملگد اچوک کے مرکزی تجارتی حب ہونے کے باوجود یہاں پینے کے صاف پانی کی شدید قلت ہے۔ شہریوں اور تاجروں کو مجبوراً آلودہ پانی استعمال کرنا پڑ رہا ہے

ملگد اچوک (نامہ نگار) ساہیوال ڈویژن اور ضلع اوکاڑہ کا اہم ترین کاروباری مرکز ملگد اچوک اور اس کے گرد و نواح کے علاقے بنیادی ترین سہولیات سے محروم ہونے کے باعث شدید مسائل کا شکار ہیں، جس کی وجہ سے ہزاروں شہریوں اور تاجروں کی زندگیاں داؤ پر لگی ہوئی ہیں۔ علاقے کی سرکردہ سیاسی و سماجی شخصیات، انجمن تاجران اور صحافی برادری نے مشترکہ بیان میں اس صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے وزیراعلیٰ پنجاب اور کمشنر ساہیوال سے فوری اور ہنگامی مداخلت کی اپیل کی ہے۔ تفصیلات کے مطابق ملگد اچوک کے مرکزی تجارتی حب ہونے کے باوجود یہاں پینے کے صاف پانی کی شدید قلت ہے۔ شہریوں اور تاجروں کو مجبوراً آلودہ پانی استعمال کرنا پڑ رہا ہے جس سے پیٹ اور جگر کے امراض تیزی سے پھیل رہے ہیں۔ مقامی رہنماؤں نے مطالبہ کیا ہے کہ علاقے میں فوری طور پر واٹر فلٹریشن پلانٹس نصب کیے جائیں۔ علاوہ ازیں، سب سے سنگین صورتحال حادثات اور ایمرجنسی کے وقت پیش آتی ہے۔ علاقے میں ریسکیو 1122 کا کوئی منی اسٹیشن موجود نہیں ہے، جس کے باعث روڈ حادثات یا اچانک میڈیکل ایمرجنسی کی صورت میں امدادی ٹیمیں دور دراز علاقوں سے دیر سے پہنچتی ہیں۔ بروقت طبی امداد نہ ملنے کی وجہ سے اب تک کئی قیمتی انسانی جانیں ضائع ہو چکی ہیں اور متعدد گھرانے اجڑ چکے ہیں۔ انجمن تاجران، صحافی برادری اور سماجی حلقوں نے وزیراعلیٰ پنجاب اور کمشنر ساہیوال سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ ملگد اچوک کی کاروباری اور جغرافیائی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے یہاں فوری طور پر ریسکیو 1122 کا منی اسٹیشن قائم کیا جائے اور واٹر فلٹریشن پلانٹس منظور کیے جائیں تاکہ مزید جانی نقصان کا تدارک اور عوامی محرومی کا خاتمہ ممکن ہوسکے۔

فرزند سیالکوٹ وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف عظیم رہنماء ہیں: اظہر حمید بھٹی

سیالکوٹ اور بزنس کمیونٹی کیلئے انکی ناقابل فراموش خدمات ہیں: عباد اظہر بھٹی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) وفاقی وزیر دفاع پاکستان خواجہ محمد آصف کی قومی خدمات لازوال ہیں سیالکوٹ کے باسیوں کی بہترین نمائندگی کے علاوہ وہ دشمن بھارت ہو یا اسکی پراکسیز کیخلاف جرأتمندانہ موقف وہ بطور وفاقی وزیر ہوا بازی قومی ایئر لائن کیلئے یورپی پابندیوں کا خاتمہ کرنے کی کاوشیں یا پھر ایئر سیال کیلئے عملی اقدامات ثبوت سیالکوٹ کا اس سب میں جاندار کردار دکھائی دیتا ہے جس کا اعتراف کرتے انہیں قومی اعزازات سے نوازا جانا ہے۔ ان باتوں کا اظہار معروف صنعتکار اظہر حمید بھٹی و عباد اظہر بھٹی آف سانزلے ایپیکس لمیٹڈ نے سینئر صحافیوں کیساتھ خصوصی نشست کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ ایکسپورٹ سٹی سیالکوٹ میں میگا پراجیکٹس ہوں یا سیالکوٹ بزنس کمیونٹی کی قومی اسمبلی میں بہترین نمائندگی و وفاقی اداروں کیساتھ میٹنگز میں معاونت وفاقی وزیر خواجہ محمد آصف نے ہمیشہ انتھک عملی کاوشیں کی ہیں۔

محرم الحرام میں امن وامان کے قیام کے لیے امن کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا

محرم الحرام ہمیں رواداری، صبر اور بھائی چارے کا درس دیتا ہے: ایس ایچ او حسن عمران سید

کوٹ رادھا کشن (نامہ نگار) کوٹ رادھا کشن ایس ایچ او حسن عمران سید کی زیر نگرانی محرم الحرام میں امن و امان کے قیام کے لیے امن کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ محرم الحرام کے دوران شہر میں بھائی چارے کی فضا قائم رکھنے اور امن و امان کی صورتحال کو یقینی بنانے کے لیے تھانہ کوٹ رادھا کشن میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ یہ اجلاس ایس ایچ او کوٹ رادھا کشن حسن عمران سید کی زیر نگرانی ہوا، جس میں مقامی علما کرام، لائسنس داران اور امن کمیٹی کے ارکان نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایس ایچ او حسن عمران سید نے کہا کہ محرم الحرام ہمیں رواداری، صبر اور بھائی چارے کا درس دیتا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ شہر میں امن و امان کو خراب کرنے کی کسی کو اجازت نہیں دی جائے گی۔ شر پسند عناصر پر کڑی نظر رکھی جارہی ہے اور سوشل میڈیا پر نفرت انگیز مواد پھیلانے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ تمام مجالس اور جلوسوں کو بھرپور سیکیورٹی فراہم کی جائے گی۔ انہوں نے امن کمیٹی کے ارکان اور منتظمین پر زور دیا کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں، جلوسوں کے اوقات کار کی پابندی کریں اور کسی بھی مشکوک شخص یا چیز کی صورت میں فوری پولیس کو اطلاع دیں۔ اجلاس کے دوران امن کمیٹی کے ارکان نے پولیس انتظامیہ کو اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔ انہوں نے کہا کہ وہ شہر میں مذہبی ہم آہنگی برقرار رکھنے اور محرم الحرام کے پرامن انعقاد کے لیے پولیس کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔ اجلاس کے اختتام پر ملک و قوم کی سلامتی اور محرم الحرام کے پرامن انعقاد کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔

امن وامان یقینی بنانے کیلئے اقدامات جاری

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے احکامات پر محرم الحرام کے دوران امن و امان کے قیام کو یقینی بنانے کیلئے عملی اقدامات جاری پولیس لائن میں محرم الحرام کے دوران جلوسوں، مجالس میں فرائض سر انجام دینے والے وولنٹیئرز کیلئے تربیتی ورکشاپ کا انعقاد تربیتی ورکشاپ پولیس افسران، ایلیٹ فورس اہلکاروں نے وولنٹیئرز کو سیکیورٹی ڈیوٹی کے حوالے سے آگاہی لیکچر دیا والنٹیئرز کو فیزیکل سرچ، میٹل ڈیٹیکٹر کے استعمال اور ایمرجنسی صورت میں رسپانس کے حوالے سے آگاہی دی گئی تمام ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے محرم الحرام کے دوران امن و امان کے قیام کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا، ڈی پی او ڈاکٹر نوید عاطف کا کہنا تھا کہ محرم الحرام کا مہینہ ہمیں اخوت اور بھائی چارے کا درس دیتا ہے امن و امان کی فضا کو ہر صورت میں یقینی بنایا جائے گا۔

پنجاب حکومت نے ننکانہ اور سانگلہ ہل کی بیوٹی فکیشن کیلئے 27 کروڑ کے فنڈز دیئے

سیاسی قیادت اور ضلعی انتظامیہ کو مل کر مزید محنت کرنے کی ضرورت ہے: رانا محمد ارشد

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) نائب صدر مسلم لیگ (ن) پنجاب اور چیف وہپ پنجاب اسمبلی رانا محمد ارشد ایم پی اے نے کہا ہے کہ پنجاب حکومت نے ننکانہ صاحب، سانگلہ ہل اور شاہکوٹ کی بیوٹی فکیشن کے لیے مجموعی طور پر 27 کروڑ روپے کے فنڈز منظور کیے ہیں۔ غیور ہاؤس ننکانہ صاحب میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تمام ایگریکیوٹنگ ایجنسیاں اور ٹھیکیدار پیپرا رولز اور معاہدوں کی شرائط کے مطابق بروقت اور معیاری کام مکمل کریں۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا اور وہ خود بھی متعلقہ اداروں کی کارکردگی کی نگرانی کریں گے۔ رانا محمد ارشد نے ضلعی کارکردگی رپورٹ میں ننکانہ صاحب کے 28 ویں نمبر پر آنے کو تشویشناک قرار دیتے ہوئے کہا کہ سیاسی قیادت اور ضلعی انتظامیہ کو مل کر مزید محنت کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر صفائی آپریشن میں حصہ لینے والے تھرا پنجاب پروگرام کے ورکرز کو خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ صفائی سے متعلق شکایات پر ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ رانا محمد ارشد نے مزید بتایا کہ پنجاب حکومت نے ننکانہ صاحب، شاہکوٹ اور سانگلہ ہل کے ڈراما سنٹرز کے لیے 59 کروڑ روپے جاری کر دیے ہیں جبکہ سڑکوں کے انفراسٹرکچر کی بہتری کے لیے ہر ایم پی اے کو 28 کروڑ روپے کے فنڈز فراہم کیے گئے ہیں۔

تحصیل سانگلہ ہل میں عیدالاضحیٰ کے موقع پر شاندار کارکردگی دکھانے پر

سانگلہ ہل (تحصیل رپورٹر رانا اکرم حمید) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ستھرا پنجاب پروگرام تحصیل سانگلہ ہل کے ورکرز کو عیدالاضحیٰ کے دوران صفائی ستھرائی کے بہترین انتظامات کرنے پر ان کی بھرپور حوصلہ افزائی کی گئی۔ ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب، محمد سلیم اختر راؤ کی اور میونسپل ڈائریکٹر ستھرا پنجاب اتھارٹی، احسن ممتاز کی زیر نگرانی عیدالاضحیٰ آپریشنز 2026 میں مثالی کارکردگی دکھانے والے ورکرز اور سٹاف کے اعزاز میں شایان شان دعوت کا اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر سانگلہ ہل جناب اسامہ امانت اور اسسٹنٹ کمشنر شاہکوٹ جناب ثاقب عدنان بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر صاحب نے ورکرز کی کاوشوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ "کڑی دھوپ اور سخت گرمی میں آپ نے جو کام کیا، محترمہ مریم نواز کے ستھرا پنجاب کے مشن کو کامیاب بنایا، شہر کو عیدالاضحیٰ کے تینوں دن ہر کوچہ اور ہر گلی کو صاف اور آلائشوں سے کلیئر رکھا، آپ سب ہمارے لیے قابل عزت اور قابل فخریں"



انجمن حیدریہ کے عہدیداران کا امام بارگاہ حیدریہ امین پور بازار کا قبضہ واگزار کرانے کا مطالبہ

تھانہ ریل بازار کے بعض سکیورٹی اہلکار اور افتخار حسین بھی مبینہ طور پر اس معاملے میں ساز باز کر رہے ہیں

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) فیصل آباد پریس کلب میں قدیمی انجمن حیدریہ کے سینئر نائب صدر شہباز علی گوگی اور سرپ

ادارتی صفحہ
EDITORIAL

مزید ٹیکسوں کا بوجھ!

آئندہ مالی سال کا بجٹ بھی آئی ایم ایف کی شرائط سے جکڑا ہوا معلوم ہوتا ہے جس میں حکومت کی بنیادی دلچسپی عوام کو معاشی آسانیاں بہم پہنچانے کے بجائے مالیاتی ادارے کی تجاویز اور شرائط کی تعمیل میں نظر آتی ہے۔ حالیہ دنوں تواتر سے ایسے شواہد سامنے آرہے ہیں جو آنے والے بجٹ اور معاشی فیصلہ سازی میں آئی ایم ایف کے گہرے عمل دخل اور اثر ورسوخ کی نشاندہی کرتے ہیں۔ اس سلسلے کی تازہ مثال جنرل سیلز ٹیکس کی معیاری شرح کو 18 فیصد سے بڑھا کر 19 فیصد کرنے کی تجویز ہے جس کا مقصد آئندہ مالی سال کیلئے ریونیو کی بلند شرح کے حصول کو یقینی بنانے میں آسانی پیدا کرنا بتایا جاتا ہے۔ جی ایس ٹی میں ایک فیصد اضافے سے خیال کیا جارہا ہے کہ ریونیو کی مد میں 250 سے 300 ارب روپے زیادہ حاصل ہوسکتے ہیں' مگر یہ اضافہ شہریوں پر اضافی مالی بوجھ اور مہنگائی میں اضافے کی قیمت پر ہوگا۔ جنرل سیلز ٹیکس پہلے ہی خوراک سمیت سبھی اشیائے ضروریہ پر لاگو ہے اور عام آدمی کی جیب پر اس کا اچھا خاصا بوجھ ہے۔

ضرورت تو اس بات کی تھی کہ حکومت کم از کم دودھ سمیت خوراک کے بنیادی اجزا اور ادویات پر جی ایس ٹی کی شرح میں کمی کرتی تاکہ مہنگائی میں کچھ کمی آتی۔ ان حالات میں جی ایس ٹی میں اضافے کا مطالبہ سراسر غیر منطقی اور اضافی ہے' جس کی نہ تو معاشی حالات اجازت دیتے ہیں اور نہ ہی اس کی کوئی گنجائش نظر آتی ہے۔ یہ غیر حقیقی اقدامات جو لوگوں کی معیشت کو کمزور کریں گے' آئی ایم ایف کے ریونیو اہداف میں اضافے کے نتائج ہیں۔ ریونیو میں اضافے کیلئے ضروری تھا کہ ایف بی آر کے نظام میں وہ بنیادی اصلاحات کی جاتیں جن سے اس ادارے کی صلاحیت میں اضافہ ہوتا' مگر اس پر کام کرنے اور ٹیکس چوری کے رخنے بند کرنے کے بجائے ہر سال پہلے سے لاگو ٹیکسوں میں اضافے کی روایت برقرار ہے۔ جی ایس ٹی میں اضافے کا مطالبہ اس کی واضح مثال ہے۔ اس سے قبل پٹرولیم لیوی اور دیگر ٹیکسوں کی شرح میں اضافے بھی یہی ثابت کرتے ہیں کہ ریونیو اہداف پورے کرنے کیلئے ٹیکس کا دائرہ کار بڑھانے کے بجائے ٹیکس کی شرح بڑھانے پر اکتفا کیا جاتا ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ معیشت کا ایک محدود حصہ تو ٹیکسوں کے انتہائی بوجھ تلے پس رہا ہے جبکہ ایک بڑا حصہ بدستور ٹیکس نیٹ سے باہر ہے۔ حالیہ برسوں میں ٹیکسوں وصولیوں میں بہت بڑا اضافہ ہوا۔ 2021ء سے 2025ء تک ٹیکس وصولی 3.4764 ارب سے بڑھ کر 29.11744 ارب روپے تک پہنچ گئی اور رواں سال ایف بی آر کا ٹیکس وصولی کا ہدف 14307 ارب روپے تھا جسے بعد میں کم کرکے 13979 ارب روپے کیا گیا۔ رواں مالی سال کے پہلے نو ماہ کے دوران پٹرولیم لیوی کی مد میں 1205 ارب روپے جمع کئے گئے۔ آئندہ مالی سال کے لیے ٹیکس ریونیو کا ہدف 15267 ارب روپے تجویز کیا گیا ہے' اور اس اضافی ہدف کو پورا کرنے کے لیے اگر صارفین پر جی ایس ٹی اور توانائی کی قیمتوں میں اضافے جیسی تجاویز زیر غور ہیں تو یہ معیشت کے لیے کوئی احسن اقدام نہیں۔ ریونیو کے اہداف میں اضافے کے لیے معیشت کا مکمل طور پر دستاویزی ہونا اور ہر شعبے سے ٹیکس وصول کیا جانا ناگزیر ہے۔ اگر چند ایک بندھے ٹکے شعبے ہی ٹیکس کے دائرہ کار میں رہیں یا وہ صارفین جنہیں توانائی اور اشیائے ضروریہ کی قیمتوں پر مزید سے مزید تر ٹیکسوں کا بوجھ اٹھانا پڑے تو یہ ٹیکس اہداف میں اضافے کا کوئی مناسب طریقہ نہیں۔ ٹیکس میں مساوات کا تقاضا ہے کہ اس کا اثر یکساں ہو نہ کہ کسی ایک یا چند ایک شعبے ہی اس کے سزاوار ٹھہریں۔

ابھی کچھ ہی دن پہلے کی بات

ابھی کچھ ہی دن پہلے کی بات ہے کہ میں سر احمد ظہیر صاحب کی کلاس میں تھوڑی دیر سے پہنچا وہاں طلبہ وطالبات کے درمیان بحث ومباحثہ چل رہا تھا کہ کسی مملکت کو چلانے کے لیے کون سا سیاسی نظام بہتر ہے کچھ دوستوں نے پارلیمانی جمہوریت کو بہتر قرار دیا کچھ نے صدارتی نظام کو۔ دوستوں نے دیگر سیاسی نظاموں پر بھی تفصیل سے بات کی جن میں کمیونزم بادشاہت اور اس کی اقسام شامل تھیں جیسے آئینی بادشاہت موروثی بادشاہت یا مذہبی بادشاہت چند لوگوں کا یہ بھی خیال تھا کہ یہ قوم صرف ڈنڈے کو مانتی ہے اس لیے ڈکٹیٹر شپ ہونی چاہیے جبکہ چند دوستوں نے مذہبی حکومت کو امن اور ترقی کا واحد راستہ قرار دیا میں چونکہ دیر سے کلاس میں پہنچا تھا اس لیے آخر میں گفتگو کا موقع ملا۔ میں نے شروع میں ہی کہا کہ تمام نظامِ حکومت اچھے ہوسکتے ہیں اگر ان میں ایک چیز شامل ہوجائے اور وہ ہے مضبوط نظامِ انصاف اس حوالے سے قرآن کریم کی سورۃ الحدید آیت نمبر 25 کا حوالہ بھی ہے کہ: "بے شک ہم نے اپنے رسولوں کو واضح دلائل کے ساتھ بھیجا اور ان کے ساتھ کتاب اور میزان نازل کی تاکہ لوگ انصاف پر قائم رہیں" اللہ تعالیٰ نے اپنے نبیوں پر انصاف قائم کرنے کی ذمہ داری رکھی ہے اگر ہم پاکستان کے نظامِ انصاف کو دیکھیں تو پاکستان 130 نمبر پر آتا ہے (Project Justice World Rule of Law Index) بھارت 86 نمبر پر ہے جبکہ لبنان جو دہائیوں سے خانہ جنگی اور اسرائیلی جارحیت سے متاثر ہے وہ بھی پاکستان سے بہتر یعنی 107 نمبر پر ہے ساری انسانی تاریخ دیکھ لیں کوئی معاشرہ یا مملکت اس وقت تک قائم رہی جب تک وہاں انصاف قائم رہا پاکستان میں عدالتی نظام کی کمزوری کی وجہ سے عام آدمی شدید مشکلات کا شکار ہے مثال کے طور پر ایک واقعہ میرے علم میں آیا کہ پولیس نے بغیر ایف آئی آر درج کیے ایک شخص کو اس کے گھر سے اٹھالیا جب مجھے اطلاع ملی تو میں نے تھانے کے ایس ایچ او کو کال کی انہوں نے کہا کہ "چھوڑ دیتے ہیں" لیکن بعد میں کال کی تو انہوں نے فون نہیں اٹھایا جس پولیس افسر نے اس بے گناہ شخص کو گھر سے اٹھایا تھا وہ رات کو اس کی بیوی کو فون بھی کرتا رہا تاکہ اسے چھوڑنے کے لیے رقم طلب کی جاسکے اس بے گناہ شخص کو چھوڑنے کے لیے پولیس نے 15 ہزار روپے بھی لیے حالانکہ وہ شخص روزانہ ایک ہزار روپے سے کچھ زیادہ کماتا تھا اور کرائے کے مکان میں اپنی بیوی اور ایک بچے کے ساتھ رہتے ہیں وہ اس نقصان کو کیسے پورا کرے گا؟ اس طرح کے درجنوں واقعات فیصل آباد میں پیش آتے رہے ہیں پولیس افسران کی اس زیادتی کو روکنے والا کوئی نہیں اور یہی چیزیں معاشرے میں افراتفری کی وجہ بنتی ہیں قانون نافذ کرنے والے اداروں پر عوام کا اعتماد ختم ہوتا جارہا ہے اور لوگ خود اپنے فیصلے کرنے پر مجبور ہورہے ہیں حکومتِ وقت اور بیوروکریسی اپنے معاملات جیسے چاہیں حل کریں لیکن عام آدمی کے لیے سستا اور فوری انصاف ہونا چاہیے اس پر بہت زیادہ کام کرنے کی ضرورت ہے لیکن حکومت نئے قوانین بنانے پر توجہ دیتی ہے جبکہ ضرورت نئے قوانین کی نہیں بلکہ موجودہ قوانین پر عمل درآمد کی ہے پچھلے کچھ سالوں سے پاکستان کے اندرونی حالات جس نہج پر پہنچ چکے ہیں اگر انہیں فوری طور پر درست نہ کیا گیا اور ہنگامی بنیادوں پر فیصلہ سازی اور انصاف فراہم نہ کیا گیا تو عوام میں موجود لاوا پھٹ سکتا ہے جس کے نتائج انتہائی خطرناک ہوسکتے ہیں ہمارے حکمران طبقے کے مشیر جو باتیں ان کے کانوں میں ڈالتے ہیں عام آدمی کی زندگی ویسی نہیں گزر رہی خدارا عوام پر رحم کیا جائے یہ ظلم اور زیادتی جو مہنگائی اور ناانصافی کی صورت میں عوام پر مسلط ہے اسے اب ختم ہونا چاہیے کیونکہ اب برداشت کی طاقت ختم ہو رہی ہے آخر میں حبیب جالب کا ایک شعر:

"تم سے پہلے جو ایک شخص یہاں تخت نشین تھا
اس کو بھی اپنے خدا ہونے پہ اتنا ہی یقین تھا"

ہمارا معاشرہ اور مومنہ اقبال کیس

میرا یہ مضمون ان تمام پاکستانی مسلمانوں کے لیئے جن کو حقیقت دکھائی جائے تو وہ بڑی شان سے مغرب ءممالک کے اصول وقوانین اور گوروں کی طرز زندگی سے اپنا موازنہ کرکے خود کو بڑا نیک ثابت کرتے ہیں۔ مغربی ممالک کے بارے وہی باتیں کرتے ہیں جو ان کے دماغوں میں ٹھونسی جاتی ہیں تاکہ مسلمانوں کو اپنی خامیاں کبھ ءنظر نہ آئیں اور وہ ایمان کے نچلے درجہ پر پہنچ کر اپنا موازنہ غیر مسلموں سے کرکے مطمئن ہوجائیں کہ وہ گوروں سے بہتر ہیں۔ جن کو گوروں کی زندگی کی الف ب بھی نہیں معلوم، جو کبھی کسی مغربی ملک نہیں گئے اور نہ ہی کبھ ء جاسکتے ہیں وہ کبھی نہیں سوچ سکتے کہ آج قرآن کے 50 فیصد اصول وقوانین پر بھی اگر کوئی ملک عمل پیرا ہیں تو وہ مغربی ممالک ہیں۔ اللہ مسلمان سے ایمان کی جو توقع رکھتا ہے اس میں سے اگر 50 فیصد خوبیاں بھی کسی میں موجود ہیں تو وہ گوروں کی اکثریت میں موجود ہیں۔ لیکن خود کو بغیر کسی عمل کے برتر سمجھنے کی بیماری پاکستان میں عام ہوچکی ہے پچھلے سال ایک کنسرٹ میں ایک کمپنی کا سی ای او اپنی ہی کمپنی کے ایک ڈپارٹمنٹ کی ہیڈ کے ساتھ رنگے ہاتھوں پکڑا گیا اور پوری دنیا نے انہیں دیکھا۔ ایک گھنٹہ کے اندر اندر اس مرد کی بیوی نے اپنے سوشل میڈیا اکاونٹ سے اپنے شوہر کا نام ہٹا دیا اور ایک مہینہ کے اندر طلاق کی درخواست جمع کروادی۔ جس دن انہیں رنگے ہاتھوں پکڑا گیا اس کے چوبیس گھنٹے کے اندر سی ای او کو ملازمت سے فوری طور پر معطل کردیا گیا اور ایک ہفتہ کے اندر سی ای او نے ملازمت سے استعفیٰ دے دیا۔ اس کے بعد وہ دونوں گمنام ہوگئے۔ مرد نے پوری دنیا سے درخواست کی کہ وہ خبروں سے دور رہنا چاہتا ہے۔

اب ذرا پاکستان کے مسلمانوں کا حال سنیں۔ ایف آئی آر جمع کروانے کے بعد یہ بات سامنے آگئی ہے کہ رکن قومی اسمبلی ثاقب اداکارہ مومنہ کے ساتھ پچھلے پانچ سال سے ریلیشن یعنی زنا میں مبتلا تھا۔ یہ میں نہیں ثاقب کا وکیل چیخ چیخ کر میڈیا پر پوری دنیا کو بتا رہا تھا۔ مغربی ممالک کے دورے، شاپنگ اور بینک اکاونٹ میں پیسے ڈالنے کے شواہدات پیش کیے جاچکے ہیں۔ لاکھوں کی ایک ٹویوٹا گاڑی مومنہ کی ماں کے زیر استعمال ہے، دوسرء مومنہ کے زیر استعمال ہے۔ مومنہ کا کوئی قصور نہیں کیونکہ اس کا کام ہی رجھا کر مال بٹورنا ہے۔ ضیاء الحق کے دور میں لاہور اور ملتان کی ہیرا منڈی ختم ہونے کے بعد طوائفیں پورے پاکستان میں پھیل گئی تھیں اور ماڈرن میڈیا نے انہیں اور ان کی اگلی نسلوں کو ہاتھوں ہاتھ لیا جس میں موجودہ ٹی وی چینلز کا کردار قابل غور ہے۔ مجھے نہیں معلوم کہ کشمیر کی ہیرا منڈی کہاں تھی لیکن ثاقب کے گھر میں بیٹھی شریف زادی مسلمان بیوی کو کوئی فرق نہیں پڑتا شوہر کے پانچ سال کے غیر قانونی غیر شرعی تعلق پر کہ وہ شوہر کو چھوڑ کر جاتی؟؟؟؟ رکن قومی اسمبلی کے والد اور والدہ نے خود کو اپنے غیر شرعی تعلق رکھنے والے بیٹے سے علیحدگی اختیار کرنے یا عاق کرنے کا کوئی اعلان نہیں کیا؟؟؟؟ بیٹے کے کردار پر انہیں کوئی اعتراض ہ ءنہیں؟؟؟

جو مومنہ سے شادی کرنے جارہا ہے اسے اپنی ہونے والی بیوی کے کردار سے کوئی لینا دینا نہیں یعنی باکردار اور بدکردار میں پاکستان کے مسلمانوں کے لئے کوئی فرق نہیں کوئی حیثیت ہی نہیں؟؟؟

پاکستان کی صوبائی اسمبلی کے رکن کی تنخواہ ایک سے ڈیڑھ لاکھ مختص ہے۔ کروڑوں روپے اور گاڑیاں مومنہ پر وار کر پولیس کو ثبوت جمع کروانے کے بعد بھی پاکستان کا انکم ٹیکس ڈپارٹمنٹ حرکت میں نہیں آیا کہ یہ کروڑوں روپے آئے کہاں سے؟؟؟ اس بات کی تصدیق ہوجانے کے بعد کہ رکن قومی اسمبلی پچھلے پانچ سال سے غیر قانونی غیر شرعی تعلق میں تھا، اس کے غیر اخلاقی غیر شرعء کردار کی تصدیق کے بعد بھی اس کو رکن قومی اسمبلی کے عہدے سے معطل کرنے والا کوئی نہیں؟؟؟ کیا پاکستان کے آئین میں قومی اسمبلی کا رکن بننے کے لئے باکردار ہونا شرط ہ ءنہیں؟؟؟ مغربی ملک میں تو ایک پرائیوٹ کمپنی کے عہدیدار کے لئے باکردار ہونا لازمی ہے۔۔۔۔ تو آج قرآن کے اصول وقوانین پر کون عمل کررہا ہے؟؟؟ شادی سے پہلے مرد و عورت جو کرتے پھریں لیکن شادی کے بعد دنیا کے ہر مذہب ہر قوم ہر ملک کے رہنے والے کا ایک ہی اصول ہے جو قرآن میں درج ہے کہ شوہر اور بیوی ایک دوسرے کے لباس ہیں اور ایک دوسرے سے سکون حاصل کرنے کے لئے شادی کرتے ہیں لیکن شوہر یا بیوی میں سے ایک بھی بیوفائی کرے تو قابل قبول نہیں لیکن پاکستان اور پاکستانیوں کے لئے سب کچھ قابل قبول ہے۔ گورے سرعام شراب پیتے ہیں، جوا کھیلتے ہیں اور زنا کرتے ہیں۔ آج پاکستان کے مسلمان بھی یہ سب کرتے ہیں لیکن چھپ کر۔ گورے حرام جانور کا گوشت کھاتے ہیں اور اللہ کو نہیں مانتے۔ ان پانچ کاموں کے علاوہ ہر وہ کام کرتے ہیں جو اللہ مسلمان میں دیکھنا چاہتا ہے اور مسلمان منافقت کا لبادہ اوڑھ کر خود کو بہتر اعلیٰ وارفع سمجھتے ہیں لیکن سمجھنے سے کیا ہوگا۔ اللہ تو جانتا ہے۔ دیکھ رہا ہے۔ یہ کس کو دھوکہ دیتے ہی؟؟؟ پورا میڈیا خبریں چمکانے اور مال بنانے میں مشغول ہے

وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب

سفیرِ قلم
محمد الیاس گجر

وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگ زیب نے کچھ روز پہلے کہا تھا کہ آئندہ بجٹ میں ٹیکس دہندگان پر مزید بوجھ نہیں ڈالا جائے گا بلکہ ٹیکس نیٹ کو وسعت دے کر معیشت کے ان شعبوں کو ٹیکس کے دائرہ کار میں لایا جائے گا جو اَب تک ٹیکس نیٹ سے باہر ہیں۔ بظاہر یہ ایک خوش آئند اعلان ہے کیونکہ ہمارے ہاں ٹیکس کا نظام طویل عرصے سے عدم توازن کا شکار ہے۔ یہاں تنخواہ دار طبقہ' رجسٹرڈ کاروبار اور دستاویزی معیشت سے وابستہ لوگ تو ٹیکس ادا کرتے ہیں جبکہ معیشت کا ایک بڑا حصہ اس ذمہ داری سے تقریباً آزاد ہے۔ تاہم سوال یہ ہے کہ کیا اس بار واقعی صورتحال مختلف ہوگی یا ماضی کی طرح اضافی بوجھ پھر انہی طبقات پر پڑے گا جو پہلے ہی ٹیکس نیٹ میں ہیں؟ مالی سال 27-2026ء کے لیے ایف بی آر کا ہدف 15267 ارب روپے مقرر کیا گیا ہے جو رواں مالی سال کے مقابلے میں تقریباً 7.13 فیصد یا 1833 ارب روپے زیادہ بنتا ہے۔ ان اضافی محصولات کے لیے آئی ایم ایف نے جو اصلاحات تجویز کی ہیں ان میں صوبوں کو اضافی 430 ارب روپے جمع کرنے کے علاوہ پٹرولیم لیوی میں اضافے سمیت کئی طرح کے اقدامات شامل ہیں۔ آئی ایم ایف کی ان ہدایات کی روشنی میں بظاہر یہ ماننا مشکل ہے کہ آنے والا بجٹ نئے ٹیکسوں سے بالکل پاک ہوگا' بلکہ سوال یہ ہونا چاہیے کہ نیا مالی بوجھ کتنا ہوگا۔ جہاں تک ٹیکس نیٹ کو بڑھانے اور کمپلائنس اور انفورسمنٹ کی بات ہے تو یہ اصولی طور پر درست بلکہ ناگزیر ہے کہ غیر دستاویزی معیشت کو ٹیکس نیٹ میں لایا جائے۔ ملکِ عزیز کی معیشت کا ایک بڑا حصہ بدستور نقد لین دین پر مشتمل ہے اور مختلف اندازوں کے مطابق معیشت کا ایک وسیع حصہ مکمل طور پر دستاویزی نظام سے باہر ہے۔

اگر ہول سیل اور ریٹیل تجارت' ریئل اسٹیٹ اور زرعی آمدنی کے بڑے حصے اور دیگر غیر رجسٹرڈ شعبے ٹیکس نظام میں شامل ہو جائیں تو نہ صرف محصولات میں اضافہ ہوسکتا ہے بلکہ ٹیکس نظام میں انصاف بھی پیدا ہوسکتا ہے۔ نیا مالی بوجھ کتنا ہوگا۔ جہاں تک ٹیکس نیٹ کو بڑھانے اور کمپلائنس اور انفورسمنٹ کی بات ہے تو یہ اصولی طور پر درست بلکہ ناگزیر ہے

کہ غیر دستاویزی معیشت کو ٹیکس نیٹ میں لایا جائے۔ ملکِ عزیز کی معیشت کا ایک بڑا حصہ بدستور نقد لین دین پر مشتمل ہے اور مختلف اندازوں کے مطابق معیشت کا ایک وسیع حصہ مکمل طور پر دستاویزی نظام سے باہر ہے۔ اگر ہول سیل اور ریٹیل تجارت' ریئل اسٹیٹ اور زرعی آمدنی کے بڑے حصے اور دیگر غیر رجسٹرڈ شعبے ٹیکس نظام میں شامل ہو جائیں تو نہ صرف محصولات میں اضافہ ہوسکتا ہے بلکہ ٹیکس نظام میں انصاف بھی پیدا ہوسکتا ہے۔ ہر سال بجٹ سے پہلے یہ دعویٰ کیا جاتا ہے کہ ٹیکس چوری کرنیوالوں اور ٹیکس نیٹ سے باہر شعبوں کو ٹیکس نیٹ میں لایا جائے گا لیکن بجٹ کے نفاذ کے بعد یہ بھاری پتھر کوئی بھی نہیں اٹھاتا اور ٹیکس کا بوجھ حسبِ معمول بالواسطہ ٹیکسوں اور پہلے سے ٹیکس دینے والوں کو اٹھانا پڑتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس بار بھی عوام اور ماہرینِ معیشت 'مزید ٹیکس' کے بجائے 'مزید ٹیکس دہندگان' کے حکومتی دعوے کو محتاط نظروں سے دیکھ رہے ہیں۔ معیشت کا سب سے بڑا چیلنج صرف محصولات اکٹھے کرنا نہیں بلکہ عوامی اعتماد بحال کرنا بھی ہے۔ جب ایک ٹیکس گزار ملازم اپنی تنخواہ سے باقاعدگی سے ٹیکس کٹتا دیکھتا ہے مگر غیر رجسٹرڈ شعبوں کو کوئی نہیں پوچھتا تو اس سے نظام کے بارے میں بے اعتمادی پیدا ہونا یقینی ہے۔ یہی احساس ٹیکس کلچر کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ بنتا ہے۔ چنانچہ محض ٹیکسوں میں اضافہ یا نئے اہداف مقرر کردینا مسئلے کا حل نہیں اصل ضرورت انتظامی اصلاحات' ڈیجیٹل معیشت کے فروغ' ٹیکس چوری کی روک تھام' سرکاری اخراجات میں کفایت شعاری اور اقتصادی سرگرمیوں کے فروغ کی ہے۔ اگر صنعتیں اور کاروبار ترقی کریں گے تو محصولات خود بخود بڑھیں گے لیکن اگر معاشی سرگرمی سست رہی اور محصولات کا بوجھ صرف موجودہ ٹیکس دہندگان پر پڑتا گیا تو سرمایہ کاری' روزگار اور معاشی نمو پر اس کے منفی اثرات مرتب ہوں گے۔

اس نقطہ نظر سے آئندہ بجٹ حکومت کیلئے ایک امتحان ہے۔ اگر واقعی غیر دستاویزی معیشت کو ٹیکس نیٹ میں لانے کیلئے موثر اور قابلِ عمل اقدامات کیے جائیں تو یہ ایک مثبت پیش رفت ہوگی لیکن اگر ماضی کی روایت برقرار رہی اور محصولات کا بھاری بوجھ تنخواہ دار طبقے اور دستاویزی معیشت پر ڈالا گیا۔

تو نہ صرف عوامی بے چینی بڑھے گی بلکہ ٹیکس نظام پر اعتماد بھی مزید کمزور ہوگا۔

انفارمیشن اور توانائی کا حیران کن تعلق

پچھلے مضمون میں میں نے اینٹروپی کا تصور واضح کرنے کی کوشش کی۔ یہ تصور کائنات کے ارتقا سے وابستہ ایک انتہائی اہم تصور ہے۔ ایک نسبتاً جدید دریافت یہ ہے کہ حیرت انگیز طور پر اینٹروپی کا انفارمیشن سے گہرا تعلق ہے۔ اس تعلق کی تفہیم اس مضمون کا موضوع ہے۔ اٹھارہویں صدی کے وسط میں ایک ایسے انجن کی تلاش میں جس کی کارکردگی بہترین ہو، فزکس کی ایک نئی برانچ، تھرموڈینامکس، کی بنیاد رکھی گئی۔ اسی دوران تھرموڈینامکس کے قوانین دریافت ہوئے۔ یہ قوانین حیرت انگیز طور پر پائیدار ثابت ہوئے ہیں۔ بیسویں صدی کے آغاز میں نظریہ اضافیت اور کوانٹم مکینکس کے انقلابی نظریات کی آمد سے انیسویں صدی کی طبیعات کے نظریات کی بنیادیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوگئیں۔ تاہم، حیرت انگیز طور پر تھرموڈینامکس کے قوانین اپنی جگہ پر قائم ہیں۔ جیسا کہ پچھلے مضامین میں، میں نے وضاحت کی کہ تھرموڈینامکس کا دوسرا اصول ہمیں کسی فزیکل سسٹم کے ارتقا کو سمجھنے میں مدد دیتا ہے۔ یہ اصول تقریباً دو سو سال سے مختلف انداز میں زیر بحث رہا ہے۔ اس اصول کا ایک نتیجہ تو یہ ہے کہ ایک مستقل (perpetual) مشین بنانا ناممکن ہے۔ اس اصول کو اٹھارہویں صدی میں مختلف سائنسدانوں نے مختلف انداز میں بیان کیا۔ جرمن سائنسدان رڈولف کلاسیس (ClausiusRudolf) کی تعریف کے مطابق حرارت ہمیشہ گرم شے سے ٹھنڈی شے کی طرف سفر کرتی ہے۔ یہ کبھی نہیں ہوتا کہ حرارت سرد شے سے گرم شے کی طرف سفر کرے۔

دوسری تعریف یہ ہے کہ کسی فزیکل پراسس میں ہمیشہ اینٹروپی میں اضافہ ہوتا ہے۔ پھر لارڈ کیلون اور میکس پلانک سے وابستہ تعریف یہ ہے کہ کسی ایک حرارت کے منبع سے ایسا انجن بنانا ناممکن ہے جس سے کوئی مفید کام لیا جاسکے۔ مثال کے طور پر سمندر کے پانی میں حرارت کی توانائی تقریباً لامحدود ہوتی ہے۔ لیکن بحری جہاز اکیلے اس توانائی پر نہیں چل سکتا۔ تھرموڈینامکس (thermodynamics) کے قانون کے مطابق توانائی کے بیرونی ذرائع کے بغیر محض سمندر کے پانی سے کشیدہ توانائی سے بحری جہاز کو چلانا ممکن نہیں۔ اس بارے میں یہ بات قابل ذکر ہے کہ 2003 میں، میں نے اپنے ساتھیوں کے ساتھ ایک کوانٹم انجن کا تصور پیش کیا تھا جس کے مطابق کیلون اور پلانک سے وابستہ تھرموڈینامکس کے قانون کو چیلنج کرنا ممکن ہوا۔ لیکن ایسا کوانٹم انجن اینٹروپی میں اضافے سے وابستہ اصول پر پورا اترتا ہے۔ لیکن دلچسپ بات یہ ہے کہ 1867 میں سکاٹ لینڈ کے سائنسدان کلارک میکسویل نے ایک سادہ سسٹم پیش کیا جس کے مطابق تھرموڈینامکس کے دوسرے اصول کو غلط ثابت کیا جاسکتا تھا۔ اس بات کو پوری طرح سمجھنے میں کہ ایسا ہرگز نہیں ہوسکتا اور یہ ثابت کرنے میں کہ تھرموڈینامکس کا دوسرا اصول درست ہے، سو سال کا عرصہ لگا۔

یہ اس سفر کی کہانی ہے۔ میکسویل نے ایک ایسے ڈبے کا تصور کیا جسے درمیان میں ایک دیوار کے ذریعے دو حصوں میں تقسیم کیا گیا تھا۔ دونوں حصوں میں گیس کے ایٹم ایک مخصوص درجہ حرارت پر کسی بیرونی اثر کے بغیر آزادانہ گھوم پھر رہے ہیں۔ دونوں حصوں میں کچھ ایٹم زیادہ رفتار اور کچھ کم رفتار سے حرکت کررہے ہیں۔ لیکن ان کی اوسط رفتار دونوں حصوں میں یکساں ہے۔ اس طور دونوں حصوں میں درجہ حرارت برابر ہے۔ درجہ حرارت کا تعلق ایٹموں کے اوسط درجہ حرارت سے ہوتا ہے۔ جب اوسط رفتار زیادہ ہوتی ہے تو درجہ حرارت زیادہ ہوتا ہے اور جب اوسط رفتار کم ہوتی ہے تو درجہ حرارت کم ہوتا ہے۔ میکسویل نے تصور کیا کہ درمیان کی دیوار میں ایک چھوٹا سا دروازہ موجود ہے جس پر ایک نہایت ذہین "شیطان" بیٹھا ہے۔ اس کو demonMaxwell کا نام دیا گیا۔ دروازے بغیر کسی مزاحمت کے کھلتا اور بند ہوتا ہے اور اس کو کھولنے اور بند کرنے میں کوئی توانائی کی ضرورت نہیں۔ یہ شیطان ایٹموں کی رفتار دیکھتا ہے۔ اگر کوئی تیز رفتار ایٹم بائیں حصے سے آئے تو شیطان دروازہ کھول کر اسے دائیں حصے میں جانے دیتا ہے۔ اور اگر کوئی سست رفتار مالیکیول دائیں حصے سے آئے تو اسے بائیں حصے میں جانے دیتا ہے۔

کچھ دیر بعد دایاں حصہ زیادہ گرم ہوجاتا ہے کیونکہ وہاں تیز رفتار ایٹم جمع ہوجاتے ہیں۔ اور بائیں حصہ ٹھنڈا ہوجاتا ہے کیونکہ وہاں سست ایٹم رہ جاتے ہیں۔ اہم بات یہ ہے کہ یہ عمل بظاہر کسی توانائی خرچ کیے بغیر انجام پارہا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ ایک ہی درجہ حرارت والی گیس خود بخود گرم اور ٹھنڈے حصوں میں تقسیم ہوجاتی ہے۔

لیکن یہ تو حرارت کے دوسرے اصول کی صریحاً خلاف ورزی ہے۔ اس اصول کے تحت اگر گرم اور ٹھنڈی گیس کو ملا دیا جائے تو دونوں کا درجہ حرارت برابر ہوجاتا ہے۔ لیکن خود بخود ایسا کبھی نہیں ہوتا کہ ایک مخصوص درجہ حرارت پر موجود گیس اس طرح دو حصوں میں تقسیم ہوجائے کہ ایک حصہ گرم اور دوسرا ٹھنڈا ہوجائے۔ میکسویل کے شیطان کی کارروائی کے نتیجے میں یہ ممکن ہوا ہے کہ دو حصوں میں ایک ہی درجہ حرارت پر موجود گیس جس میں انٹروپی یا بے ترتیبی اپنی انتہا پر ہے، دو حصوں میں تقسیم ہوجاتی ہے، ایک میں اوسط رفتار کم اور دوسرے میں زیادہ ہوجاتی ہے اور اس طور انٹروپی کم ہوجاتی ہے۔ اس طور یہ نتیجہ اخذ کیا جاسکتا ہے کہ دونوں حصوں میں گیس کے بکھرے ہوئے مالیکیول کی انٹروپی کم ہوگئی۔ لیکن حرارت کے دوسرے قانون کے مطابق انٹروپی کم نہیں ہونی چاہیے۔ اہم بات یہ ہے کہ میکسویل کے شیطان نے اپنے عمل کے دوران کوئی توانائی نہ تو خرچ کی اور نہ ہی حرارت یا کسی اور شکل میں توانائی پیدا کی۔ بہت عرصے تک یہ مسئلہ سائنسدانوں کے لیے ایک معمہ بنا رہا۔ یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ حرارت کا دوسرا اصول، جس کی بنیاد پر کسی نظام کے ارتقا کو سمجھنا ممکن ہو، غلط ثابت ہوجائے۔ اگر دروازہ کھولنے اور بند کرنے میں کسی توانائی کی ضرورت نہیں، تو پھر توانائی کہاں سے آئی جس نے گرم اور سرد ایٹموں کو علیحدہ حصوں میں تقسیم کردیا۔ اس سوال کا جواب دینے میں پہلی پیش رفت ہنگری کے سائنسدان لیو زیلارڈ (SzilardLeo) نے کی۔ 1929 میں زیلارڈ نے میکسویل کے شیطان کا ایک عملی مظاہرہ پیش کیا جس نے تھرموڈینامکس کے قوانین کو سمجھنے میں اہم رول ادا کیا۔

بعد از معرکہِ اخوند سالاک: ڈوما کافر کا چھلیس قبیلہ اور شجرہ نسب

تاریخ کا سفر بسا اوقات حکمرانوں اور سلطنتوں کو محض لوک داستانوں کی دھند میں چھپا دیتا ہے۔ ایسی ہی ایک تاریخی شخصیت ''ڈوما سنگ'' المعروف ڈوما کافر کی ہے، جو ستر ہویں صدی تک دریائے سندھ کے کناروں، بونیر، شانگلہ اور تورغر کے فلک بوس پہاڑوں پر محیط ایک آزاد ریاست کا حکمران تھا۔ اُسکی حکومت کا خاتمہ محمد اکبر شاہ المعروف اخوند سالاک اور بہاکو خان کی مشترکہ مہم کے نتیجے میں ہوا۔ اگرچہ ڈوما سنگ کی سیاسی بساط صدیوں پہلے لپیٹ دی گئی تھی، مگر موجودہ دور کے موؤرخین اور ماہرینِ لسانیات کیلئے اُسکی اصل نسلی شناخت، اُسکا قبیلہ اور اُسکی اولاد سے پھوٹنے والی شاخیں آج بھی تاریخ کا ایک انتہائی دلچسپ، منفرد اور اہم باب ہیں۔ ڈوما سنگ کی نسلی حقیقت کو سمجھنے کیلئے پہلے اُس دور کے ''داردستان'' کے جغرافیے اور اُس کی اقوام کو سمجھنا ضروری ہے۔ قدیم زمانے میں چترال سے لے کر کشمیر تک پھیلا ہوا یہ پورا پہاڑی خطہ داردستان کہلاتا تھا، جہاں کوئی ایک مرکزی بادشاہت قائم نہیں تھی، بلکہ مختلف وادیوں میں مقامی سردار، میر، مہتر اور راجگان اپنی بستیوں پر خود مختار حکمرانی کرتے تھے۔ داردستان کے یہ قدیم داردی قبائل شین، یشکن، کمین، توروال، کتہ، کھو، پشائی، گاؤ موری، گبارہ اور چھلیس جیسے بڑے اور معتبر نسلی گروہوں میں تقسیم تھے، جن کی تاریخ کا زیادہ تر دارومدار نسل در نسل منتقل ہونیوالی زبانی روایات اور لوک داستانوں پر ہے۔ جہاں تک ڈوما سنگ کی نسلی شناخت کا تعلق ہے، تو موؤرخین کے ہاں اِس بارے

انٹرنیشنل

کولکتہ، بھارت میں تمباکو نوشی کے عالمی دن کے موقع پر ایک کارکن آگاہی ریلی میں شرکت کر رہا ہے

متحدہ عرب امارات میں پیٹرول، ڈیزل مہنگا

ابوظہبی (این این آئی) یو اے ای کی فیول پرائس کمیٹی نے جون کے مہینے کے لیے پیٹرول اور ڈیزل کی نئی قیمتوں کا اعلان کر دیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق نئی قیمتوں کے تحت سپر 98 پیٹرول کی قیمت 3.66 سے بڑھا کر 3.95 درہم فی لیٹر مقرر کی گئی ہے جبکہ اسپیشل 95 پیٹرول 3.55 سے بڑھ کر اب 3.83 درہم فی لیٹر میں دستیاب ہوگا۔ امارات میں ای پلس پیٹرول کی قیمت 3.76 درہم فی لیٹر کر دی گئی ہے جو مئی میں 3.48 درہم تھی۔ دوسری جانب امارات میں ڈیزل کی قیمت 4.69 درہم سے کم کر کے 4.33 درہم فی لیٹر مقرر کی گئی ہے۔ سپر 98 پیٹرول کی قیمت 3.66 سے بڑھا کر 3.95 درہم فی لیٹر مقرر

ہزاروں شہری میڈرڈ کی سڑکوں پر جمع ہیں، زندگی کے حق، انسانی وقار اور مادریت کی حمایت میں مظاہرے کے لیے

مدینہ منورہ کھجور بازار کی فروخت 20 دنوں میں 12 ملین ریال تک پہنچ گئی

فروخت ہونے والی کل مقدار 724.4 ہزار کلوگرام رہی، عجوہ، صفاوی اور صقعی سرفہرست

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کی وزارت برائے ماحول، پانی و زراعت کے مدینہ منورہ کے شعبے کی جانب سے جاری کردہ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ گزشتہ 20 دنوں کے دوران مدینہ منورہ کے مرکزی کھجور بازار میں کھجوروں کی فروخت کا حجم تقریباً 724.4 ہزار کلوگرام رہا جس کی مالیت نیلامی کے 20 راستوں کے ذریعے تقریباً 12 ملین ریال رہی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ان میں مرکزی ہال کے اندر ایئر کنڈیشنڈ راستے اور ریٹیل سیلز آؤٹ لیٹس شامل ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ عجوہ، صفاوی اور صقعی کھجوریں سب سے زیادہ فروخت ہونے والی اقسام میں سرفہرست رہیں۔ اس کی وجہ خاص طور پر حج کے سیزن میں مقامی کھجوروں کی مصنوعات کے لیے زائرین اور خریداروں کی بڑھتی ہوئی مانگ ہے۔ اس بات کی بھی وضاحت کی گئی ہے کہ شعبے سے وابستہ فیلڈ عملے نے چوبیس گھنٹے اپنی نگرانی اور رہنمائی کا کام جاری رکھا جس کے دوران 384 سے زائد فیلڈ دورے کیے گئے تاکہ فنی وصحت کے ضوابط پر عمل درآمد کی تصدیق کی جا سکے اور مصنوعات کے معیار اور ذخیرہ اندوزی کے عمل کی حفاظت کو یقینی بنایا جا سکے۔ اس کے ساتھ ساتھ بازار میں سامان پہنچانے والی 930 سے زیادہ گاڑیوں کے داخلے کو منظم کیا گیا۔ مدینہ منورہ کا علاقہ مملکت سعودی عرب میں کھجور پیدا کرنے والا تیسرا بڑا علاقہ ہے اور یہ کل قومی پیداوار میں تقریباً 15 فیصد حصہ ڈالتا ہے کیونکہ یہاں تقریباً 8 ملین کھجور کے درخت اور کھجور کے 20 کارخانے موجود ہیں۔ گزشتہ سال کے دوران پیداوار کے حجم میں گزشتہ سال کے مقابلے میں 31 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا جس کی مالیت ایک ارب ریال سے تجاوز کر گئی۔

میں میدان میں ڈٹا ہوا ہوں: ایرانی صدر نے اپنے استعفے کی تردید کر دی

ایران مشکلات سے بھرے راستے پر گامزن، عوام کے سامنے مسائل اصل شکل میں پیش کرتے ہیں، پزشکیان

ریاض (این این آئی) ایرانی صدارتی دفتر نے صدر مسعود پزشکیان کے استعفے سے متعلق رپورٹس کی صحت کی تردید کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا ہے کہ مسعود پزشکیان معمول کے مطابق اپنے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ ایرانی صدر نے خود براہ راست بیانات جاری کیے جن میں انہوں نے ملک کو درپیش چیلنجز کے باوجود اپنی ذمہ داریاں جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ یہ تردید ان رپورٹس اور افواہوں کی گردش کے بعد سامنے آئی ہے جن میں ایران کو درپیش پیچیدہ سیاسی اور معاشی حالات کے تناظر میں مسعود پزشکیان کے دستبردار ہونے یا استعفیٰ دینے کے امکان کا ذکر کیا گیا تھا۔ ایرانی میڈیا کی جانب سے نقل کیے گئے بیانات میں مسعود پزشکیان نے کہا کہ میں میدان میں ڈٹا ہوا ہوں اور کسی بھی واقعے کے لیے تیار ہوں۔ انہوں نے موجودہ مرحلے کے دوران کام جاری رکھنے سے اپنے وابستہ رہنے پر زور دیا۔ ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے مزید کہا کہ ایران مشکلات سے بھرے راستے پر گامزن ہے۔ ان کا اشارہ اس طرف تھا کہ ایران کو معاشی، سیاسی اور سکیورٹی کی سطحوں پر چیلنجز درپیش ہیں۔ ایرانی صدر نے بحرانوں سے نمٹنے میں اپنی حکومت کے طریقہ کار پر بھی زور دیتے ہوئے کہا کہ ہم ایرانی عوام کے سامنے مسائل کو ان کی اصل شکل میں پیش کرتے ہیں۔ اس بیان سے مسعود پزشکیان نے موجودہ چیلنجز کے حجم کے بارے میں عوامی رائے عامہ کے ساتھ سچائی اور شفافیت کی ضرورت پر زور دیا۔ یہ بیانات ایک ایسے وقت میں سامنے آئے ہیں جب ایرانی حکومت کو معاشی حالات، گزشتہ مہینوں کے دوران ملک میں ہونے والی جنگ کے اثرات اور اس کے ساتھ ساتھ کئی متنازع معاملات کے حوالے سے امریکہ کے ساتھ بالواسطہ مذاکرات کے جاری رہنے کے نتیجے میں بڑھتے ہوئے دباؤ کا سامنا ہے۔ سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی افواہ اور میڈیا رپورٹس نے پزشکیان کے سیاسی مستقبل کے بارے میں قیاس آرائیاں بڑھا دی تھیں۔ تاہم بعد میں ایرانی صدارتی دفتر نے فوری طور پر ان قیاس آرائیوں کی قطعی تردید کر دی ہے۔ مسعود پزشکیان کے بیانات کو ان کی سیاسی حیثیت کے بارے میں جاری بحث کو قابو میں کرنے اور ریاستی اداروں کے استحکام پر زور دینے کی ایک کوشش کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔ پزشکیان کے بیانات ایک ایسے وقت میں آئے جب ایران ایک حساس مرحلے سے گزر رہا جہاں معاشی، سکیورٹی اور سفارتی معاملات ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں۔

نیتن یاہو کا بیروت کو دوبارہ نشانہ بنانے پر غور، امریکہ کی منظوری کے خواہاں

اسرائیلی قیادت اہداف کی فہرست کو وسعت دینے اور حزب اللہ پر فوجی دباؤ بڑھانے پر غور کر رہی ہے، رپورٹ

تل ابیب (این این آئی) اسرائیل نے جنوبی لبنان میں اپنی فوجی کارروائیاں تیز کر دی ہیں۔ یہ تیزی وزیر اعظم بنیامین نیتن یاہو کی جانب سے لبنان کی صورتحال پر ایک خصوصی سکیورٹی تشخیصی اجلاس منعقد کرنے کے ساتھ ہی ہوئی ہے۔ اسرائیلی ٹی وی کے مطابق نتنیاہو نے لبنانی محاذ پر میدانی پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے ایک سکیورٹی اجلاس منعقد کیا۔ خیال رہے حالیہ دنوں میں اسرائیلی فوجی کارروائیاں مسلسل جاری ہیں اور ان کے دائرہ کار میں توسیع ہو رہی ہے۔ تصادم کے دائرہ کار میں ممکنہ توسیع کے ایک اور اشارے کے طور پر اسرائیلی میڈیا رپورٹ کیا کہ نیتن یاہو نے سکیورٹی تشخیصی اجلاس کے دوران لبنان میں فوجی کارروائیوں کو وسعت دینے کے اختیارات پر بحث کی جس میں دارالحکومت بیروت کو دوبارہ نشانہ بنانا بھی شامل ہے۔ رپورٹ کے مطابق اسرائیلی قیادت اہداف کی فہرست کو وسعت دینے اور حزب اللہ پر فوجی دباؤ بڑھانے پر غور کر رہی ہے اگر اسرائیل کے خلاف حملے جاری رہے۔ یہ ایک ایسا قدم ہے جو مہینوں سے جاری تصادم کے دھارے میں ایک اہم موڑ ثابت ہو سکتا ہے اور صورتحال کے وسیع تر تصادم کی طرف بڑھنے کے خدشات پیدا کر رہا ہے۔ اسرائیلی قیادت اہداف کی فہرست کو وسعت دینے اور حزب اللہ پر فوجی دباؤ بڑھانے پر غور کر رہی ہے، رپورٹ

مظاہرین فلہارمونک ہال سے پارلیمنٹ کی عمارت تک مارچ کر رہے ہیں

اماراتی حلقوں کی پاکستانیوں کی مبینہ بے دخلی کی تردید

دبئی (این این آئی) اماراتی حلقوں نے یو اے ای سے پاکستانیوں کی مبینہ بے دخلی کی پرزور تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ امارات میں کوئی بھی کارروائی رنگ و نسل و مسلک و مذہب کے بجائے قانون کے مطابق ہوتی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق متحدہ عرب امارات میں پاکستانی شہریوں کی مبینہ بے دخلیوں سے متعلق بین الاقوامی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے بعد سوشل میڈیا پر مختلف آرا سامنے آ رہی ہیں جس پر اماراتی حکومت کی جانب سے کوئی باضابطہ ردعمل جاری نہیں کیا گیا۔ البتہ متحدہ عرب امارات کے حکومتی حلقوں سے قریبی تعلق رکھنے والے بعض اماراتی سوشل میڈیا مبصرین اور تجزیہ کاروں نے رپورٹ میں فرقہ وارانہ پہلو کو مسترد کیا ہے۔ انہوں نے موقف اختیار کیا ہے

میڈرڈ، سپین میں صحت عامہ کے نظام کی حمایت میں ایک مظاہرے کے دوران ہزاروں شہری اور طبی پیشہ ور افراد پلازہ ڈی سیبلز میں جمع ہیں

SPORTS سپورٹس

گلاسگو: ہیمپڈن پارک میں سیلٹک اور رینجرز کے درمیان سکاٹش گیس ویمنز سکاٹش کپ کے فائنل میچ کے دوران سیلٹک ٹیم اپنی فتح کا پورا وقت منا رہی ہے۔

قومی انڈر 17-فٹبال چیمپئن شپ کی بحالی کا اعلان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان فٹ بال فیڈریشن (پی ایف ایف) نے ملک میں گراس روٹ لیول پر فٹبال کی بحالی اور ترقی کیلئے قومی انڈر 17-فٹبال چیمپئن شپ کی بحالی کا اعلان کر دیا جس میں ملک بھر کی علاقائی ٹیمیں حصہ لیں گی۔ پی ایف ایف صدر سید محسن گیلانی نے اپنے بیان میں کہا کہ یہ چیمپئن شپ فٹبال مقابلوں کے کیلنڈر کا پہلا ستون ہے جسے پی ایف ایف وسعت دینے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا ہر نوجوان کھلاڑی ایک منظم اور مسابقتی راستے اور مواقع کا مستحق ہے، اور ہم اسے تعمیر کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔ پی ایف ایف کے چیف آپریٹنگ آفیسر شاہد نیاز کھوکھر نے کہا کہ پاکستان کا فٹ بال مستقبل اس کے نوجوان مقابلوں کے معیار پر استوار ہوگا۔ انڈر 17-چیمپئن شپ پاکستان میں ایک پائیدار فٹ بال پیرامڈ کی تعمیر کے پی ایف ایف کے وسیع تر مینڈیٹ کا حصہ ہے

مولبرون: (ایل آر) بیلجیئم کے جوران ڈریسن، جرمنی کے سیڈرک آسٹر ہولٹ اور جرمنی کے جین بوٹل 3.70 IRONMAN کر چکا ورلیس کے بعد پوڈیم پر پوز دے رہے ہیں

راشد لطیف نے پاکستانی بلے بازوں کو ڈومیسٹک اور کلب لیول کے بیٹرز قرار دے دیا

بابر اعظم سمیت کسی بھی بلے باز کو دیکھ کر یہ نہیں لگا کہ وہ ورلڈ کلاس بیٹنگ کر رہے ہیں، سابق وکٹ کیپر کی شدید تنقید

کراچی (این این آئی) پاکستان کے سابق وکٹ کیپر بلے باز راشد لطیف نے آسٹریلیا کے خلاف پہلے ون ڈے میں کامیابی کے باوجود پاکستانی بیٹرز کے اندازِ بیٹنگ پر سوال اٹھا دیا۔ میچ پر تبصرہ کرتے ہوئے راشد لطیف نے کہا کہ پاکستانی بلے بازوں کو ڈومیسٹک اور کلب لیول کے بیٹرز قرار دے دیا۔ انہوں نے کہا کہ بابر اعظم سمیت کسی بھی بلے باز کو دیکھ کر یہ نہیں لگا کہ وہ ورلڈ کلاس بیٹنگ کر رہے ہیں، انہوں نے کوئی ایسی شارٹس نہیں کھیلیں جس سے لگتا ہو کہ وہ انٹرنیشنل سطح کے کھلاڑی ہیں۔ راشد لطیف نے کہا کہ آسٹریلیا کی اس کم درجے کی بولنگ کے سامنے بھی پاکستانی پلیئرز کی شارٹس سلیکشن ادنیٰ درجے کی تھیں، ایسے تو ڈومیسٹک اور کلب لیول کے پلیئر کھیلتے ہیں۔ سابق ٹیسٹ کرکٹر نے کہا کہ انٹرنیشنل لیول پر آ کر اس طرح کا بیٹنگ انداز جس میں کوئی دنگ کر دینے والی شارٹس نظر نہ آئیں تو ان کھلاڑیوں کو اتنے بھاری معاوضے کیوں دیتے ہیں؟ بابر اعظم سمیت کسی بھی بلے باز کو دیکھ کر یہ نہیں لگا کہ وہ ورلڈ کلاس بیٹنگ کر رہے ہیں، انہوں نے کوئی ایسی شارٹس نہیں کھیلیں جس سے لگتا ہو کہ وہ انٹرنیشنل سطح کے کھلاڑی ہیں۔ بابر اعظم سمیت کسی بھی بلے باز کو دیکھ کر یہ نہیں لگا کہ وہ ورلڈ کلاس بیٹنگ کر رہے ہیں، سابق وکٹ کیپر کی شدید تنقید

فیفا ورلڈ کپ 2026 میں نئی چیزیں متعارف کرائے جانے کا انکشاف

میچز کی تعداد بھی 64 سے بڑھ کر 104 ہوگئی ہے اور کسی بھی ٹیم کو ٹرافی جیتنے کے لیے اب 7 کے بجائے 8 میچز کھیلنے ہوں گے

تین مختلف ممالک میں ناک آؤٹ میچز کی وجہ سے شائقین کو بھی بھاری اخراجات اور ویزا مسائل کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے، رپورٹ

واشنگٹن (این این آئی) فیفا ورلڈ کپ 2026 نئی چیزیں متعارف کرائے جانے کا انکشاف ہوا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سب سے پہلی تبدیلی ٹورنامنٹ کا حجم 32 ٹیموں سے بڑھ کر 48 ٹیموں تک ہو گیا ہے۔ اس ایونٹ میں میچز کی تعداد بھی 64 سے بڑھ کر 104 ہوگئی ہے اور کسی بھی ٹیم کو ٹرافی جیتنے کے لیے اب 7 کے بجائے 8 میچز کھیلنے ہوں گے۔ اس مرتبہ 4 ایسی ٹیمیں بھی شامل ہیں جو اس سے پہلے کبھی ورلڈ کپ نہیں کھیل سکیں، یہ ایونٹ اس لحاظ سے بھی اہمیت کا حامل ہے کہ فیفا ورلڈ کپ کی تاریخ میں یہ پہلا موقع ہے جب تین ممالک مشترکہ طور پر میزبانی کریں گے۔ مختلف ٹائم زونز کے درمیان سفر سے کھلاڑیوں کو تھکاوٹ ہو سکتی ہے اس لیے فیفا سفر کے لیے تین مختلف ٹائم زونز متعارف کروا رہا ہے تاہم گروپ مرحلے کے بعد ٹیموں کو پانچ ہزار کلومیٹر تک کا طویل سفر بھی کرنا پڑ سکتا ہے۔ تین مختلف ممالک میں ناک آؤٹ میچز کی وجہ سے شائقین کو بھی بھاری اخراجات اور ویزا مسائل کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ اس کے علاوہ فیفا ورلڈ کپ کی تاریخ میں پہلی مرتبہ فائنل میچ میں ہاف ٹائم شو کا انعقاد کیا جائے گا جس میں میڈونا، شکیرا اور بی ٹی ایس پرفارم کریں گے۔

برطانوی نژاد پاکستانی باکسر آدم عظیم نے کینیڈین حریف کو شکست دے دی

ناقابل شکست آدم عظیم نے اسٹیو کلیچٹ کو تیسرے راؤنڈ میں ہرایا، دوسرے راؤنڈ میں کلیچٹ کو گرا دیا اور تیسرے میں فتح حاصل کی

لندن (این این آئی) برطانوی نژاد پاکستانی باکسر آدم عظیم نے کینیڈین حریف کو شکست دے دی۔ ناقابل شکست آدم عظیم نے اسٹیو کلیچٹ کو تیسرے راؤنڈ میں ہرایا، اس لائٹ ویلٹر ویٹ مقابلے میں آدم عظیم نے دوسرے راؤنڈ میں کلیچٹ کو گرا دیا اور تیسرے راؤنڈ میں مقابلہ ختم کر کے فتح حاصل کی۔ لندن کے مشہور ویمبلے ارینا میں ہزاروں افراد نے مقابلہ دیکھا، باکسر نے کہا کہ اسٹیو کلیچٹ سے مقابلے کے لیے انھوں نے 12 ہفتے سخت ٹریننگ کی۔ باکسر آدم عظیم نے کہا اسٹیو کلیچٹ بہترین فائٹر ہے، اس کے لیے بھی تالیاں بجائیں۔ انھوں نے کہا میں کینیڈین باکسر کے خلاف فتح پر اللہ کا شکر گزار ہوں، اور پاکستانی عوام کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں جنھوں نے میرے لیے دعائیں کیں۔ یہ مقابلہ دیکھنے کے لیے آدم عظیم کے والدین اور بھائی بھی ویمبلے ارینا میں موجود تھے۔ آدم عظیم کے کوچ شین میلگومگن نے کہا کہ اگر آدم عالمی ٹائٹل نہ جیت سکا تو اس کا مطلب ہوگا کہ میں نے اپنی کوچنگ میں کوئی بہت بڑی غلطی کی ہے، مجھے صرف یہ نہیں لگتا کہ وہ عالمی چیمپئن بنے گا، بلکہ میرا یقین ہے کہ وہ مختلف تنظیموں کے عالمی ٹائٹلز کو یک جا کرنے والا (یونیفائیڈ چیمپئن) اور مختلف ویٹ کیٹیگریز میں عالمی چیمپئن بنے گا۔ انھوں نے کہا ''خاص طور پر 140 پاؤنڈ (لائٹ ویلٹر ویٹ) ڈویژن میں ایسے باکسر بہت کم ہوتے ہیں۔ جب آپ امریکا جاتے ہیں تو آپ کی اصل صلاحیت کا اندازہ ہو جاتا ہے، کیوں کہ وہاں بہترین فائٹرز موجود ہیں۔ آدم وہاں جائے گا، پھر واپس آ کر عالمی ٹائٹلز جیتے گا۔

کوہلی کی شاندار بیٹنگ، آر سی بی نے مسلسل دوسری بار آئی پی ایل ٹائٹل جیت لیا

احمد آباد (این این آئی) رائل چیلنجرز بنگلور (آر سی بی) نے مسلسل دوسری مرتبہ آئی پی ایل کا ٹائٹل اپنے نام کر لیا۔ احمد آباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں کھیلے گئے فائنل میں آر سی بی نے گجرات ٹائٹنز کو 5 وکٹوں سے شکست دے کر ٹرافی اپنے نام کی۔ گجرات ٹائٹنز نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 155 رنز بنائے جس میں واشنگٹن سندر نے نصف سنچری اسکور کی جبکہ آر سی بی کے راسخ دار سلام نے 3 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ 156 رنز کے ہدف کے تعاقب میں آر سی بی نے جارحانہ انداز اپنایا اور 18 اوورز میں ہدف حاصل کر لیا۔ ویرات کوہلی نے ناقابلِ شکست 75 رنز کی شاندار اننگز کھیل کر ٹیم کی فتح میں اہم کردار ادا کیا جبکہ وینکٹیش ایئر اور ٹم ڈیوڈ نے بھی اہم رنز اسکور کیے۔ ویرات کوہلی کو فائنل میں بہترین کارکردگی پر پلیئر آف دی میچ قرار دیا گیا۔ اس کامیابی کے ساتھ آر سی بی مسلسل 2 آئی پی ایل ٹائٹل جیتنے والی تاریخ کی تیسری ٹیم بن گئی ہے۔

آئرلینڈ میں ویمن ٹی 20 ٹرائی سیریز، پاکستانی ٹیم کو مسلسل دوسری شکست ہوگئی

ڈبلن (این این آئی) آئرلینڈ میں ویمن ٹی 20 ٹرائی سیریز، پاکستان ویمن ٹیم کو مسلسل دوسری شکست ہوگئی۔ آئرلینڈ ویمن ٹیم نے پاکستان ویمن ٹیم کو 7 وکٹوں سے شکست دے دی، آئرش ٹیم نے 177 رنز کا ہدف 3 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کیا، آئرلینڈ کی ربیکا سٹوکیل 60 اور ایمی ہنٹر 56 رنز بنا کر نمایاں رہیں۔ پاکستان ویمن ٹیم نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 6 وکٹوں کے نقصان پر 176 رنز بنائے، قومی ویمن ٹیم سیریز میں اپنا تیسرا میچ 3 جون کو ویسٹ انڈیز کے خلاف کھیلے گی۔ پاکستان ویمن ٹیم نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 6 وکٹوں کے نقصان پر 176 رنز بنائے، آئرش ٹیم نے ہدف 3 وکٹوں پر حاصل کیا

ایونسٹن: شکاگو اسٹارز ایف سی کی کیٹی ایٹکنسن #27 مارٹن اسٹیڈیم میں شکاگو اسٹارز ایف سی اور سان ڈیاگو ویو ایف سی کے درمیان NWSL میچ کے دوران گیند کو صاف کر رہی ہے

سان فرانسسکو: گولڈن اسٹیٹ والکیریز کی ٹفنی ہیز #15 نے چیس سینٹر میں چوتھی سہ ماہی میں لاس ویگاس ایسز کی اسٹیفنی ٹالبوٹ #7 کے خلاف گولی ماری

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

چارواہ سیکٹر باؤنڈری پر واقع گاؤں دھمالہ میں پارلیمانی سیکرٹری اریگیشن رانا محمد فیاض کا کامیاب جلسہ

کنگرمو ڑ (عاطف علوی سے) پارلیمانی سیکریٹری اریگیشن رانا محمد فیاض کا چارواہ سیکٹر کی یونین کونسل پریل کے گاؤں دھمالہ میں بڑے جلسہ سے خطاب کیا، جلسہ کا اہتمام چودھری طیب امانت اور چوہدری جاوید اختر نے کیا تھا۔ اہل علاقہ نے رانا محمد فیاض کا تاریخی استقبال کیا۔ عوام نے ترقیاتی منصوبوں کی ان سے ریکارڈ ز فا م کرنے پر رانا محمد فیاض پر گل پاشی کی، بھنگڑے ڈالے اور تعمیر مقدمی نعرے لگا سے۔ اس موقع پر سیاسی وسماجی رہنما چوہدری جاوید حسین آف کنگ، رانا محمد ریاض، رانا احسان احمد، چودھری عاطف علوی، سمیت سیاسی وسماجی شخصیات موجود تھیں۔ جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے رانا محمد فیاض نے بارڈر بیلٹ پر بسنے اور بھارتی بارڈر سکیورٹی فورس کی اشتعال انگیز کارروا یوں کا جرات اور بہادری سے مقابلہ کرنے پر عوام کو سیلیوٹ پیش کیا۔ مزید براں رانا محمد فیاض نے اعلان کیا کہ جو غریب محنت کش خاندان بارڈر بیلٹ کے دیہات میں مقیم ہیں اور وسا ل نہ ہونے کی وجہ سے بھارتی اشتعال انگیزی سے بچنے کے لئے نقل مکانی کرنے سے قاصر ہیں ان کے لیے فی گھرانہ 5 مرلے کے مفت پلاٹ دینے کی تجویز زیر غور ہے اور وہ جلد اس سلسلہ میں وزیر اعلیٰ پنجاب سے درخواست کریں گے۔ انہوں نے چاروا سیکٹر کے پسماندہ دیہات کو ماڈل ویلج بنانے کا اعلان کیا۔ جلسہ کے اختتام پر چوھدری طیب امانت یوسی پریل اور چوہدری جاوید اختر سکنہ دھمالہ اور ان کے ساتھیوں نے کامیاب ترین جلسہ پر ایم پی اے رانا محمد فیاض اور اہل علاقہ کو مبارک دی۔

ٹی ایچ کیو ہسپتال معاملہ: مکمل میرٹ پر تحقیقات ہونی چاہئیں، متحدہ شہری محاذ

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) متحدہ شہری محاذ کے صدر چوہدری محمد منشاء کھکھ نے دیگر عہدیداران کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ ٹی ایچ کیو ہسپتال میں ایک ڈاکٹر پر لگائے گئے مبینہ نازیبا حرکات کے الزامات کی مکمل، شفاف اور میرٹ پر تحقیقات ہونی چاہئیں تاکہ حقائق سامنے آسکیں اور کسی بھی فریق کے ساتھ ناانصافی نہ ہو۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے چوہدری محمد منشاء کھکھ نے کہا کہ متحدہ شہری محاذ ہمیشہ عوامی مسائل کے حل، انصاف کی فراہمی اور غریب طبقے کی آواز بلند کرنے کے لیے کردار ادا کرتا رہا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ تحقیقات کے نتائج عوام کے سامنے لائے جائیں تاکہ افواہوں اور قیاس آرائیوں کا خاتمہ ہو سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر معاملے کے ابتدائی مرحلے میں میڈیکل سپرنٹنڈنٹ (ایم ایس) ٹی ایچ کیو ہسپتال فوری طور پر نوٹس لیتے اور اپنی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں ادا کرتے تو شاید یہ معاملہ اس حد تک نہ بڑھتا۔ متحدہ شہری محاذ کے رہنماؤں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ تحقیقات غیر جانبدارانہ انداز میں مکمل کی جائیں اور قانون و انصاف کے تقاضوں کے مطابق ذمہ داروں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے۔

عوام کی پرزور فرمائش پر مفت قانونی مشورہ کا باقاعدہ سلسلہ شروع کیا جائے گا

بیرسٹر ارسلان ادریس چٹھہ ایڈووکیٹ سائلین کو مفت قانونی مشورے دیا کریں گے

سانگلہ ہل (تحصیل رپورٹر رانا اکرم حمید) معروف قانون دان بار ایسوسی ایشن سانگلہ ہل کے سابق جنرل سیکرٹری بیرسٹر ارسلان ادریس چٹھہ ایڈووکیٹ سائلین کے سوالات پر مفت قانونی مشورے دیا کریں گے مستحق اور غریب سائلین کو مفت قانونی مدد بھی فراہم کی جائے گی کس بھی شخص کو کسی بھی قسم کا کوئی مسلہ درپیش ہے تو وہ ہمارے واٹس ایپ نمبر 03477708196 پر سوال بھیج کر مفت مشورہ حاصل کر سکتا ہے سائلین بیرسٹر ارسلان ادریس چٹھہ ایڈووکیٹ کے فون نمبر 03007714530 پر ڈائریکٹ بھی رابطہ کر سکتے ہیں مفت قانونی مشورے کی سہولت عوام کی پرزور فرمائش پر شروع کی گئی ہے

ایڈیشنل کمشنر کو آرڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی نے ساہیوال ٹیچنگ ہسپتال کا اچانک دورہ کیا

مختلف شعبوں کا معائنہ کرتے ہوئے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا

ساہیوال (مہراے ڈی نسیم سپراسے) ایڈیشنل کمشنر کو آرڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی نے ساہیوال ٹیچنگ ہسپتال کا اچانک دورہ کیا اور مختلف شعبوں کا معائنہ کرتے ہوئے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران انہوں نے آئی وارڈ اور او پی ڈی کا تفصیلی معائنہ کیا، مریضوں اور ان کے لواحقین سے ملاقات کی اور انہیں دستیاب سہولیات کے بارے میں دریافت کیا۔ اس موقع پر مریضوں کے لواحقین نے ہسپتال انتظامیہ کی جانب سے فراہم کی جانے والی سہولیات پر اطمینان کا اظہار کیا۔ ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی نے ہسپتال میں صفائی ستھرائی کی صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے انتظامیہ کو ہدایت کی کہ صفائی کے معیار کو مزید بہتر بنایا جائے تاکہ مریضوں اور ان کے تیمارداروں کو صاف اور صحت مند ماحول میسر آسکے۔ انہوں نے ہسپتال میں خدمات سرانجام دینے والے صفائی اور سکیورٹی عملے کے مسائل بھی سنے اور ان کے حل کے لیے متعلقہ حکام کو ضروری اقدامات کرنے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی نے کہا کہ ساہیوال ٹیچنگ ہسپتال میں کام کرنے والی تمام کمپنیوں کے ملازمین کے مسائل کے فوری حل کو یقینی بنانے کے لیے شکایات اور رابطے کے فون نمبرز پر مشتمل فلیکسز نمایاں مقامات پر آویزاں کی جائیں تاکہ ملازمین اپنی مشکلات بروقت متعلقہ حکام تک پہنچا سکیں۔ میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ساہیوال ٹیچنگ ہسپتال ڈاکٹر فیصل وحید بھی ان کے ہمراہ تھے۔

ریسٹورنٹ میں شہریوں کو ناقص اور نیم پکا چکن پیش کیے جانے کا انکشاف

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) شہر کے ایک ریسٹورنٹ میں شہریوں کو ناقص اور نیم پکا چکن پیش کیے جانے کا انکشاف ہوا ہے۔ دوپہر کے کھانے کے دوران شہری اس وقت تشویش میں مبتلا ہو گئے جب ان کے سامنے پیش کیے گئے چکن میں خون کے آثار نمایاں نظر آئے، جس سے معلوم ہوا کہ گوشت مناسب طریقے سے تیار نہیں کیا گیا تھا۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پنجاب فوڈ اتھارٹی حافظ آباد کی ٹیم نے فوری کارروائی کرتے ہوئے جرمانہ کرتے ہوئے متعلقہ ریسٹورنٹ کا معائنہ کیا اور ضروری قانونی اقدامات کیے۔ شہریوں نے فوڈ اتھارٹی کے بروقت ایکشن کو سراہتے ہوئے کہا کہ ناقص اور غیر معیاری خوراک انسانی صحت کے لیے سنگین خطرات کا باعث بن سکتی ہے۔ شہریوں اور سماجی حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ ہوٹلوں اور ریسٹورنٹس کی باقاعدہ نگرانی کو مؤثر بنایا جائے اور غیر معیاری خوراک فروخت کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ عوام کو محفوظ، معیاری اور صحت بخش خوراک کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے۔

حافظ آباد میں پٹواریوں کی ہڑتال 22ویں روز میں داخل

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد میں پٹواریوں کی ہڑتال 22ویں روز میں داخل ہوگئی۔ ہڑتال کی وجہ سے عوام ذلیل وخوار ہو رہے ہیں۔ پٹواریوں کا کہنا ہے کہ حکومت انکے مطالبات پر کوئی توجہ نہ دے رہی ہے جس کی وجہ سے وہ مسلسل احتجاج کرنے پر مجبور چلے آرہے ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ہمارے مطالبات فوری تسلیم کیے جائیں وگرنہ ہم غیر معینہ مدت تک ہڑتال جاری رکھیں گے۔

کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل کی زیر صدارت کمشنر آفس میں ڈویژنل ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی کا اجلاس منعقد ہوا

اجلاس میں ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اینڈ فنانس شفیق احمد ڈوگر، ایکسین اریگیشن محمد طلحہ اور محکمہ بلڈنگ اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی

ساہیوال (مہراے ڈی نسیم سپراسے) کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل کی زیر صدارت کمشنر آفس میں ڈویژنل ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اینڈ فنانس شفیق احمد ڈوگر، ایکسین اریگیشن محمد طلحہ اور محکمہ بلڈنگ اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی جبکہ ڈپٹی کمشنر پاکپتن آصف رضا نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر پاکپتن نے ڈی سی آفس پاکپتن کی رینوویشن کے منصوبے پر تفصیلی بریفنگ دی۔ بریفنگ میں نئی میٹنگ روم، کچن، پبلک واش رومز، برآمدوں اور عمارت کے گرد ونواح کی مرمت، نیٹ ورکنگ سسٹم، ویٹنگ ایریا، فلٹریشن روم، گارڈ روم اور دیگر ترقیاتی کاموں سے متعلق تفصیلات پیش کی گئیں۔ کمشنر ڈاکٹر آصف طفیل نے ہدایت کی کہ تزین وآرائش کے تمام کام ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیے جائیں، تعمیر و مرمت میں اعلیٰ معیار کا مٹیریل استعمال کیا جائے اور منصوبے کو مقررہ مدت کے اندر مکمل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ڈپٹی کمشنر آفس عوام کو سرکاری خدمات کی فراہمی کا اہم مرکز ہے، اس کی بہتری سے شہریوں کو زیادہ بہتر، باوقار اور سہل ماحول میں خدمات میسر آئیں گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت پنجاب عوامی سہولت مراکز کے معیار کو بہتر بنانے اور شہریوں کو جدید سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔

نیوجرسی میں معروف سماجی شخصیت رانا حامد اور رانا ساجد کی میزبانی میں شاندار تقریب کا انعقاد

امریکہ میں بسنے والی راجپوت برادری کا یہ دوسرا پروقار پروگرام تھا جس میں نیوجرسی، نیویارک، بالٹی مور، فلاڈیلفیا سے برادران شامل ہوئے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) امریکہ کی ریاست نیوجرسی میں معروف سماجی شخصیت رانا حامد اور رانا ساجد کی میزبانی میں شاندار تقریب منعقد ہوئی جس کے مہمان خصوصی ہر دلعزیز شخصیت سینئر سماجی رہنما رانا محمود الحسن تھے، امریکہ میں بسنے والی راجپوت برادری کا یہ دوسرا پروقار پروگرام تھا جس میں نیوجرسی، نیویارک، بالٹی مور، فلاڈیلفیا سے برادران شامل ہوئے تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جس کی سعادت اویس ناصر حاصل کی اور نعت رسول مقبول ص رانا اخلاق نے پیش کی اجلاس میں تشریف لانے والے احباب نے اپنا اپنا تعارف کروایا اس موقع پر رانا عبدالمجید، رانا سعید، راؤ شاہد، راؤ حمزہ، رانا شہزاد منظور، منور حسین بھٹی، رانا نواز، رانا حامد۔ رانا ساجد، راؤ عبدالکریم، رانا ریاض سی پی اے، محمد عابد منج، راؤ عمر و دیگر موجود تھے تقریب میں راجپوت برادری کی فلاح و بہبود کے عزم کا اعادہ اور اعلان کیا گیا کہ ان شاء اللہ اگلا پروگرام میری لینڈ واشنگٹن ڈی سی اور ورجینیا میں بسنے والے راجپوت بھائیوں پر مشتمل ہوگا جس میں راجپوت برادری کے افراد کی کثیر تعداد شرکت کرے گی۔

ریلوے پولیس کے سابق ایس ایچ او انسپکٹر چوہدری عزیز کی وفات پر اظہار تعزیت

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ریلوے پولیس کے سابق ایس ایچ او انسپکٹر چوہدری عزیز کی وفات پر اظہار تعزیت۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان ریلوے پولیس کے سابق ایس ایچ او قصور چوہدری عزیز گزشتہ روز انتقال کر گئے تھے جس پر سیکرٹری جنرل ریجنل یونین آف جرنلسٹس پاکستان عابد حسین مغل، صوبائی نائب صدر ویسٹ پنجاب عرفان نوید غوری، ممبر سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی چوہدری محمد اشفاق، ضلعی صدر اوکاڑہ چوہدری ظفر اقبال، صدر اوکاڑہ سٹی پریس کلب اوکاڑہ عباس علی جٹ، جنرل سیکرٹری محسن محمود چوہدری، چیئرمین حاجی عمر فاروق، فنانس سیکرٹری حسنین نثار سابق صدور منظہر رشید چوہدری، مہر ساجد علی، احتشام جمیل شامی ودیگر نے چوہدری عزیز کے لواحقین سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے مرحوم کے درجات کی بلندی کے لیے دعائے مغفرت کی ہے۔

میاں چنوں: ویزہ فراڈ الزامات بے بنیاد، کردار کشی بند کی جائے، کاشف بشیر

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) گاؤں 132 سولہ ایل کے رہائشی اور ٹریولز کاروبار سے وابستہ کاشف بشیر نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان پر لگائے جانے والے ویزہ فراڈ کے الزامات بے بنیاد اور حقائق کے منافی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ گزشتہ پندرہ سال سے ٹریولز کے شعبے سے منسلک ہیں اور ہمیشہ قانونی طریقہ کار کے مطابق کام کرتے آئے ہیں۔ کاشف بشیر کا کہنا تھا کہ کشمیر سے تعلق رکھنے والے ایک شخص کی جانب سے ان پر ویزہ فراڈ کے الزامات عائد کیے گئے ہیں جن کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ اس تمام معاملے کے پیچھے ان کے گاؤں کا رہائشی ظفر اقبال ہے جو ان کی کردار کشی کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ان کا تمام کاروبار قانونی تقاضوں کے مطابق ہے اور وہ اپنی ساکھ کو نقصان پہنچانے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔ کاشف بشیر نے مطالبہ کیا کہ بغیر ثبوت الزامات لگانے سے گریز کیا جائے اور حقائق کو مدنظر رکھا جائے۔

پولیس افسران کے تبادلے اور فیصلے میرٹ پر ہونے لگے

دیپال پور (نمائندہ خصوصی+ملک نواز) ضلع اوکاڑہ میں سیاسی مداخلت کا خاتمہ پولیس افسران کے تبادلے اور فیصلے میرٹ پر ہونے لگے ضلع بھر کے ایس ایچ اوز سیاسی دباؤ سے آزاد جائز کاموں کی شنوائی ہونے لگی، سنگین جرائم میں ملوث ملزمان کے خلاف میرٹ پر کارروائی جاری جرائم کی شرح میں نمایاں کمی کی امید ہونے لگی تفصیلات کے مطابق ضلع اوکاڑہ کے تھانوں میں طویل عرصے سے چلی آنے والی سیاسی مداخلت اور سفارش کا کلچر دم توڑنے لگا ماضی میں سیاسی اثر و رسوخ کی بنیاد پر ہونے والے پولیس ملازمین کے تبادلوں اور تھانہ کلچر میں موجودہ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اوکاڑہ ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی کی تعیناتی کے بعد ایک بڑی اور مثبت تبدیلی دیکھنے میں آئی ہے اب ضلع بھر میں پولیس ملازمین اور افسران کے تبادلے کسی بھی سیاسی سفارش کے بجائے خالصتاً میرٹ اور کارکردگی کی بنیاد پر کیے جا رہے ہیں ذرائع کے مطابق موجودہ ڈی پی او کی سخت اور اصول پسندانہ پالیسی کے باعث تھانہ جات میں سیاستدانوں کی بے جا مداخلت انتہائی کم ہو گئی ہے نئی پالیسی کے تحت سیاستدانوں اور عوامی نمائندوں کے جائز کاموں اور شکایات کا فوری ازالہ تو کیا جا رہا ہے لیکن سنگین جرائم میں ملوث ملزمان اشتہاریوں اور سماج دشمن عناصر کے خلاف فیصلے کسی دباؤ کے بغیر خالصتاً میرٹ پر کیے جا رہے ہیں اس نئی انتظامی تبدیلی کے بعد ضلع بھر کے ایس ایچ او صاحبان بھی اب سیاسی پریشر لینے کے بجائے قانون کی بالادستی اور میرٹ کو ترجیح دے رہے ہیں جس سے پولیس فورس کے مورال میں اضافہ ہوا ہے عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ اگر ڈی پی او اوکاڑہ نے اسی طرح اپنی غیر جانبدارانہ اور میرٹ پسند پالیسی کو جاری رکھا تو نہ صرف شہریوں کا پولیس پر اعتماد بحال ہوگا بلکہ ضلع بھر میں جرائم کی شرح میں بھی بہت حد تک کمی واقع ہو جائے گی مقامی سماجی رہنماؤں نے ڈی پی او اوکاڑہ سے اپیل کی ہے کہ وہ اس میرٹ پالیسی پر سختی سے کاربند رہیں تاکہ ضلع کو امن کا گہوارہ بنایا جاسکے۔



ضلع بھر میں کھلے مین ہولز کو محفوظ بنانے کے لیے حفاظتی جال نصب کرنے کا کام تیزی سے جاری

ضلع اوکاڑہ کی حدود میں کوئی بھی مین ہول بغیر کور یا بغیر حفاظتی نیٹ نہیں رہے گا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ احمد عثمان جاوید کی ہدایت پر ضلع بھر میں کھلے مین ہولز کو محفوظ بنانے کے لیے حفاظتی جال نصب کرنے کا کام تیزی سے جاری ہے۔ مون سون کی آمد سے قبل کسی بھی ممکنہ حادثے سے بچاؤ کے لیے واسا اور ضلع بھر کی میونسپل کمیٹیوں کے اہلکار فیلڈ میں متحرک ہیں۔ مہم کا مقصد عوام الناس بالخصوص بچوں کی جانوں کو محفوظ بنانا ہے۔ ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے کہا کہ ضلع اوکاڑہ کی حدود میں کوئی بھی مین ہول بغیر کور یا بغیر حفاظتی نیٹ نہیں رہے گا۔ بارشوں کے دنوں یا اندھیرے میں ڈھکن چوری یا ٹوٹ جانے کی صورت میں یہ حفاظتی جال قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع کو روکیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ میونسپل کمیٹیاں اور واسا کا عملہ ترجیحی بنیادوں پر گلیوں، محلوں اور شاہراہوں پر موجود تمام مین ہولز چیک کر کے مضبوط پلاسٹک کے سیفٹی نیٹ نصب کر رہا ہے۔ ڈھکن نہ ہونے کی صورت میں بھی یہ جال کسی کو اندر گرنے سے بچائیں گے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ مین ہولز میں سیفٹی نیٹ لگانے کا فیصلہ مفادِ عامہ اور محفوظ ماحول فراہم کرنے کی ایک اہم کڑی ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ اپنے گلی محلوں میں کھلے یا ٹوٹے ہوئے مین ہولز کی نشاندہی کریں تاکہ انہیں فوری محفوظ بنایا جاسکے۔

وفاقی وزیر سرمایہ کاری بورڈ کے گھر چوری کی واردات

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وفاقی وزیر سرمایہ کاری بورڈ کے گھر چوری کی واردات تفصیلات کے مطابق ن لیگ کے وفاقی وزیر سرمایہ کاری بورڈ انوسمینٹ قیصر احمد شیخ کے گھر میں گزشتہ رات چوری کی واردت چوری تھانہ سٹی کے علاقے محلہ راجے والی میں ہوئی جہاں وزیر رہائش پذیر تھے وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ کے گھر سے چور ٹوٹیاں اور دیگر سامان لے گئے اطلاعات ملتے ہی تھانہ سٹی پولیس وفاقی وزیر کے گھر میں پہنچ گئی۔

6 مختلف وارداتوں میں شہری نقدی اور موٹر سائیکلوں ودیگر سامان سے محروم

ڈسکہ (احسان بٹ/محمد عباس بٹ) چھ مختلف وارداتوں میں شہری نقدی اور موٹر سائیکلوں ودیگر سامان سے محروم۔ چیانوالی میں 4 نامعلوم ملزمان بیکری میں گھس کر حاجی شفاقت اور حافظ حنیف سے نقدی 56 ہزار روپت چھین کر لے گئے جبکہ پٹری نہر میانوالی بنگلہ سے عرفان اللہ کی موٹر سائیکل چوری، سیوکی میں دو نامعلوم ملزمان نے تورحسین کی گھر سے موٹر سائیکل چوری کر لی، منڈیکی گورائیہ میں رضیہ بی بی کے مکان پر لگا بجلی کا میٹر چوری، بھڑتانوالہ میں افتخار احمد کے ڈیرہ سے شکاری کتا، مرغے 6 عدد اور کبوتر 20 عدد چوری، پسرور روڈ پر جہانگیر مشتاق کے کارخانہ سے ڈرل مشین، بیٹری دو عدد، موٹر بجلی گرینڈر، کیمرہ ودیگر سامان چوری۔ جبکہ دو مختلف واقعات میں دو نوجوان اغوا۔ موترہ کے محمد اشفاق کا بیٹا 17 سالہ محمد فیضان گھر سے باہر گیا تو نامعلوم نے اغوا کر لیا جبکہ بیگے والی کے محمد شبیر کا بیٹا 14 سالہ سلمان فواد گھر سے سکول گیا مگر واپس نہ آیا کافی تلاش کے باوجود بھی نہیں ملا پولیس نے مقدمات درج کر لئے

مرید کے نارووال روڈ کار کی ٹکر سے 12 سالہ بچہ جاں بحق

نارنگ منڈی (نامہ نگار) مرید کے نارووال روڈ کار کی ٹکر سے 12 سالہ بچہ جاں بحق نعش ضروری کاروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کار ڈرائیور کو اللہ کی رضا کے لئے معاف کر دیا بتایا گیا ہے کہ شیخوپورہ کا رہائشی کشان ولد محسن جس کی عمر بارہ سال بتائی جارہی ہے نواحی گاؤں بوچھ اپنے دادا دادی سے ملنے کے لئے آیا کہ سڑک عبور کر رہا تھا کہ کار نے ٹکر مار دی جس سے وہ شدید زخمی ہوگیا جسے شدید زخمی حالت میں مقامی اسپتال لے جایا گیا جہاں وہ جانبر نہ ہوسکا اور جاں بحق ہوگیا مقامی پولیس نے کار ڈرائیور کو حراست میں لے لیا مگر ورثاء نے اللہ کی رضا کے لئے معاف کر دیا پولیس نے ضروری کاروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کر دی جسے آبائی گاؤں روانہ کر دیا گیا۔

سوشل میڈیا پر فرقہ وارانہ مواد کی ترسیل پر سخت قانونی کارروائی کا اعلان

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اوکاڑہ نے سوشل میڈیا صارفین کے لیے اہم ہدایات جاری کر دیں۔ ضلعی انتظامیہ کے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق سوشل میڈیا صارفین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ فیس بک، ٹک ٹاک، انسٹاگرام، ایکس ٹویٹر اور دیگر پلیٹ فارمز پر کسی بھی قسم کا فرقہ وارانہ، مذہبی جذبات مجروح کرنے والا یا اشتعال انگیز مواد پوسٹ، لائک، شیئر یا فارورڈ کرنا سخت ممنوع ہے۔ اعلامیے میں واضح کیا گیا کہ ایسے مواد کی ترسیل، تشہیر اور تائید کرنے والوں کے خلاف سخت ترین قانون کارروائی عمل میں لائی جائے گی جو ناقابل معافی جرم ہے۔ ڈپٹی کمشنر اور ڈی پی او اوکاڑہ نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ ذمہ دار شہری بنیں اور انٹرنیٹ و سوشل میڈیا کو امن و رواداری کا گہوارہ بنانے میں اپنا کردار ادا کریں۔

ایس ایچ او سول لائن میاں شہباز کی کامیاب کرائم کنٹرول کارروائیاں جاری

15 لاکھ کی چوری ٹریس کر کے 4 ملزمان گرفتار کر کے مال مسروقہ برآمد کر لیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ایس ایچ او تھانہ سول لائن میاں شہباز کی کامیاب کرائم کنٹرول کاروائیاں جاری۔ اس دوران انہوں نے پولیس ٹیم کے ہمراہ 15 لاکھ روپے چوری کی واردات میں ملوث 04 کس نامعلوم ملزمان کو ٹریس کر کے گرفتار کر کے مال مسروقہ برآمد کر لیا۔ میاں شہباز کا کہنا ہے کہ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ کیپٹن ریٹائرڈ دوست محمد کے کرائم کنٹرول میکنزم پر عمل پیرا ہیں اس دوران قانون شکن عناصر کیخلاف گھیرا تنگ کر رہے ہیں۔ علاقہ تھانہ سول لائن میں لاء بریکرز کیخلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہیں اور انکے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔

واسا اوکاڑہ کی ٹیمیں ضلع بھر میں متحرک

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) مون سون سے قبل شہریوں کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے واسا اوکاڑہ کی ٹیمیں ضلع بھر میں متحرک ہیں۔ مینجنگ ڈائریکٹر واسا اوکاڑہ عبدالوحید کی ہدایات کی روشنی میں واسا کا عملہ دن رات عوامی خدمت میں مصروفِ عمل ہے۔ ٹیمیں سیوریج لائنوں اور نالوں سے سلٹ، مٹی اور کچرے کی صفائی کر رہی ہیں تاکہ نکاسی آب کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جاسکے۔ واسا ترجمان کے مطابق اس مہم کا مقصد بارش کے دوران پانی کے کھڑے ہونے کے مسائل کو ختم کرنا اور شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنا ہے۔ شہری سہولت، بہتر صفائی اور روان نکاسی آب کے لیے واسا اوکاڑہ ہمہ وقت کوشاں ہے۔ عوامی سہولت کے لیے کوئی شکایت یا کھلا مین ہول/بلاکیج کی اطلاع کے لیے واسا ہیلپ لائن 1334 یا واٹس ایپ 0325-3111334 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق واسا اوکاڑہ عوامی خدمت کو اپنی اولین ترجیح دے رہا ہے۔

سماج دشمن عناصر کیخلاف مہم: 776 ملزمان گرفتار، 42 لاکھ کا مال برآمد

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد پولیس نے سماج دشمن عناصر کے خلاف چلائی گئی مہم کے دوران گذشتہ ایک ماہ میں 11 منظم گینگز کے 35 کارندوں سمیت مختلف مقدمات میں ملوث 776 ملزمان کو گرفتار کر کے ان سے 42 لاکھ روپے سے زائد کا مال مسروقہ برآمد کر لیا۔ پولیس کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق ان گرفتار کردہ ملزمان میں قتل، اقدام قتل اور ڈکیتی میں مطلوب کیٹیگری A کے 55 خطرناک اشتہاریوں سمیت 222 اشتہاری بھی شامل ہیں۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کامران حمید کی موثر حکمت عملی کے باعث ضلع بھر میں جرائم کی شرح میں نمایاں کمی آئی۔ ڈکیتی کے واقعات 100 فیصد، راہزنی 91 فیصد، وہیکل چوری 80 فیصد، وہیکل سنیچنگ 67 فیصد، نقب زنی 71 فیصد اور سرقہ عام 32 فیصد تک کم ہوئے۔ گزرے ماہ مئی میں پولیس کی کارروائیوں کے دوران 47 منشیات فروش اور 25 ناجائز اسلحہ ہولڈرز کو بھی گرفتار کیا گیا

ضلع بھر میں کھلے مین ہولز کو محفوظ بنانے کے لیے حفاظتی جال نصب کرنے کا کام تیزی سے جاری

ضلع اوکاڑہ کی حدود میں کوئی بھی مین ہول بغیر کور یا بغیر حفاظتی نیٹ نہیں رہے گا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ احمد عثمان جاوید کی ہدایت پر ضلع بھر میں کھلے مین ہولز کو محفوظ بنانے کے لیے حفاظتی جال نصب کرنے کا کام تیزی سے جاری ہے۔ مون سون کی آمد سے قبل کسی بھی ممکنہ حادثے سے بچاؤ کے لیے واسا اور ضلع بھر کی میونسپل کمیٹیوں کے اہلکار فیلڈ میں متحرک ہیں۔ مہم کا مقصد عوام الناس بالخصوص بچوں کی جانوں کو محفوظ بنانا ہے۔ ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے کہا کہ ضلع اوکاڑہ کی حدود میں کوئی بھی مین ہول بغیر کور یا بغیر حفاظتی نیٹ نہیں رہے گا۔ بارشوں کے دنوں یا اندھیرے میں ڈھکن چوری یا ٹوٹ جانے کی صورت میں یہ حفاظتی جال قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع کو روکیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ میونسپل کمیٹیاں اور واسا کا عملہ ترجیحی بنیادوں پر گلیوں، محلوں اور شاہراہوں پر موجود تمام مین ہولز چیک کر کے مضبوط پلاسٹک کے سیفٹی نیٹ نصب کر رہا ہے۔ ڈھکن نہ ہونے کی صورت میں بھی یہ جال کسی کو اندر گرنے سے بچائیں گے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ مین ہولز میں سیفٹی نیٹ لگانے کا فیصلہ مفادِ عامہ اور محفوظ ماحول فراہم کرنے کی ایک اہم کڑی ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ اپنے گلی محلوں میں کھلے یا ٹوٹے ہوئے مین ہولز کی نشاندہی کریں تاکہ انہیں فوری محفوظ بنایا جاسکے۔

پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری

ساہیوال (مہراے ڈی نسیم سپراسے) ڈی پی او ساہیوال محمد عثمان ٹپو کے احکامات کی روشنی میں ساہیوال پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری ہیں اسی سلسلہ میں ایس ایچ او تھانہ سمووال انسپکٹر حسن ممتاز نے

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ،اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003 شعبہ اشتہارات

بقیہ 1 — بقیہ جات

فیصد ڈسپیرٹی الاؤنس دیا جائے، ٹیچرز کا انکم ٹیکس ریبیٹ بحال کیا جائے۔ آگریگا کے چیئرمین خالد سکندر، یاسین وڑائچ، پروفیسر فائزہ رعنا، رانا انوالحق، بشیر وڑائچ، رانا لیاقت علی، ضیاء اللہ نیازی، کاشف شہزاد، مختار گجر، شفیق گجر، فیاض گیلانی، سعود جان، اشتیاق چیمہ، آزاد گجر، میاں جہانگیر، میاں سرور معراج، زاہد رفیق نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ پاکستان میں شدید مہنگائی کا قہر نازل ہے جہاں اس عذاب سے عام عوام متاثر ہیں وہیں سرکاری ملازمین بھی لامحدود مہنگائی سے شدید متاثر ہیں بلکہ ان کی زندگیاں اجیرن ہوچکی ہیں۔ محدود ذرائع انکم سے ان کی قوت خرید شدید متاثر اور گھر چلانا دشوار ہے۔ وفاقی بجٹ 26-2025 میں اعلان کردہ 30 فیصد ڈسپیرٹی الاؤنس سے پنجاب و دیگر صوبوں کے ملازمین تاحال محروم ہیں۔ بلکہ سال 2023ء میں صوبہ پنجاب میں لیوانکیشمنٹ رولز میں ظالمانہ ترامیم کرکے ملازمین کو ریٹائرمنٹ پر ملنے والی لاکھوں روپے کی لیوانکیشمنٹ رقم سے محروم کردیا گیا۔ ملازمین کے معاشی استحصال کا یہ سلسلہ یہیں نہیں رکا۔ 2 دسمبر 2024 کو حکومت پنجاب نے پنشن اصلاحات میں ظالمانہ ترامیم کرکے سرکاری ملازمین پر ظلم وستم کی نئی تاریخ رقم کردی۔ جس کی مثال کسی دوسرے صوبے میں ناپید ہے۔ آج صوبہ پنجاب کا سرکاری ملازم ریٹائرمنٹ پر لیوانکیشمنٹ، پنشن وگریجویٹی میں لاکھوں روپے کی کٹوتیوں سے مفلسی و بے بسی کی تصویر بنا ہوا ہے اور ذہنی تناؤ کا شکار ہے۔ لہٰذا وزیراعظم پاکستان سے مطالبہ ہے کہ بجٹ 27-2026 میں ملک بھر کے سرکاری ملازمین کی تنخواہوں و الاؤنسز میں اضافے کے لئے خصوصی اقدامات اٹھائے جائیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ وفاقی بجٹ 26-2025 میں اعلان کردہ 30 فیصد ڈسپیرٹی الاؤنس تمام صوبائی حکومتوں کو اپنے ملازمین کو دینے کا پابند اور اس میں مزید 15 فیصد اضافہ کیا جائے، پنشن اصلاحات واپس لی جائیں۔ تمام ایڈہاک ریلیف بنیادی پے سکیل میں ضم کرکے پے سکیل ازسرنو ترتیب دیئے جائیں۔ مہنگائی کے تناسب سے تنخواہوں و پنشن میں کم از کم 50 فیصد اضافہ کیا جائے۔ محمد ہاؤس رینٹ، میڈیکل وکنویس الاؤنس میں کم از کم 5 گنا اضافہ کیا جائے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ٹیچرز وریسرچرز کا انکم ٹیکس ریبیٹ بحال اور ضبط شدہ انکم ٹیکس ادا کیا جائے۔ نیز تنخواہ پر انکم ٹیکس کی ابتدائی حد 12 لاکھ روپے مقرر کی جائے۔ ملک بھر کے وفاقی و صوبائی ملازمین کو ریٹائرمنٹ پر بنا ولنٹ فنڈ سے خصوصی گرانٹ اور گروپ انشورنس سے میچورٹی کلیم ادا کیا جائے۔ آل پاکستان ایجوکیشنل ایمپلائیز ایکشن کمیٹی کے چیئرمین خالد سکندر، یاسین وڑائچ، پروفیسر فائزہ رعنا، رانا انوالحق، بشیر وڑائچ، رانا لیاقت علی، ضیاء اللہ نیازی، کاشف شہزاد، مختار گجر، شفیق گجر، فیاض گیلانی، سعود جان، اشتیاق چیمہ، آزاد گجر، میاں جہانگیر، میاں سرور معراج، زاہد رفیق نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ پاکستان میں شدید مہنگائی کا قہر نازل ہے جہاں اس عذاب سے عام عوام متاثر ہیں وہیں سرکاری ملازمین بھی لامحدود مہنگائی سے شدید متاثر ہیں بلکہ ان کی زندگیاں اجیرن ہوچکی ہیں۔ محدود ذرائع انکم سے ان کی قوت خرید شدید متاثر اور گھر چلانا دشوار ہے۔ وفاقی بجٹ 26-2025 میں اعلان کردہ 30 فیصد ڈسپیرٹی الاؤنس سے پنجاب و دیگر صوبوں کے ملازمین تاحال محروم ہیں۔ بلکہ سال 2023ء میں صوبہ پنجاب میں لیوانکیشمنٹ رولز میں ظالمانہ ترامیم کرکے ملازمین کو ریٹائرمنٹ پر ملنے والی لاکھوں روپے کی لیوانکیشمنٹ رقم سے محروم کردیا گیا۔ ملازمین کے معاشی استحصال کا یہ سلسلہ یہیں نہیں رکا۔ 2 دسمبر 2024 کو حکومت پنجاب نے پنشن اصلاحات میں ظالمانہ ترامیم کرکے سرکاری ملازمین پر ظلم وستم کی نئی تاریخ رقم کردی۔ جس کی مثال کسی دوسرے صوبے میں ناپید ہے۔ آج صوبہ پنجاب کا سرکاری ملازم ریٹائرمنٹ پر لیوانکیشمنٹ، پنشن وگریجویٹی میں لاکھوں روپے کی کٹوتیوں سے مفلسی و بے بسی کی تصویر بنا ہوا ہے اور ذہنی تناؤ کا شکار ہے۔ لہٰذا وزیراعظم پاکستان سے مطالبہ ہے کہ بجٹ 27-2026 میں ملک بھر کے سرکاری ملازمین کی تنخواہوں و الاؤنسز میں اضافے کے لئے خصوصی اقدامات اٹھائے جائیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ وفاقی بجٹ 26-2025 میں اعلان کردہ 30 فیصد ڈسپیرٹی الاؤنس تمام صوبائی حکومتوں کو اپنے ملازمین کو دینے کا پابند اور اس میں مزید 15 فیصد اضافہ کیا جائے، پنشن اصلاحات واپس لی جائیں۔ تمام ایڈہاک ریلیف بنیادی پے سکیل میں ضم کرکے پے سکیل ازسرنو ترتیب دیئے جائیں۔ مہنگائی کے تناسب سے تنخواہوں و پنشن میں کم از کم 50 فیصد اضافہ کیا جائے۔ محمد ہاؤس رینٹ، میڈیکل وکنویس الاؤنس میں کم از کم 5 گنا اضافہ کیا جائے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ٹیچرز وریسرچرز کا انکم ٹیکس ریبیٹ بحال اور ضبط شدہ انکم ٹیکس ادا کیا جائے۔ نیز تنخواہ پر انکم ٹیکس کی ابتدائی حد 12 لاکھ روپے مقرر کی جائے۔ ملک بھر کے وفاقی و صوبائی ملازمین کو ریٹائرمنٹ پر بنا ولنٹ فنڈ سے خصوصی گرانٹ اور گروپ انشورنس سے میچورٹی کلیم ادا کیا جائے۔ ملک بھر کے وفاقی و صوبائی ملازمین کو ریٹائرمنٹ پر بنا ولنٹ فنڈ سے خصوصی گرانٹ اور گروپ انشورنس سے میچورٹی کلیم ادا کیا جائے۔ 7۔ ملک بھر کے وفاقی و صوبائی ملازمین کی تنخواہوں و الاؤنسز اور دیگر مراعات میں یکسانیت پیدا کی جائے۔ 8۔ ملک بھر میں اداروں کی نجکاری/ آؤٹ سورسنگ بند کی جائے۔ راہنماؤں کا مزید کہنا تھا کہ یہ تمام تجاویز وزیراعظم پاکستان، صدر پاکستان، وفاقی وزیرخزانہ، چیئرمین سینٹ کو تحریری بھی ارسال کردیں گئیں ہیں

بقیہ 39 — بقیہ جات

قواعد وضوابط کے فقدان، مختلف اداروں کے متضاد تقاضوں اور رجسٹریشن کے پیچیدہ نظام کے باعث پروویڈنٹ فنڈ، گریجویٹی فنڈ اور سپر اینویشن ٹرسٹس شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب ٹرسٹ ایکٹ 2020ء کے تحت ٹرسٹس کی لازمی رجسٹریشن تو نافذ کردی گئی، تاہم حکومت اب تک ایسا مؤثر اور قابل عمل طریقہ کار متعارف نہیں کرا سکی جس کے ذریعے ایمپلائی بینیفٹ فنڈز آسانی سے قانونی تقاضے پورے کرسکیں۔ محمد فاروق گجر کے مطابق پنجاب حکومت نے 2022ء کی ترامیم کے ذریعے سپیشلائزڈ ٹرسٹس میں ایمپلائی بینیفٹ فنڈز کو بھی شامل کردیا، لیکن یہ واضح نہیں کیا گیا کہ ان فنڈز کی نگرانی، منظوری اور ریگولیشن کا حتمی اختیار کس ادارے کے پاس ہوگا۔ اس ابہام کے باعث ادارے پنجاب ٹرسٹ رجسٹریشن اتھارٹی، ایف بی آر، ایس ای سی پی اور ضلعی انتظامیہ کے درمیان چکر لگانے پر مجبور ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایف بی آر ٹیکس چھوٹ اور تصدیق شدہ پروویڈنٹ فنڈ کا درجہ دینے کے لیے الگ شرائط عائد کرتا ہے، جبکہ پنجاب ٹرسٹ ایکٹ کے تحت نئی رجسٹریشن، این او سی اور اضافی قانونی دستاویزات طلب کی جارہی ہیں۔ دوسری جانب ایس ای سی پی بعض معاملات میں کمپنی قوانین اور کارپوریٹ گورننس کے تقاضے سامنے رکھتا ہے، جس کے نتیجے میں نجی ادارے شدید کنفیوژن اور غیر یقینی صورتحال کا شکار ہیں۔ لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن نے خبردار کیا کہ اگر حکومت نے فوری طور پر رولز آف بزنس، یکساں پالیسی اور ون ونڈو آپریشن متعارف نہ کرایا تو یہ مسئلہ صرف نجی اداروں تک محدود نہیں رہے گا بلکہ لاکھوں ملازمین کی ریٹائرمنٹ سیکورٹی بھی خطرے میں پڑسکتی ہے۔ ایسوسی ایشن نے مطالبہ کیا کہ پنجاب حکومت، ایف بی آر اور ایس ای سی پی فوری طور پر مشترکہ پالیسی جاری کریں تاکہ ایمپلائی بینیفٹ ٹرسٹس کے لیے واضح، یکساں اور قابل عمل فریم ورک تشکیل دیا جاسکے اور ملازمین کے مالی مفادات کا مؤثر تحفظ یقینی بنایا جاسکے۔

بقیہ 40 — بقیہ جات

سواروں نے مبینہ طور پر سیکورٹی گارڈ پر تشدد کیا۔ حالت غیر ہونے پر سیکورٹی گارڈ کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کیا گیا، تاہم وہ جانبر نہ ہوسکا۔ پولیس نے بتایا ہے کہ گارڈ کی لاش کو پوسٹ مارٹم کے لیے مردہ خانے منتقل کردیا گیا ہے، جبکہ مبینہ تشدد میں ملوث ملزمان کی تلاش جاری ہے۔ مزید تحقیقات جاری ہیں اور واقعے کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیا جارہا ہے

بقیہ 41 — بقیہ جات

باعث شہری خود کو غیر محفوظ محسوس کرتے ہیں۔ مقامی افراد کا کہنا ہے کہ اس صورتحال سے نہ صرف علاقے کا ماحول متاثر ہورہا ہے بلکہ زائرین اور راہگیروں کو بھی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ دوسری جانب متعدد بے گھر افراد فٹ پاتھوں اور سڑک کنارے رات گزارنے پر مجبور ہیں۔ بنیادی سہولیات اور مناسب رہائش نہ ہونے کے باعث یہ افراد شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ شہریوں اور اہلِ علاقہ نے متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ نشے کے عادی افراد کی بحالی اور علاج کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں، جبکہ بے گھر افراد کے لیے پناہ گاہوں اور عارضی سائبانوں کا بندوبست بھی یقینی بنایا جائے تاکہ انہیں محفوظ اور باوقار ماحول میسر آسکے۔

بقیہ 42 — بقیہ جات

نے واضح کیا ہے کہ ملازمین کی سروس، حقوق اور مراعات مکمل طور پر محفوظ رہیں گی، ملازمین کو ایک مرتبہ یہ اختیار بھی دیا جائے گا کہ وہ نئی اتھارٹی میں خدمات جاری رکھنا چاہتے ہیں یا اپنے اصل محکموں میں واپس جانا چاہتے ہیں۔ سرکاری ذرائع کے مطابق خودمختار فرانزک اتھارٹی کے قیام سے انتظامی اور مالیاتی فیصلوں میں تیزی آئے گی، جبکہ فرانزک لیبارٹریز، کرائم سین مینجمنٹ اور تحقیقاتی خدمات ایک مربوط نظام کے تحت کام کریں گی۔ نئے نظام کے تحت جدید ٹیکنالوجی اور بین الاقوامی معیار کے فرانزک نظام کے فروغ میں مدد ملے گی جبکہ جرائم کی تفتیش میں شفافیت اور سائنسی شواہد کی بروقت فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا۔ حکام کے مطابق نئی اتھارٹی کے قیام سے عدالتی مقدمات میں فرانزک رپورٹس کے معیار اور رفتار میں بہتری آئے گی اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی تحقیقات مزید موثر بن سکیں گی۔ نئے قانون کے تحت وزیراعلیٰ مریم نواز شریف پنجاب فرانزک سائنس اتھارٹی کی چیئرپرسن ہوں گی۔

بقیہ 4 — بقیہ جات

میدان میں نئی جہات سامنے آئیں گی۔ دوسرا تحقیقی مقالہ پی ایچ ڈی سکالر نداز ہرہ نے پیش کیا، جس کا عنوان ''مغرب اور پاکستانی نیوز میڈیا میں غزہ تنازع کی شناخت کی نظریاتی تشکیل: ایک کارپس پر مبنی تنقیدی گفتگو کا تجزیہ'' تھا۔ نداز ہرہ نے اپنے مقالے کے حوالے سے بتایا کہ تحقیق میں مغربی اور پاکستانی میڈیا کے بیانیوں کا تنقیدی جائزہ لیا گیا تاکہ یہ سمجھا جاسکے کہ غزہ تنازع کو مختلف نظریاتی زاویوں سے کس طرح پیش کیا جاتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کارپس بیسڈ کریٹیکل ڈسکورس اینالسز کے ذریعے میڈیا کی زبان، اصطلاحات اور بیانیاتی ساخت کا تجزیہ کیا گیا، جس سے یہ واضح ہوا کہ مختلف خطوں کے میڈیا ادارے عالمی تنازعات کو اپنے سماجی، سیاسی اور نظریاتی تناظر میں پیش کرتے ہیں۔ ایچ ڈی سکالر سبغہ دلاور کی سپروائزر پروفیسر ڈاکٹر میمونہ خان تھیں جبکہ بیرونی ممتحن پروفیسر ڈاکٹر عاصم محمود تھے جبکہ سکالر نداز ہرہ کی سپروائزر بھی پروفیسر ڈاکٹر میمونہ خان تھیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر سیدہ شاہدہ بتول نے دونوں سکالرز اور ان کے سپروائزرز کو کامیاب تحقیقی سفر مکمل کرنے پر مبارکباد پیش کی اور کہا

کہ ویمن یونیورسٹی ملتان تحقیق، جدت اور علمی معیار کے فروغ کے لیے مسلسل کوشاں ہے اور ایسے تحقیقی موضوعات نہ صرف اکیڈمک دنیا بلکہ معاشرتی اور عالمی سطح پر بھی اہمیت کے حامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ زبان، میڈیا اور سماجی بیانیے عصر حاضر کے اہم تحقیقی میدان ہیں، جن پر معیاری تحقیق وقت کی ضرورت ہیونیورسٹی میں تحقیقی کلچر کو مزید مضبوط بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں تاکہ سکالرز بین الاقوامی معیار کی تحقیق کے ذریعے ملکی و عالمی علمی حلقوں میں اپنا موثر کردار ادا کرسکیں غزہ تنازع جیسے حساس عالمی مسئلے پر تنقیدی اور تحقیقی کام نوجوان محققین کی فکری بصیرت اور علمی صلاحیتوں کا مظہر ہے، جبکہ پنجابی اور انگریزی زبانوں کے تقابلی مطالعے سے مقامی زبانوں کی علمی اہمیت کو اجاگر کرنے میں مدد ملے گی بعدازاں کامیاب ڈیفنس کے بعد سکالرز کو ڈگری ایوارڈ جاری کرنے کی سفارش کی گئی تقریب میں فیکلٹی ممبران، ریسرچ سکالرز، طلبہ وطالبات اور مختلف شعبہ جات کے اساتذہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

بقیہ 5 — بقیہ جات

والس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عاکف انور چودھری نے کیا۔ اس موقع پر انہوں نے مختلف اسٹالز کا معائنہ کیا اور طلبہ کے اعلیٰ معیار کے فن پاروں، تخلیقی سوچ اور جدید ڈیزائننگ صلاحیتوں کو سراہا۔ تقریب میں پروفیسر ڈاکٹر احسن بشیر، ڈائریکٹر ڈویژن آف آرٹس اینڈ سوشل سائنسز، صنعتکار، سرمایہ کار، فیکلٹی ممبران، طلبہ، فنکاروں، ڈیزائنرز اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ نمائش میں ڈیجیٹل آرٹ ورک، حقوقِ نسواں، مصنوعی ذہانت، سائنسی ترقی، برانڈنگ تصورات، بصری ابلاغی مہمات، اسٹریٹیجز اور گرافک ڈیزائن کے ایسے منصوبے پیش کیے گئے جو عصرِ حاضر کے سماجی، ثقافتی اور تکنیکی موضوعات کی بھرپور عکاسی کرتے ہیں۔ طلبہ نے اپنے منصوبوں کے ذریعے تخلیقی سوچ، تنقیدی تجزیے اور جدید ڈیزائننگ رجحانات پر اپنی مضبوط گرفت کا اظہار کیا۔ نمائش کے دوران طلبہ نے مہمانوں کو اپنے فن پاروں کے پس منظر، تحقیقی عمل اور تخلیقی محرکات سے بھی آگاہ کیا۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عاکف انور چودھری نے اپنے خطاب میں طلبہ کی محنت، لگن اور تخلیقی صلاحیتوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ یونیورسٹی آف ایجوکیشن معیاری تعلیم کے ساتھ ساتھ طلبہ میں جدت، فنی اظہار اور پیشہ ورانہ مہارتوں کے فروغ کے لیے مؤثر اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس نوعیت کی نمائشیں طلبہ کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار، پیشہ ورانہ دنیا سے رابطے اور تخلیقی کام کے ذریعے معاشرے میں مثبت کردار ادا کرنے کے قیمتی مواقع فراہم کرتی ہیں۔ شرکاء نے نمائش میں پیش کیے گئے کام کے معیار کو سراہتے ہوئے طلبہ کی تخلیقی صلاحیتوں، جدت پسندی اور پیشہ ورانہ اندازِ پیشکش کی تعریف

بقیہ 6 — بقیہ جات

لت کے مطابق کسی بھی معاہدے یا رضامندی نامے کے ذریعے نابالغ بچے کے نان نفقہ کا حق ختم نہیں کیا جا سکتا جبکہ نان نفقہ باپ پر صرف قانونی نہیں بلکہ اخلاقی اور مذہبی ذمہ داری بھی ہے۔ فیصلے میں کہا گیا کہ غیر ادا شدہ نان نفقہ باپ پر قابلِ نفاذ قرض ہے جو وقت گزرنے سے ختم نہیں ہوسکتا۔ عدالتی فیصلے میں سورہ البقرہ، سورہ الطلاق اور احادیثِ نبوی کے حوالے بھی شامل کیے گئے ہیں۔ عدالت نے قرار دیا کہ معاہدے کے وقت نابالغ نصیر اختر اعوان معذوری کی حالت میں تھا، اس لیے اس کے حقوق کا سودا نہیں کیا جا سکتا۔ لاہور ہائیکورٹ نے فیملی اور اپیلٹ کورٹ کا فیصلہ برقرار رکھتے ہوئے باپ کی پٹیشن خارج کردی جبکہ ماضی کے نان نفقہ کے معاملے پر اسلامی اصولوں کے تحت نئی قانون سازی کی سفارش بھی کی ہے۔ عدالت نے فیصلے کی کاپی لاء اینڈ جسٹس کمیشن اور وزارتِ قانون وانصاف کو بھجوانے کا حکم دے دیا۔ بچے کے والد اختر حسین اعوان نے نان نفقہ کے خلاف عدالت سے رجوع کرتے ہوئے موقف اختیار کیا تھا کہ 2005ء میں ہونے والے رضامندی نامے کے تحت تاحیات خرچہ طے ہو چکا ہے۔ درخواست گزار کے مطابق قانون کے تحت ماضی کا نان نفقہ 6 سال سے زائد مدت کا وصول نہیں کیا جاسکتا جبکہ رضامندی نامے کی خلاف ورزی پر بچے کی والدہ پر ایک کروڑ روپے جرمانہ عائد کیا جانا چاہیے۔

بقیہ 7 — بقیہ جات

مطلع نہیں کیا، پیغامات میں تعطل کا مطلب یہ نہیں کہ امریکا پھر ایران پر بم گرانا شروع کردے گا۔ امریکی صدر کا مزید کہنا تھا کہ جنگ بندی پیغامات کا تبادلہ روکنے کے ایرانی فیصلے سے کوئی مسئلہ نہیں ہوگا، اس وقت کا انتظار کریں گے جب ایران امریکی شرائط پر ڈیل کیلئے تیار ہوگا، ہم خاموش رہیں گے، ایران کی بحری ناکہ بندی جاری رکھیں گے۔

بقیہ 8 — بقیہ جات

کی مخالفت کے بعد سامنے آیا ہے۔ یہ فنڈ گزشتہ ماہ محکمہ محصولات کے ساتھ ہونے والے ایک تصفیے کے تحت قائم کیا جانا تھا جس کا مقصد مبینہ طور پر حکومتی اختیارات کے غلط استعمال اور سیاسی انتقام کا شکار افراد کو مالی معاونت فراہم کرنا تھا۔ فنڈ کے ناقدین کا کہنا تھا کہ اس رقم سے ٹرمپ کے سیاسی اتحادیوں اور 6 جنوری 2021 کے کیپیٹل ہل حملے میں ملوث افراد کو فائدہ پہنچ سکتا ہے، اس معاملے پر متعدد مقدمات بھی دائر کیے گئے ہیں جبکہ ایک وفاقی جج نے فنڈ کے قیام پر عارضی پابندی عائد کر رکھی ہے۔ دوسری جانب ڈیموکریٹک رہنماؤں نے صرف معطلی کو ناکافی قرار دیتے ہوئے مطالبہ کیا کہ اس منصوبے کو مستقل طور پر قانون کے ذریعے ختم کیا جائے۔ عرب میڈیا کے مطابق وائٹ ہاؤس نے تاحال باضابطہ اعلان نہیں کیا ہے تاہم محکمہ انصاف نے عدالتی حکم پر عمل کرتے ہوئے فنڈ کو روکنے کی تصدیق کی ہے۔

بقیہ 9 — بقیہ جات

درمیان دوطرفہ تعلقات مزید فروغ پائیں گے۔ منگل کو ایوان صدر کے پریس ونگ کے مطابق صدر مملکت نے اپنے تہنیتی پیغام میں کہا کہ پاکستان اٹلی کے ساتھ اپنے دیرینہ دوستانہ تعلقات کو انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے جو کہ باہمی اعتماد، تعاون اور امن وخوشحالی کے لیے مشترکہ عزم پر مبنی ہیں۔ انہوں نے اس یقین کا اظہار کیا کہ آنے والے برسوں میں یہ دوطرفہ تعلقات مزید فروغ پائیں گے۔ صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ پاکستان یورپی یونین کے ساتھ اپنے روابط کو بہت اہمیت دیتا ہے اور بین الاقوامی تعاون، مذاکرات اور امن واستحکام کے فروغ کے لیے یورپی یونین میں اٹلی کے تعمیری کردار کو انتہائی سراہتا ہے۔ انہوں نے باہمی دلچسپی کے شعبوں میں پاکستان اور یورپی یونین کے تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے لیے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ 10 — بقیہ جات

ملی معیشت کی پائیدار ترقی کے لئے صنعت وحرفت کا فروغ اور بیرونی سرمایہ کاری میں اضافہ ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ کھنجتی مصنوعات کی ملکی پیداوار اضافے کے ساتھ ساتھ برآمدات بڑھانے کے لیے موثر پالیسی اقدامات حکومتی ترجیحات کا حصہ ہیں، صنعت وتجارت اور معیشت کے مختلف شعبہ جات میں اصلاحات کا مقصد طویل المدتی معاشی افادیت اور عوامی فلاح ہونا چاہئے۔ وزیراعظم نے کہا کہ مستقبل کی توانائی کی ضروریات کو متبادل توانائی کے ذرائع سے پورا کرنے کے لیے جامع حکمت عملی پر بھرپور انداز میں کام ہورہا ہے، توانائی کی بچت اور سستی ٹرانسپورٹ کی ملکی ضروریات پوری کرنے کے لئے جامع اور موثر الیکٹرک وہیکلز پالیسی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی کی مختلف شعبوں میں شمولیت کے لئے تمام وزارتیں اور ماہرین کی باہمی مشاورت کو یقینی بنائیں، موثر ترقیاتی پالیسیز کی تشکیل و نفاذ کے لی؟ تمام وزارتیں باہمی تعاون اور ہم آہنگی سے کام کریں، تمام اصلاحات اور اقدامات میں انتظامی شفافیت اور بہترین کارکردگی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ اجلاس میں متعلقہ وزارتوں کی جانب سی مختلف زیرغور پالیسی تجاویز پر بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں نائب وزیراعظم محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزیرخزانہ محمد اورنگزیب، وفاقی وزیر اقتصادی امور احد خان چیمہ، وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ، وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی مصدق ملک، وفاقی وزیر پاور ڈویژن سردار اویس لغاری، وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک، کے معاون خصوصی ہارون اختر اور ڈائریکٹر جنرل ایس ای ایف سی میجر جنرل اسد الرحمٰن چیمہ اور متعلقہ اداروں کے عہدے داران نے شرکت کی۔

بقیہ 11 — بقیہ جات

دونوں فریقوں نے پاکستان اور اٹلی کے درمیان تزویراتی تعاون کی مضبوطی، وسعت اور مسلسل ترقی پر اطمینان کا اظہار کیا۔ اس موقع پر دونوں ممالک کے درمیان روایتی طور پر دوستانہ اور تعمیری دوطرفہ تعلقات کا جامع جائزہ لیا گیا، جبکہ اقوام متحدہ اور یورپی یونین سمیت مختلف بین الاقوامی فورمز پر جاری تعاون پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں جانب سے اس معاہدے کو باہمی اعتماد اور دوستی کی عکاسی قرار دیا گیا اور اسے موجودہ دوطرفہ تعاون کے نظام میں ایک اہم اضافہ قرار دیا گیا اس معاہدے سے سفارتی وفود کے تبادلوں میں آسانی پیدا ہوگی اور دونوں ممالک کے درمیان روابط مزید مستحکم ہوں گے۔ پاکستان اور اٹلی کے درمیان اس وقت متعدد نئے معاہدوں پر غور جاری ہے اس کے علاوہ دونوں ممالک کی جامعات اور تحقیقی اداروں کے درمیان 21 مفاہمتی یادداشتیں (ایم او یوز) موجود ہیں جبکہ سیاحت، ثقافت، سائنس وٹیکنالوجی، کھیل، اعلیٰ دفاعی مطالعات اور منشیات کی اسمگلنگ کے خلاف تعاون سمیت مختلف شعبوں میں دونوں حکومتوں کے درمیان 15 معاہدے طے پاچکے ہیں۔ دفاعی تعاون کا معاہدہ 2009 میں طے پایا، جبکہ 2013 میں دونوں ممالک کے وزرائے خارجہ کے درمیان اسٹریٹجک انگیجمنٹ پلان قائم کیا گیا اسی طرح مشترکہ اقتصادی کمیشن 2005 میں تشکیل دیا گیا، سرمایہ کاری کے تحفظ کا معاہدہ 1997 میں طے پایا، دوہری شہریت کا معاہدہ 1983 میں جبکہ حوالگی ملزمان (Extradition) کا معاہدہ 1972 میں دستخط کیا گیا تھا۔ اس سے قبل 7 مئی 2025 کو اسلام آباد میں پاکستان اور اٹلی کے درمیان ''لیبر موبیلٹی اینڈ مائیگریشن'' کے موضوع پر ایک مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہوئے تھے، جو کسی یورپی ملک کے ساتھ پاکستان کا پہلا باقاعدہ لیبر معاہدہ ہے۔ اس معاہدے کے تحت پاکستانی افرادی قوت کو اٹلی میں پاکستانی شہریوں کے لیے مختص 10,500 ملازمتوں کے کوٹے سے فائدہ اٹھانے کا موقع حاصل ہوگا۔ پاکستانی سفیر نے سیکریٹری خارجہ کی جانب سے سیکرٹری جنرل کو ساتویں دورِ دوطرفہ سیاسی مشاورت میں شرکت کے لیے پاکستان کے دورے کی دعوت بھی دی۔ انہوں نے 2026 کی آخری سہ ماہی میں اس اجلاس کے انعقاد کے لیے پاکستان کی آمادگی سے آگاہ کیا اور اسلام آباد میں اٹلی کے نئے سفارت خانے کے افتتاح کی خواہش کا اظہار کیا، جو اٹلی کا بیرونِ ملک سب سے بڑا سفارتی مشن ہوگا۔ اس موقع پر دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کی اہمیت کو بھی اجاگر کیا گیا۔

بقیہ 12 — بقیہ جات

سمیت تمام ریکارڈ حکومت کو فراہم کرنا ہوگا۔ حکومت نے اس حوالے سے علمائے کرام سے مشاورت مکمل کر لی ہے جبکہ دہشت گردی، انتہاپسندی اور کالعدم تنظیموں سے لاتعلقی کا حلف نامہ بھی لازمی قرار دیا گیا ہے۔ اس مقصد کے لیے 15 صفحات پر مشتمل مجوزہ فریم ورک تیار کرلیا گیا ہے۔ حکومتِ پنجاب نے صوبے بھر کے دینی مدارس کی رجسٹریشن اور دستاویزی ریکارڈ کے لیے ایک جامع اور دوررس نظام تیار کیا ہے جس کے تحت مدارس کی انتظامیہ، مالی معاملات، انفرااسٹرکچر، تعلیمی سرگرمیوں، اساتذہ، طلبہ، غیر ملکی شہریوں اور فنڈنگ کے ذرائع سمیت وسیع معلومات حاصل کی جائیں گی۔ محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق یہ مجوزہ رجسٹریشن پیکیج مختلف مکاتبِ فکر کے علماء، دینی تنظیموں اور وفاق المدارس کے ساتھ مشاورت کے بعد حتمی شکل دیا جائے گا۔ مسودے کے مطابق رجسٹریشن کے لیے ہر مدرسے کو اپنے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن، میمورنڈم آف ایسوسی ایشن، انتظامی عہدیداروں کے شناختی کارڈز، 2500 روپے رجسٹریشن فیس کی بینک چالان رسید اور زمین یا عمارت کی ملکیت یا لیز سے متعلق دستاویزات جمع کرانا ہوں گی۔ مزید بتایا گیا ہے کہ مدارس کی واضح تعریف بھی شامل کی گئی ہے، جس کے مطابق وہ ادارے جو دینی تعلیم کے ساتھ رہائش وطعام فراہم کرتے ہیں یا کسی تسلیم شدہ وفاق سے وابستہ ہیں، اس تعریف میں آئیں گے۔ مسودے میں یہ بھی واضح کیا گیا ہے کہ مدارس کی ذیلی شاخوں کے لیے علیحدہ رجسٹریشن ضروری نہیں ہوگی، تاہم متعدد کیمپس رکھنے والے اداروں کو ہر شاخ کا مکمل ریکارڈ فراہم کرنا ہوگا۔

بقیہ 13 — بقیہ جات

ہ ایک اہم برآمدی مصنوعات کے طور پر ابھر رہا ہے۔ پاکستان کے شمالی پہاڑی علاقوں میں قدرتی ماحول میں پیدا ہونے والا یہ قیمتی خشک میوہ اپنے منفرد ذائقے، غذائی افادیت اور اعلیٰ معیار کے باعث عالمی منڈیوں میں شہرت رکھتا ہے تاہم بہترین معیار اور چین سے جغرافیائی قربت کے باوجود پاکستانی چلغوزہ ابھی تک چین کی تیزی سے ترقی کرتی ہوئی پریمیم خشک میوہ جات مارکیٹ میں محدود حصہ رکھتا ہے۔۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق پاکستان میں چلغوزے کے جنگلات بنیادی طور پر شمالی اور جنوبی وزیرستان کے علاوہ بلوچستان، خیبر پختونخوا اور گلگت بلتستان کے بعض علاقوں میں واقع ہیں۔ جیلن انٹرنیشنل انسٹیٹیوٹ یونیورسٹی کے ایسوسی ایٹ پروفیسر امجد زرین کے مطابق شمالی اور جنوبی وزیرستان ملک کی مجموعی چلغوزہ پیداوار کا تقریباً 80 سے 85 فیصد حصہ فراہم کرتے ہیں۔ شمالی وزیرستان میں سالانہ 1,700 سے 2,000 میٹرک ٹن جبکہ جنوبی وزیرستان میں 800 سے 900 میٹرک ٹن چلغوزہ پیدا ہوتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان کی مجموعی سالانہ چلغوزہ پیداوار عموماً 2,100 سے 2,900 میٹرک ٹن کے درمیان رہتی ہے، جبکہ موافق موسمی حالات میں اس سے زیادہ پیداوار بھی حاصل کی جاسکتی ہے۔ رپورٹ کے مطابق گزشتہ چند برسوں میں پاکستانی چلغوزے کی چینی مارکیٹ میں طلب میں نمایاں اضافہ ہوا ہے جس کی بڑی وجہ صحت بخش اسنیکس اور اعلیٰ معیار کی درآمدی غذائی مصنوعات میں صارفین کی بڑھتی ہوئی دلچسپی ہے۔ عوامی جمہوریہ چین کی جنرل ایڈمنسٹریشن آف کسٹمز (GACC) کے اعداد وشمار کے مطابق 2023 سے 2025 کے درمیان چین کو پاکستان کے چلغوزہ برآمدات تقریباً دوگنی ہوگئیں۔

تنخواہوں و پنشن میں 10 فیصد اضافے کی تجویز کسی صورت قبول نہیں، آئی ایم ایف کا پنجاب کی ملازمین کو 50 فیصد اور ہاؤس رینٹ، میڈیکل و کنویئنس الاؤنس میں 5 گنا اضافہ کیا جائے

ایک کی بجائے تمام ایڈہاک ریلیف ضم کر کے پے سکیل ریوائز کیے جائیں، چاروں صوبوں کے ملازمین کو 30 فیصد ڈسپیریٹی الاؤنس دیا جائے

لاہور (خبرنگار) آل گورنمنٹ ایمپلائز گریڈ الائنس (آگیگا) پنجاب نے کہا ہے کہ تنخواہوں و پنشن میں 10 فیصد اضافے کی تجویز کسی صورت قبول نہیں، تنخواہوں و پنشن میں 50 فیصد اور ہاؤس رینٹ، میڈیکل و کنویئنس الاؤنس میں 5 گنا اضافہ کیا جائے، ایک کی بجائے تمام ایڈہاک ریلیف ضم کر کے پے سکیل ریوائز کیے جائیں، چاروں صوبوں کے ملازمین کو 30 فیصد ڈسپیریٹی الاؤنس دیا جائے (بقیہ نمبر 1)

لاہور: صوبائی وزیر صحت و ایمرجنسی سروسز پنجاب خواجہ سلمان رفیق اے ڈی پی 2025-2026 کی جاری ترقیاتی سکیموں بارے اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

2026 بجٹ کے بجٹ میں عوام کو حقیقی اور موثر ریلیف فراہم کیا جائے، ضیاء الدین انصاری

آئی ایف ایم کی غلامی میں تیار بجٹ عوام کیلئے ریلیف نہیں مزید مشکلات پیدا کریگا، پٹرول کی قیمت 250 روپے فی لیٹر کی جائے، تنخواہوں اور پنشن میں اضافہ کیا جائے

صحت و تعلیم کے بجٹ میں اضافہ کیا جائے، کاروباری اور بیل اسٹیٹ شعبے کو مزید مستحکم بنایا جائے، امیر جماعت اسلامی لاہور کا بجٹ میں عوام کو ریلیف دینے کا مطالبہ

لاہور (خبرنگار) جماعت اسلامی لاہور کے امیر ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے وفاقی بجٹ 2026 پر اپنے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ آئندہ مالی سال کے بجٹ میں عوام کو حقیقی اور موثر ریلیف فراہم کیا جائے، بصورت دیگر یہ بجٹ مہنگائی کے دباؤ میں مزید (بقیہ نمبر 2)

امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاءالدین انصاری ایڈووکیٹ

عوام کو بہترین ایمرجنسی سروسز فراہم کر رہے ہیں: خواجہ سلمان رفیق

اے ڈی پی 2025-2026 کی جاری ترقیاتی سکیموں کو برق رفتاری سے مکمل کر رہے ہیں

لاہور (خبرنگار) صوبائی وزیر صحت و ایمرجنسی سروسز پنجاب خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت اے ڈی پی 2025-2026 کی جاری ترقیاتی سکیموں بارے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں محکمہ ایمرجنسی سروسز کے متعلقہ افسران نے شرکت کی اور بریفنگ دی۔ ڈایونگ کے ذریعے تمام ڈسٹرکٹ ایمرجنسی افسران اور متعلقہ اسٹیشن وائس ڈی او حضرات نے شرکت کی و بریفنگ دی۔ اجلاس کے دوران جاری ترقیاتی سکیموں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ترقیاتی سکیموں میں ضلع بھکر میں ایئر سٹرپ کی تعمیر، ساہوکھ و ناتھ میں ٹاؤن ریسکیو سٹیشنز کا قیام، ایمرجنسی سروسز میں توسیع و دیگر سکیمیں شامل ہیں۔ ٹاؤن ریسکیو سٹیشنز ساہوکھ کا قیام مریدوالا سندری فیصل آباد، سنہ میلہ، دلا بیر بھکر، نوبیلک

کاہنہ پولیس کا کارروائی، جعلی پیر زیادتی کے الزام میں گرفتار

لاہور (این این) کاہنہ پولیس نے پیمن اٹیلی جنس کی مدد سے کارروائی کرتے ہوئے خود کو پیر ظاہر کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا ہے۔ پولیس ترجمان کے مطابق ملزم فاروق پر الزام ہے کہ اس نے چند روز قبل ایک خاتون کو ورغلا کر سمیہ زیادتی کا نشانہ بنایا۔ ملزم نے کہا کہ وہ خاتون کو اغوا کر کے مبینہ شوہر پر زیادتی کے بعد فرار ہو گیا تھا۔

گندم اور آٹے کی قیمتوں میں بڑا فرق، صارفین شدید متاثر

کریانہ مرچنٹس کا فوری نوٹس کا مطالبہ، آٹے کی قیمت 8 ہزار روپے فی من تک پہنچ گئی

لاہور (ڈیلی این این) شہر میں گندم اور آٹے کی قیمتوں میں نمایاں فرق سامنے آنے پر کریانہ مرچنٹس ایسوسی ایشن نے متعلقہ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق لاہور میں گندم کا زیادہ سے زیادہ ریٹ 4 ہزار روپے فی من بتایا جا رہا ہے، جبکہ بعض مقامی سپلیئرز کا آٹا 7 ہزار 200 سے 8 ہزار روپے فی من تک فروخت کیا جا رہا ہے۔ اسی طرح فجر بی برانڈز کے 5 کلو آٹے کے تھیلوں کی قیمت 1 ہزار روپے تک پہنچ گئی ہے، جس کے باعث عام صارفین پر مہنگائی کا اضافی بوجھ بڑھ گیا ہے۔ کریانہ مرچنٹس ایسوسی ایشن لاہور کے رہنما حافظ محمد عامر نے آٹے کی بڑھتی ہوئی قیمتوں پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ صارفین کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے فوری اور موثر اقدامات ناگزیر ہیں۔

"ویمن یونیورسٹی ملتان میں شعبہ انگریزی کے زیر اہتمام دو پی ایچ ڈی سکالرز کے تحقیقی مقالات کا کامیاب پبلک ڈیفنس"

ملتان (خبرنگار) ویمن یونیورسٹی ملتان میں شعبہ انگریزی کے زیر اہتمام دو پی ایچ ڈی سکالرز کے تحقیقی مقالات کا کامیاب پبلک ڈیفنس منعقد ہوا۔ تقریب میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر سیدہ شاہدہ بتول اور پروفیسر ڈاکٹر سائقہ نازیہ اعوان نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ ترجمان کے مطابق پہلا تحقیقی مقالہ پی ایچ ڈی سکالر سدرہ ناز نے پیش کیا، جس کا عنوان ''نظامی عملی اسنایات کے ذریعے شاہ مکھی پنجابی اور انگریزی زبانوں میں اسم کی عبارت کا کارپس پر مبنی تقابلی تجزیہ'' تھا۔ اس موقع پر سکالر نے بتایا کہ اس تحقیق کا مقصد شاہ مکھی پنجابی اور انگریزی زبانوں میں اسم کی ساخت، اسلوب اور لسانی خصوصیات کا جدید تحقیقی طریقہ کار کے تحت تقابلی جائزہ لینا تھا۔ انہوں نے کہا کہ تحقیق کے دوران کارپس ہیڈ اپروچ اور نظامی عملی اسنایات کے اصولوں کو بروئے کار لاتے ہوئے دونوں زبانوں کے نحوی و معنوی پہلوؤں کا تفصیلی مطالعہ کیا گیا، جس سے اسنایات کے (بقیہ نمبر 4)

لاہور ہائی کورٹ نے اندراج مقدمہ اپیل نمٹا دی

لاہور (ڈیلی این این) لاہور ہائی کورٹ نے اندراج مقدمہ سے متعلق دائر انٹرا کورٹ اپیل نمٹاتے ہوئے معاملہ ڈی پی او جھنگ کو بھجوا دیا ہے اور ہدایت کی ہے کہ درخواست کا میرٹ پر جائزہ لے کر قانون کے مطابق فیصلہ کیا جائے۔ جسٹس شرام سرور چہدری کی سربراہی میں دو رکنی بینچ نے محمد عرفان رضا کی جانب سے دائر انٹرا کورٹ اپیل پر سماعت کی۔ اپیل کنندہ نے مشکل بینچ کے اس فیصلے کو چیلنج کیا تھا جس کے ذریعے جسٹس آف پیس کا اندراج مقدمہ کرانے کا حکم کالعدم قرار دیا گیا تھا۔ سماعت کے دوران پنجاب حکومت کی جانب سے ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل الخاطف احمد خواجہ عدالت میں پیش ہوئے۔

پنجاب میں ٹوکن ٹیکس نادہندگان کے خلاف سخت کارروائی کا فیصلہ

10 لیمہ جرمانے اور گاڑیوں کی بندش، خصوصی مہم مالی سال کے آخری ماہ میں شروع ہوگی، ترجمان

لاہور (ڈیلی این این) محکمہ ایکسائز، ٹیکسیشن اینڈ ٹرانسپورٹ کنٹرول پنجاب نے ٹوکن ٹیکس اور دیگر ٹیکسوں کی وصولی کے لیے صوبہ بھر میں سخت کارروائیوں کا فیصلہ کر لیا ہے۔ ڈی جی ایکسائز محمد ثمیر بخش نے ہدایت کی ہے کہ ٹوکن ٹیکس نادہندگان کو فوری طور پر واجبات ادا کریں

اسلام آباد، نیشنل پولیس اکیڈمی کے اپ گریڈیشن پراجیکٹ پر کام تیز

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا نیشنل پولیس اکیڈمی اسلام آباد کا دورہ، اکیڈمی کو معیار وار اثاثوں کی فراہمی کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل پولیس اکیڈمی کے اپ گریڈیشن پراجیکٹ پر کام تیزی سے جاری ہے، ایلیٹ ٹریننگ سکول میں رہائشی ٹاور 80 فیصد، جاگنگ ٹریک اور اسٹیڈیم 70 فیصد کام مکمل کر لیا گیا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے نیشنل پولیس اکیڈمی اسلام آباد کا دورہ کیا اس موقع پر وزیر داخلہ محسن نقوی نے ذرائع ابلاغ سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اس کارروائی کو تیز تر کرنے کا احکامات جاری کر دیئے گئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق نیشنل پولیس اکیڈمی کے اپ گریڈیشن پراجیکٹ سے متعلق جائزہ اجلاس ہوا۔

پی آر اے کی کارروائیاں، ٹیکس چوری پر متعدد مرکز سیل اور ریکارڈ ضبط

لاہور اور راولپنڈی میں ریسٹورنٹس، کلینکس اور فوڈ چینز کے خلاف انفورسمنٹ اقدامات

لاہور (ڈیلی این این) پنجاب ریونیو اتھارٹی (پی آر اے) کی انفورسمنٹ ٹیموں نے ٹیکس کی عدم ادائیگی اور پی او ایس مشین نہ رکھنے پر مختلف کاروباری مراکز کے خلاف کارروائیاں کی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق لاہور، راولپنڈی اور دیگر شہروں میں ریسٹورنٹس، بیوٹی سیلونز، میڈیکل کلینکس اور دیگر سروس سیکٹر یونٹس کا معائنہ کیا گیا، جہاں متعدد خلاف ورزیاں سامنے آئیں۔ انفورسمنٹ ٹیموں نے لاہور میں ایک معروف فوڈ چین کے خلاف ٹیکس ادائیگی میں مبینہ خرد برد پر کارروائی کرتے ہوئے اس کا ریکارڈ قبضے میں لے لیا، جبکہ راولپنڈی میں سٹرلیکس کی عدم ادائیگی پر پانچ عمارتوں کو سربمہر کر دیا گیا، پی آر اے ترجمان کے مطابق ٹیکس چوری کی روک تھام کے لیے پی او ایس سسٹم کے تحت رسیدوں کا اجراء لازمی قرار دیا گیا ہے۔

لاہور: موٹر سائیکل سوار شہری ہیلمٹ پہنے جا رہے ہیں جبکہ قانون کے محافظ بغیر ہیلمٹ اور بغیر نمبر پلیٹ موٹر سائیکل پر جا رہے ہیں

لاہور بورڈ داخلہ فارم پیپر لیس کرنے کی تجویز، طلبہ کو بڑی سہولت متوقع

میٹرک وانٹر داخلہ فارم مکمل آن لائن کرنے سے وقت اور اخراجات میں کمی ہوگی، ذرائع

لاہور (ڈیلی این این) لاہور بورڈ کے تحت امتحانات میں شرکت کرنے والے لاکھوں امیدواروں کے لیے بڑی سہولت متوقع ہے، جس کے تحت داخلہ فارم جمع کروانے کے موجودہ طریقہ کار مکمل طور پر پیپر لیس بنانے کی تجویز سامنے آگئی ہے۔ ذرائع کے مطابق اس وقت لاہور بورڈ کے تحت ہر سال تقریباً 6 لاکھ امیدوار میٹرک جبکہ 5 لاکھ سے زائد امیدوار انٹرمیڈیٹ کے امتحانات میں شرکت کرتے ہیں۔

راوی شہر میں کمرشل واجبات کی عدم ادائیگی پر آپریشن، دفاتر سیل

روڈ ٹیم کی کارروائی، متعدد کاروباری مراکز اور ٹیکٹوٹ ہال سربمہر، ترجمان

لاہور (ڈیلی این این) راوی شہر میں کمرشل واجبات کی عدم ادائیگی کے خلاف بڑے پیمانے پر آپریشن کیا گیا، جس کے دوران متعدد کاروباری مراکز، دفاتر اور ایک ٹیکٹوٹ ہال کو سربمہر کر دیا گیا۔ شعبہ ڈیولپمنٹ اینڈ بلڈنگ کنٹرول کی زیر نگرانی ڈپٹی ڈائریکٹر راوی ارین ڈیولپمنٹ اتھارٹی (روڈا) نے کارروائی کرتے ہوئے ناہنگان کے خلاف تحت اقدامات کیے۔ آپریشن کے دوران بلال ٹیکٹوٹ ہال اور خان اسٹیٹ ایڈووائز کونسل کو ریفر کیا گیا، جبکہ ناہنگان کی غیرت میں شامل حق باہو ریسٹ اسٹیٹ کا دفتر بھی بند کر دیا گیا۔ انتظامیہ کے مطابق یہ کارروائی کمرشل واجبات کے طویل عرصے سے عدم ادائیگی پر کی گئی ہے تاکہ واجبات کی وصولی یقینی بنایا جا سکے۔

پولٹری فیڈ پر فرد ٹیکس ختم، صنعت کا عدالتی فیصلے پر خیر مقدم

وفاقی آئینی عدالت نے پولٹری فیڈ مینوفیکچرز پر اضافی ٹیکس غیر قانونی قرار دیدیا

لاہور (ڈیلی این این) پاکستان پولٹری ایسوسی ایشن نے وفاقی آئینی عدالت کے تاریخی فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے ملکی پولٹری صنعت کے لیے ایک بڑی کامیابی قرار دیا ہے۔ پاکستان پولٹری ایسوسی ایشن کی قیادت، جس میں چیئرمین عبدالباسط، سینئر وائس چیئرمین غلام خالق اور وائس چیئرمین ملک محمد شریف شامل ہیں، نے فیصلے کو پولٹری صنعت کی پائیدار ترقی کی جانب ایک اہم استحکام کی ضمانت قرار دیا ہے۔ پاکستان پولٹری ایسوسی ایشن کی قیادت، جس میں چیئرمین عبدالباسط، سینئر وائس چیئرمین غلام خالق اور وائس چیئرمین ملک محمد شریف شامل ہیں، نے فیصلے کو پولٹری صنعت کی پائیدار ترقی کی جانب ایک اہم سنگ میل قرار دیا ہے۔ کہا کہ یہ فیصلہ پولٹری صنعت کے لیے ایک بڑی کامیابی ہے اور اس سے پولٹری صنعت کی پائیدار ترقی کی جانب ایک اہم قدم اٹھایا گیا ہے۔ پاکستان پولٹری ایسوسی ایشن کا مزید کہنا ہے کہ پولٹری سیکٹر ملک میں سستے اور معیاری حیاتی پروٹین کی فراہمی اور غذائی تحفظ میں بنیادی کردار ادا کر رہا ہے۔ جسٹس عامر فاروق اور جسٹس محمد کریم خان آغا پر مشتمل بینچ نے اپنے فیصلے میں لاہور ہائی کورٹ کے ساتھ فیصلے کو کالعدم قرار دیتے ہوئے واضح کیا کہ سیلز ٹیکس ایکٹ 1990 کی دفعہ 3 کے تحت پولٹری فیڈ تیار کرنے والے اداروں پر چار فیصد ''فرد ٹیکس'' عائد نہیں کیا جا سکتا۔

منصفانہ، شفاف اور خامیوں سے پاک ٹیکس نظام لایا جائے: خادم حسین

فضول خرچیاں روک کر صرف انتہائی ناگزیر آپریشنل اخراجات بجٹ کا حصہ بنائے جائیں

امید ہے بجٹ کاروبار، صنعت دوست، معیشت کی حقیقی ضرورت سے ہم آہنگ ہوگا، بیان

لاہور (ڈیلی این این) فاؤنڈرز گروپ کے سرگرم رکن، پاکستان سٹون ڈیپلپمنٹ کمیٹی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے رکن، سینئر نائب صدر فرنڈ پور روڈ اور سابق ممبر لاہور چیمبر آف کامرس خادم حسین نے کہا ہے کہ وفاقی اور صوبوں کے ٹیکسیشن کے نظام کی وجہ سے اس وقت چار الگ نظام ہیں جس کی وجہ سے انتظامی پیچیدگی بن گئی ہے، ایک ایسا منصفانہ، شفاف اور خامیوں سے پاک ٹیکس نظام لایا جائے جو چوروں کو پکڑنے اور ایماندار ٹیکس دہندگان پیدا کرنے کا حوصلہ رکھتا ہو۔ آئندہ بجٹ میں فضول خرچیاں روک کر صرف انتہائی ناگزیر آپریشنل اخراجات بجٹ کا حصہ بنائے جائیں اور

تصویر: ڈپٹی کمشنر آصف رضا بوسٹیکشن پر ٹیکنیکل بارے اہم جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

حکومت بجٹ کو حقیقی معنوں میں عوام دوست بنائے: جے یو آئی (س)

حکومت کی بجٹ میں سب سے زیادہ توجہ کم آمدنی والے طبقے کو ریلیف دینے پر ہونی چاہیے

لاہور (ڈیلی این این) جمعیت علما اسلام (س) لاہور کے امیر مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین، امیر مولانا عبد العلیم بخش، ناظم اعلیٰ مولانا ایوب خان، ڈپٹی سیکرٹری انتظیمی، ناظم اعلیٰ مولانا محمد ممتاز، مولانا توقیر عباس سمیت دیگر رہنما ؤں نے اپنے مشترکہ حکومت بجٹ کو حقیقی معنوں میں عوام دوست بنائے، حکومت کی بجٹ میں سب سے زیادہ توجہ کم آمدنی والے طبقے کو ریلیف دینے پر ہونی چاہیے۔

سی سی پی او لاہور کا محرم سکیورٹی پلان، سخت اقدامات کی ہدایت

بلال صدیق کمیانہ کا روٹس، روف ٹاپ ڈیوٹیاں، ٹریفک پلان اور اس ویز پر سختی سے عملدرآمد کا حکم

لاہور (ڈیلی این این) سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ کی زیر صدارت سپیشل سٹی پولیس ہیڈ کوارٹرز میں محرم الحرام کی سکیورٹی انتظامات سے متعلق اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع میں امن و امان کے قیام اور مجموعی سکیورٹی پلان کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ سی سی پی او لاہور نے کہا کہ امور پولیس محرم الحرام کے دوران قیام امن کے لیے پوری طرح الرٹ اور متحرک رہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ شرکے حساس مقامات، فلیش پوائنٹس اور ہائے اسپائس کی نگرانی کو موثر بنایا جائے، ناکوں پر ہائے اسپائس کی نگرانی کو موثر بنایا جائے، اجلاس میں ڈی آئی جی (آپریشنز) اور ایس پی (سکیورٹی) نے محرم الحرام کے دوران سکیورٹی پلان اور حساس مقامات سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔

لاہور میں گرمی کی شدت میں اضافہ، درجہ حرارت 39 ڈگری تک جانے کا امکان

ہوائیں کم رفتار سے چل رہی ہیں، نمی 28 فیصد ریکارڈ، آئندہ گھنٹے بھی گرم رہیں گے، محکمہ موسمیات

لاہور (ڈیلی این این) صوبائی دارالحکومت لاہور میں گرمی کی شدت میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے جبکہ موسم گرم اور خشک رہنے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق شہر کا موجودہ درجہ حرارت 38 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا ہے، جبکہ آج زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 39 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے بتایا کہ کم سے کم درجہ حرارت 29 ڈگری سینٹی گریڈ رہنے کی توقع ہے، جبکہ آج بارش کا کوئی امکان موجود نہیں۔ اعداد و شمار کے مطابق شہر میں ہوائیں 3 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے چل رہی ہیں، جبکہ فضا میں نمی کا تناسب 28 فیصد ریکارڈ کیا گیا ہے۔ آئندہ چند گھنٹوں کے دوران موسم گرم اور خشک رہنے کا سلسلہ برقرار رہے گا۔

راجوری میں بھارتی فوجی آپریشن

گیارہویں روز بھی جاری

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر کے ضلع راجوری میں بھارتی فورسز کی عاصر ہے اور عوامی کی کارروائی مسلسل گیارہویں روز بھی جاری رہی، جس کے دوران پونچھ کو ملانے تین کولیوں اور دو دراز دیہاتوں کی آمدورفت بند کی گئی، جس سے مقامی لوگ شدید خوف و دہشت میں مبتلا ہو گئے۔

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
ایڈیٹر صدف الطاف چوہدری
سینئر ایڈیٹر ڈاکٹر محمد احسن محمود
ڈائریکٹر چوہدری عمران شوکت
گروپ ایڈیٹر صداقت جامہ نوری
ایڈیٹر اعماءاللہ قریشی
ڈپٹی ایڈیٹر شہزد نمیاں
لیگل ایڈوائزر بیرسٹر ایڈووکیٹ سید ہارون
بیشنر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 پیس روڈ لاہور سے شائع کیا۔
آفس نمبر 2 بی این پلیکس 8 ایوین روڈ لاہور

غیر قانونی تجارت اور شکار درجنوں کالے تیتر زبازیاب 2، ملزم گرفتار

تیتر ظبی معائنے کی بعد قدرتی ماحول میں آزاد کر دیے جائیں گے دونوں ملزمان کو جرمانہ

لاہور (ڈیلی این این) سینئر وزیر مریم اورنگ زیب کی زیر قیادت محکمہ جنگلی حیات و پارکس پنجاب میں وائلڈ لائف کی غیر قانونی تجارت اور شکار کی روک تھام کیلئے صوبہ بھر میں بلا امتیاز کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے اور ایسی ہی وقتف کارروائیوں کے نتیجے میں وائلڈ لائف ریجنز سالٹ رینج اور وائلڈ لائف کی غیر قانونی تجارت اور شکار پر دو ملزم گرفتار

لاہور: خانہ بدوش قبیلی بغیر حفاظتی تدابیر کے موٹر سائیکل رکشے پر سوار ہو کر اپنی منزل کی جانب گامزن ہے

یونیورسٹی آف ایجوکیشن میں طلبہ کے فن پاروں کی شاندار نمائش کا انعقاد

بی ایف اے تھیسس نمائش میں سو سے زائد تخلیقی منصوبے، بڑی تعداد میں شرکت

لاہور (ڈیلی این این) یونیورسٹی آف ایجوکیشن، لاہور کے شعبہ تاریخ بفنون اور لطیفی ورثہ کے زیر اہتمام بی ایف اے تھیسس نمائش 2026ء کیمپس ٹاؤن شپ اور لوئر مال کیمپس میں کیا گیا، جس میں فارغ التحصیل طلبہ کے سو سے زائد تخلیقی اور تحقیقی فن پارے پیش کیے گئے۔ نمائش کا افتتاح یونیورسٹی آف ایجوکیشن کے (بقیہ نمبر 5)

پنجاب لوکل گورنمنٹ بورڈ میں 13 ملازمین کی ترقی

7 سپرنٹنڈنٹس اور 6 سینئر کلرکس کو DPC سفارشات پر ترقی دے دی گئی

لاہور (ڈیلی این این) پنجاب لوکل گورنمنٹ بورڈ طارق مسعود فاروقہ نے باقاعدہ پروموشن نوٹیفکیشن جاری کیے۔ ڈائریکٹر فنانس لوکل گورنمنٹ بورڈ عبدالغفار ویس کی سربراہی میں منعقدہ DPC اجلاس میں ترقیوں کی سفارشات مرتب کی گئیں۔ بعد ازیں ڈی پی او لاہور کی سفارشات پر 13 ملازمین کی ترقی کے احکامات جاری کر دیے گئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق سیکرٹری لوکل گورنمنٹ محمد احسان کی منظوری کے بعد سینئر کلرک محمد خالد کو سپرنٹنڈنٹ، جبکہ اس میں کلرکس محمد فیاض، صدف الطاف، محمد ارشد، محمد عمران، محمد عمیر، محمد عمیر، محمد عمیر